اولیاء کے قدموں پہ تھوڑی دیر کے لئے رکھا بعد
ازاں یہ حیدر کرار ثانی اس پاک مقام سے اپنا قدم
باہر رکھا اور بلند آواز سے فرمایا اے میرے خویش
و اقارب اے میرے اپنے اور پرائے یہ تمہارا حیدر
اس درگاہ عالی سے جو کچھ اصل ہے لئے جا رہا ہے اور
جو بے اصل ہے تمہارے لئے چھوڑ دیا ہے، اگر تم لوگ
عقل و ہوش رکھتے ہو تو اس کو اس جگہ چھوڑ دو اور
اس کی حفاظت کرو۔ القصہ چند دنوں تک بغداد
فیض آباد کے گلی کوچہ میں ایسی ہی ندا کرتے رہے
پھر وہاں سے سفر کا مصمم ارادہ کیا تیار ہو کر بغداد
شریف سے نکلے۔ اثنائے سفر میں ہر وقت ہر جگہ
مختلف قسم کے عجائبات و غرائبات کا مشاہدہ فرمایا۔
خشکی و تری کے تمام راستے جہاں آج تک بنی آدم
میں سے کسی کا گذر نہیں ہوا۔ بلکہ کان تک نہیں سنے
ان مقامات سے آپ گذرتے رہے، ان قسم قسم
کے عجائبات و غرائبات جن کا آپ نے مشاہدہ و معائنہ

ازانجملہ بلکہ عشرِ عشیرے و نصر نصیبرے ازاں بطریق تیمناً و تبرکاً بر حکم سید الخاص و العام شاہ عالی مقام سیدنا و مولانا حضرت شاہ درویش بروفق طبع در قلم آورد، امید از درگاہِ عالی آنحضرت چناں میدارد کہ نظر بر عبارتِ پُر خسارت ایں بے بضاعتہ نہ نہند، عجائب و خوارقات را در نظر آرند۔

فرمایا۔ اس کا عشر عشیر سید خاص و عام شاہ عالی مقام سیدنا و مولانا حضرت شاہ درویشؒ کے حکم پر حسب طبع قلمبند کیا۔ آپ بزرگوار کی بارگاہِ عالی سے بندۂ بے بضاعت اُمید وار ہے کہ اس عبارتِ پرُ خسارت پر توجہ نہ فرماتے ہوئے عجائبات و خوارقات کو مرکز نظر بنائیں گے۔

الحمدللہ "خوارق حیدریہ" کی تمہید پایۂ تکمیل کو پہنچی انشاءاللہ آئندہ سال اس کی دوسری قسط جو خوارقات پر مشتمل ہے لیکر بزم اللطیف میں حاضر ہونے کی سعادت حاصل کروں گا۔

وما توفیقی الا باللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خوارق حیدریہ

ترجمہ
از
افضل العلماء جناب مولوی
پی محمد ابوبکر صاحب ملیباری قمری
استاذ دار العلوم لطیفیہ
مکان حضرت قطب ویلور
قدس سرہٗ العزیز

الحمد للہ والمنہ ایک نادر و نایاب کتاب "خوارق حیدریہ" کی دوسری قسط جو پہلے اور دوسرے خرقہ پر مشتمل ہے مفہوم خیز ترجمہ کے ساتھ پیش کی جا رہی ہے، مذکورہ کتاب مستطاب حضرت مولانا سید شاہ حیدر ولی اللہ نبیرۂ قادری قدس سرہ العزیز کے حیرت انگیز و ولولہ انگیز خوارق پر مشتمل ہے جو شروع سے آخر تک دلچسپ و مؤثر اور پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے انشاء اللہ "خوارق حیدریہ" کے خرقے سلسلہ وار آئندہ قسطوں میں ھدیۂ ناظرین ہوتے رہیں گے۔

پی۔ محمد ابوبکر ملیباری قمری

روایت ہمائے نشر پرواز اندیشۂ آں شاہ سرفراز در فضائے خاطر پاک و دل ادراک چناں پر و بال زدنی گرفت کہ ایں زمانہ ہست ناہنجار و دوریست ناساز گار، اغلب مردان دروں خود را از جادہ طلبی و حق شناسی دُور اندر ورطۂ طلب الدنیا جیفة وطالبها کلاب افتادہ اندیشہ دریغ باشد کہ حیدر اوقات عزیز خود را درمیان ایں ناکساں ضائع کند۔ و از طعام و شراب ایشاں بکار برد، بمقالات بے ہودہ ولایعنی ایشاں مشغول باشد۔ پس ہماں بہتر کہ رخت در گوشۂ کہ در انجا ہیچ نشانے از آدمی و آدمی زادگان یافتہ نشود و بردہ نفس را از طعام و شراب و نعمتہائے شک آمیز بکلی باز دارد و چندروز خوردنی و نوشیدنی او را مغلوب کند

روایت ہے کہ شاہ سرفراز کی فکر ہُما پرواز نے ضمیر و دل کی فضائے بسیط میں اپنے بال و پر کو یوں مارنا شروع کیا کہ یہ زمانہ خراب اور وقت ناساز گار ہے۔ اکثر و بیشتر لوگ اپنے قلب و باطن کو تلاش راہِ حق اور خدا شناسی سے دُور کرتے ہوئے مُردار دنیا کی محبّت کے بھنور میں غرق کردیے ہیں، حیدر کے لئے افسوس کی بات ہوگی کہ وہ بھی اپنے عزیز اوقات کو ان ناکسوں کے درمیان ضائع کرے اور ان کے کھانے پینے کی اشیاء کو استعمال کرے اور ان کی بیہودہ و لایعنی گفتگو میں مشغول رہے۔ لہٰذا بہتر یہی ہے کہ کسی ایسے مقام کا سفر اختیار کیا جائے کہ جہاں آدمی اور آدم زاد نہ ہو۔ وہاں جاکر نفس کو کھانے، پینے اور مشکوک نعمتوں سے پوری طرح باز رکھا جائے چند دن تک کچھ نہ کھانا اور پینا اس کو مغلوب کرکے رکھ

او ہمیں اندیشۂ قطع راہ کردن گرفت، دریں اثنأ درختے دید درمیان بادیہ ضرر و دراز کہ بداں صفت موصوف بود بلند و بالا راست قد کہ شاخش بالائے چرخ بریں و بیخش برسر شاخ گاؤ زمین بجستی کہ طول و عرض شاخ و تنہ آواز و رع افزوں و بالائے آں جائے وسیع و فراغ و موزوں۔ شاہ را از آں جائے وسیع بغایت خوش آمد از یں عزم و عہد بالائے درخت سوار شد و گوشہ آں بر یک شاخے ماوا و مسکن خود اختیار فرمود و لوح دل پاک را از اندیشۂ ماسوی المحبوب محو کرد، بفراغت و جمعیت تمام در انجا نشست۔ چوں چند بریں برآمد ناگاہ آواز پر زدن جانورے در گوشش رسید، نظر بالا کرد دید در ہوائے مرغ عظیم و جسیم در طیرانست و در چنگل او حمل گراں بار بود کہ از جامہ سفید مربع و عقد محکم بر وزدہ و در چنگل دیگر مشکے پُر آب آویختہ شدہ، ناگاہ بر شابے پر زدن گرفت و خود را در خدمت آنسرور رسانید و آں حمل گراں بار و مُشکے پُر آب پیش آں حضرت رہا کرد و باز از انجا پریدن آغاز کرد۔ شاہ ذیجاہ از دست مبارک چوں آں عقد حمل مذکور باز کرد، دید کہ در و قند اعلیٰ و سپید و کباب بریاں و دانہائے ارز بریاں کہ بھندی بھوا می گویند موجود ست

دیگا۔ آپ اسی خیال میں راہ طے کرتے ہوئے چلے جا رہے تھے کہ اسی اثناء بیچ جنگل میں ایک بہت بڑا درخت دکھائی دیا جس کی شاخیں آسمان سے باتیں کر رہی تھیں اور جڑ تحت الثریٰ تک پہنچی ہوی تھیں۔ اس کا طول و عرض اور اس کا تنہ و شاخ پھیلے ہوے تھے۔ اس کے اوپر ایک وسیع کشادہ اور موزوں و مناسب جگہ تھی۔ حضرت کو وہ کشادہ جگہ بہت اچھی اور بھلی معلوم ہوی۔ اسی عزم دارادہ کے ساتھ درخت پر چڑھ گئے اور ایک گوشۂ شاخ میں اپنا مسکن بنالیا اور قلب مقدس کی تختی سے ماسوائے محبوب کے خیال کو مٹاتے ہوے فراغت و جمعیت خاطر کے ساتھ وہاں بیٹھ گئے۔ جوں ہی تھوڑی دیر گذری آپ کے کان میں کسی جانور کے پر مارنے کی آواز سنائی دی اُوپر نظر کی تو دیکھا کہ ایک بڑا جسیم پرندہ فضا میں پرواز کر رہا ہے۔ اس کے ایک چنگل میں سفید کپڑے میں لپیٹی ہوی اور گھاٹی لگی ہوی چوکونی گٹھڑی ہے اور دوسرے چنگل میں پانی سے بھرا ہوا ایک مشکیزہ لٹک رہا ہے۔ پھر اچانک اس پرندے نے زور زور سے اپنے پروں کو حرکت دینا شروع کیا اور پانی سے بھرا ہوا مشکیزہ اور وزن دار گٹھری کو حضرت کی خدمت میں لاکر رکھتے ہوے وہاں سے اڑ گیا۔ شاہِ ذی جاہ نے اپنے مبارک ہاتھوں سے اس گٹھری کی گرہ کھولی اور دیکھا کہ اس میں اعلیٰ قسم کی سفید مصری، تلے ہوے کباب اور تلے ہوے چاول کے دانے جسکو بھندی میں "بھوا"

از دل الیقین منزل معلوم فرمود کہ ایں از کجا آمد،
پس تناول کردن گرفت و بعد از تناول آبے، کہ
دراں مشک بود نوش کرد۔ آبے یافت بغایت بامزہ
و شیریں بلکہ آبے بود از جوئے بار فیہا انہار
من ماء غیر آسن، پس شکر حق بجا آورد و
اندیشہ کرد کہ حیدر چند روز بر سر ایں درخت
دریں بادیہ کہ ہیچ نشان افراد آدمی و آدمیاں نیابد
و از طعام و شراب بکلی احتراز نماید، نشستہ نفس
را ادبے نماید و رام کند فاما حق تعالیٰ نمی خواہد، کہ
حیدر بایں تکلیف مکلف شود۔ پس یقین است کہ چند روز
دریں جا اقامت کنم۔ وقت بوقت قسمت ما بدیں منوال
دریں حال خواہد فرستاد و بطریق وظیفہ و معتادہ
ہر روز فراموش نخواہد کرد۔ پس ایں روش ہم از
قاعدۂ توکل دور است بجرد اندیشہ از انجا برخاست و
بسر زمین قدم در پیش نہاد۔

کہتے ہیں موجود ہیں۔ آپ نے یقین قلب کے ساتھ جان لیا کہ
یہ چیزیں کہاں سے آئی ہیں۔ لہٰذا اس کو کھانا شروع کیا۔
تناول طعام کے بعد مشکیزہ کے پانی کو نوش فرمایا جس کو آپ
نے بہت ہی مزیدار اور میٹھا پانی محسوس کیا۔ گویا وہ باغ
جنّت کی میٹھی نہر کا پانی تھا۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کا بے انتہا
شکر بجا لایا اور غور کرنا شروع کیا کہ حیدر تو اس جنگل و
بیابان میں، جہاں انسانوں کا نام و نشان تک نہیں ہے
اس درخت پر بیٹھکر کچھ دن کے لئے پوری طرح کھانے پینے
سے پرہیز کرتے ہوئے نفس کو مطیع اور ادب سکھانا چاہتا ہے
لیکن حقتعالیٰ انہیں چاہتا ہے کہ حیدر کو ایسی تکلیف سے دوچار
کرے۔ یہ یقین ہے کہ اگر چند دن اسی جگہ قیام کروں تو وقتاً
فوقتاً میرا حصہ اسی طرح اس حال میں آتا رہے گا اور حسب عادت
اللہ تعالیٰ کسی دن فراموش نہیں کریگا۔ یہ روش اصول توکل
کے خلاف ہے۔ اتنا خیال آنا ہی تھا کہ اس جگہ سے اٹھے
اور زمین پر اُتر آئے۔

بقیۂ صفحہ ۴۶

وہ داستاں جو امانت ہے دل کے داغوں میں — کہوں تو چاند ستاروں کو نیند آجائے

یہ چند کلمات اگر ایک طرف عظمت رسول ؐ کو اجاگر کرتے ہیں تو دوسری طرف اکتساب فیض کی دعوت بھی دے رہے ہیں۔ اس لئے کہ خدا کی معرفت اسی نور کی روشنی میں ممکن ہے۔ خدا کی مستند تعریف وہی ہے، جو اس کے رسول نے بیان فرمائی۔ رسول کا تصور خدا ہر لغزش سے پاک ہے۔ آفتاب رسالت سے ہٹ کر صراط مستقیم کی تلاش عبث و بیکار ہے۔ خدا ہمیں اس نور کی شعاعوں سے فیضیاب کرے۔ آمین

تو مری رات کو مہتاب سے محروم نہ کر — ترے پیمانے میں ہے ماہ تمام اے ساقی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دوسرا خرقہ شاہ بزرگوار کا ایک ندی کے کنارے پہنچنا، جہاں ماہی گیر مچھلی پکڑ رہے تھے- آپ کا ان سے مچھلی طلب کرنا اور ان ماہی گیروں کا آپ کو مچھلی نہ دینا، جس پر آپ کا غصہ میں آجانا

روزے آں بدر سریع السیر در اثنائے سیر بجوی رسید کہ آبش از صفا رشک آئینہ چیں و در شیرینی ہم چوں چشمۂ عین و بر لب آں دید کہ چند افراد ماہی گیران دام دراں انداختہ صید ماہی میکنند و دام پر ماہی کشاں کشاں بدر می آرند- قضا را شاہ را گرسنگی غالب بود- پیش ایشاں رفت و طلب ماہی نمود- ہمہ جواب دادند کہ ای درویش ساعتی صبر کن کہ ایں بار دام در آب می اندازیم- از قسمت تو ہر چہ کہ در دام بیاید بہ تمام و کمال ترا عاید باشد ہمہ پیش کش خدمت عالی تو نمائیم- چوں شاہ بشنیدن ایں تقریر قبول فرمود صیاد دام مالا مال و لبالب ہزار ماہیان خورد و بزرگ بیروں آورد- شاہ برپائے خواست و قسمت خویش از و درخواست- صیاد حریص کہ گردنش مبتلائے دام حرص بود، و ماہی دلش از قعر طمع گاہے بر نیامدہ بود کہ ایں کرت دام از یمن قسمت آں صیاد دریائے وحدت لبالب و مالا مال ہست، دل ناپاکش رضا نداد کہ بر حکم الکریم اذا وعد وفا پیشکش آنحضرت نماند- پس وعدہ کرت

وہ تیز رفتار بدر کامل اثنائے سفر میں ایک ندی پر پہنچا جس کے پانی کی صفائی اور پاکیزگی آئینۂ چین کے لئے رشک آور تھی، اور جسکی حلاوت و مٹھاس آبحیات کی طرح تھی- وہاں آپ نے چند ماہی گیروں کو دیکھا کہ ندی میں جال پھینک رہے ہیں اور کشاں کشاں مچھلیوں سے بھرے ہوئے جال کو باہر نکال رہے ہیں- اتفاقاً شاہ بزرگوار کو بھوک معلوم ہوی- ان ماہی گیروں کے پاس گئے- ان سے ایک مچھلی طلب کی- تمام نے یہ جواب دیا کہ بزرگوار عالی کچھ دیر صبر کیجئے- ابھی ہم پانی میں جال پھینکتے ہیں، آپ کی قسمت سے جال میں جو بھی آئے گا پورے کا پورا آپ ہی کا ہوگا تمام کو آپکی خدمت عالی میں لے آئینگے- شاہ نے یہ بات سنی اور اسکو قبول کر لیا- ماہی گیروں نے ہزاروں چھوٹی بڑی مچھلیوں سے بھرپور اور مالا مال جال کو پانی سے باہر نکالا- شاہ بزرگوار اٹھے اور ان سے اپنا حصہ طلب کیا- یہ حریص ماہی گیر جسکی گردن حرص و آز میں گرفتار تھی اور جسکے دل کی مچھلی حرص و طمع کی پنہائی سے کبھی باہر نہیں آئی تھی، جبکہ اس بار اسی بزرگ کی قسمت ہی کی برکت سے جو دریائے وحدت کا ماہی گیر اور اس سے بھرپور و مالا مال ہے یہ چیز حاصل ہوی تھی اس کا ناپاک دل مچھلی دینے پر آمادہ نہوا- الکریم اذا وعد وفا کے

دوّم انداخت وگفت ای درویش قناعت کیش خدا اندیشں ایں کرت مُعاف فرما وباز ساعتی توقف کن کہ اینک دام در آب اندازیم، از قسمت تو باز ہرچہ در آب یابد خواہ خورد خواہ بزرگ خواہ تہی خواہ پُر عزم کلی و قصدِ تمام برآں منفرعست کہ من وعن پیشکش خدمت تو نمائیم، شاہ چوں دید کہ صیاد موذی طمع نہاد دست فرمود کہ نیکو باش۔

صیادؔ باز دام درچند چوں دام فلک بر سر بُرج حوت بر ماہیاں آب فگند وبعد از لحظہ چوں باز کشید دامی دیدش از بیش بر ماہیان بزرگ وبطر و فربہ۔ صیاد چوں دید کہ دام بغایت گراں وثقیل ہست نیت پاک را بہ بدنیتی مبدل گردانید۔ ہیچ التفاتے بشاہ نہ نمود۔ شاہ چوں دید کہ صیاد طمع آباد بر سر مکر و عذر ہست درجذبہ شدہ گفت ای حریص دروغ وعدہ ایں بار دام در آب بینداز و ماہیان بسیار برگیر و بہ بیں کہ شامتِ حرص وبدنیت وعہد شکنی بتو چوں عاید گرد۔ چوں آں دروغ وعدہ نابکار از اں صاحب عزّ و وقار صاحب جدت آثار درگوش گرفت بقہقہہ خنداں شدہ گفت بہ بینم از کرامت ایں درویش تا چہ آید و دام در آب افگند چوں بعد از ساعتے باز کشید غالبا دام پُر ز ماہی

مطابق آپکی خدمت میں مچھلی پیش نہیں کیا، پھر دوبارہ آپ سے وعدہ کیا اور کہا کہ اے خدا ترس قناعت پسند درویش، اب کی بار معاف کیجئے اور کچھ دیر ٹھہرئیے، اب ہم یہ جال پانی میں پھینک رہے ہیں آپکی قسمت سے دوبارہ جو بھی نکلے گا۔ چھوٹی مچھلی بڑی مچھلی بھرا یا خالی جو بھی ہوگا ہمارا کامل ارادہ اور پورا عزم یہ ہے کہ من وعن تمام آپ کی خدمت میں حاضر کردیں۔ شاہ نے ملاحظہ کرلیا کہ ماہی گیر طبعًا حریص ہے، فرمایا کہ اچھی بات ہے۔

ماہی گیر نے دوبارہ دام فلک کو برج حوت، پانی کی مچھلیوں پر پھینکا۔ کچھ دیر بعد جب جال کو کھینچا، تو دیکھا کہ جال میں بڑی بڑی مچھلیاں پڑی ہیں۔ نیز جب دیکھا کہ جال بہت وزنی اور بوجھل ہے اپنی پاک نیت بُری نیت سے بدل دیا اور شاہ کی طرف کوئی توجہ التفات نہ کیا۔ شاہ نے جب یہ دیکھا کہ یہ حریص ماہی گیر مکر و فریب سے کام لے رہا ہے، غصّہ میں آکر فرمایا اے جھوٹے حریص اب کہ جال کو پانی میں ڈال اور خوب مچھلیوں کو پکڑ، دیکھ تیری بدنیتی حرص و عہد شکنی کی شامت تجھ پر کیا آتی ہے۔ وہ جھوٹا نابکار شاہ صاحب بزرگوار کی باتیں سنا اور قہقہہ لگاتے ہوئے کہا، دیکھیں اب اس درویش کی کرامت سے کیا نکل آتا ہے اور جال کو پانی میں پھینکا۔ جب تھوڑی دیر کے بعد دوبارہ کھینچا تو جال مچھلیوں

بود، لیکن کہ نشانے براں زگوشت نبود، غیر چند استخوان و پوست نبود۔ دامی دید پر ماہیان خشک، چوں ہیزم منفعل و شرمندہ و سیاہ رو از پیش آنسرور شد و شاہ ازاں جا بیشتر سر راہ گرفت از مرشد لے مع اللہ سر آں شاہ درویش ولی اللہ آید بقادہ، بار دارم کہ الی الآن ہمچناں بجائے کہ دراں جوی جذبہ از آں سرور بر سر آنعیاذ واقع شدہ دراں جا غیر از چنیں ماہیان، ماہیان تازہ و فربہ یافتہ نمی شود، و بمسافت از انجا ماہیان خوش و فربہ یافتہ می شوند۔

سے بھرا ہوا تھا مگر ان پہ گوشت کا نام و نشان تک نہیں تھا۔ صرف چند ہڈیوں اور کھال کے کچھ نہیں تھا۔ ماہی گیر نے جال کو دیکھا کہ اس میں لکڑی کی طرح خشک مچھلیاں ہیں، بہت شرمندہ اور پشیمان ہو آپ کے پاس دوڑا چلا آیا، جبکہ شاہ پہلے ہی اس جگہ سے بہت آگے بڑھ گئے تھے۔ اس دن سے لے کر آج تک ندی کے جس مقام پر آپ نے غصہ کیا تھا سوائے ان خشک مچھلیوں کے تازہ اور فربہ مچھلیاں نہیں پائی جاتی ہیں۔ البتہ اس مقام سے کچھ دوری پر تازہ اور فربہ مچھلیاں حاصل ہوتی ہیں۔

بقیہ شیخ امام ربانی صفہ ۸۹

ایکمرتبہ شیخ جان محمد جالندھری کے دل میں آیا کہ کاش آپؒ مجھے غوث پاک رضی اللہ عنہ کی زیارت کرا دیں۔ آپؒ انہیں اسی وقت لیکر کھڑے ہوئے اور فرمایا قطب تارا دیکھو۔ انہوں نے دیکھا تو انہیں اس تارے میں سے سیاہ خرقہ پہنے ہوئے حضرت غوث پاکؒ کی سواری نمودار ہوی اور آپ کے سامنے آگئی۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے جھک کر سلام عرض کیا۔ غوث پاک رضی اللہ عنہ، نے فرمایا کہ تم سرہند میں مرجع خلائق ہو۔

حضرت امام ربانی کی جد وجہد اور طریق کار سے بہت کچھ رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں اور اس طریق کار کے لئے ہر جگہ راستہ کھلا ہوا ہے۔ عموماً علماء اور خصوصاً اسلامی ممالک کے لئے احیائے دین کی جد وجہد میں آپ کی رہنمائی کیمیا ثابت ہوگی۔ یہ وہ کیمیا ہے جس سے اس پُر فتن دور میں جو بدعت و خرافات سے بھرا ہوا ہے اسکی بیخ کنی کی جا سکتی ہے۔

دُعا ہے کہ خدا ہمیں آپ کے نقش قدم پہ چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین ——— !

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خوارقِ حیدریہ

از
افضل العلماء مولوی
پی محمد ابوبکر صاحب ملیباری
قمری فاضل لطیفیہ
مدرس دار العلوم لطیفیہ
(مکان حضرت قطب ویلور)

مذکورہ کتاب حضرت مولانا شاہ سید حیدر ولی اللہ نبیرۂ قادری قدس سرہ العزیز کے عجیب و نادر خوارق پر مشتمل ہے۔ اسکی تیسری قسط جو تیسرے خرقہ سے متعلق ہے اس کا خلاصہ مفہوم خیز ترجمہ کے ساتھ ہدیۂ ناظرین ہے۔
قمری

خرقہ سوم: از خوارق آنسرور مشتمل بر رسیدن درمیان سفر بشہر بوزنیگاں و بیانِ آں :-

آں راہ رو منازل صوری و معنوی در سیاحت خود بشہری رسید پُر از بوزنیگان و ساکنانش قوم همدوناں در بزرگی مانند اسپاں در فراست و دانائی چوں انساں و ہم جنس ایشاں درمیان ایشاں بوزنیہ بود صاحب عقل و تمیز او را بپادشاہی خود مقرر داشتہ کہ از صغیر و کبیر مطیع و منقاد حکم او بودند و بر سر او افسر شرف سروری نہادہ ذرہ از حکم او تجاوز روا نمی داشتند و پیر خندی از آدمیاں درمیان ایشاں معیشت یار شدہ زندگانی می گردید بدو زبان سخن میکرد سخن انسان بانسان و تقریر حیوان با حیوان۔ و ایں چنیں کس را در ملک ہند دو باشی میگویند القصہ آں سرور با یکنفر کہتر دراں شہر رسیدہ جائے آسائش اختیار فرمودہ و کمر استراحت بکشود، و از

آپ کے خوارقات میں سے یہ تیسرا خرقہ ہے جو بندروں کے شہر میں جانے اور وہاں کے حالات پر مشتمل ہے۔

وہ صوری و معنوی منازل کے مسافر چلتے ہوئے ایک شہر میں پہنچے جو بندروں سے بھرا ہوا تھا اور اس کے رہنے والے قوم همدوناں تھے، قامت میں گھوڑوں کی طرح اور فراست و دانائی میں انسانوں کی طرح تھے۔ ان میں سے ایک بندر جو صاحب عقل و تمیز تھا اس کو تمام بندروں نے مل کر اپنا بادشاہ بنا لیا تھا۔ ان کا ہر چھوٹا بڑا، جوان، بوڑھا اس کا مطیع و فرماں بردار تھا۔ تمام اس کو اپنا آقا جانتے تھے۔ اس کے سر پہ سروری کا تاج رکھ دئے تھے۔ ریزہ برابر بھی اس کے حکم سے تجاوز نہیں کرتے تھے۔ آدمیوں میں سے ایک خوشحال بوڑھا ان بندروں کے درمیان زندگی گذارتا تھا، وہ دو زبانوں میں بات کرتا تھا۔ انسان کی زبان میں انسانوں سے اور حیوان کی زبان میں حیوانوں سے۔ ایسے آدمی کو ملک ہند میں دو بھاشی کہتے ہیں۔ وہ سرور ایک خادم کے ساتھ اس شہر میں آئے اور ایک جگہ قیام پذیر ہوئے اور راستہ کی مشقت

بخ راه پاره بیاسود، و ساکنان شهر چه از حیوان و
چه از انسان شاه را دیدند که از سفر دور دراز در
شهر خود رسیده طائفه طائفه در خدمت شاه رجوع
می کردند و از هر درے گفتگو می نمودند فصاحت
پناه بر حکم سه حکم فرمود خداوند بر رسول،
کلموا الناس علے قدر عقول
به تقریر دلپذیر که پسند آں دو قوم که عبارت از حیوان
و انسان باشد بیان می فرمود، و هر گاه که شاه لفظے آدمی
نمود پس آں مردم که جمله بهائم بے دم بودند بزبان
آں حیوان گوشگذار قوم حیوان می نمودند و ایشاں
درمیان شاه و آں حیوان بدو زبان گفتگو می نمودند تا
بحدیکه در همه کوئے و بازار و شهر و دیار خبر و انتشار یافت
که مردے خوش خوئی و خوشگوئے تازه روئے حق جوئے
از تگاپوی دریں شهر رسیده و بعد از استماع ایں حرف
هر یک از روئے تعجب جوق جوق بنظارهٔ شاه می رسید
زیرا که دراں شهر حیوانان آباد، هیچ فردے از انسان
یا النادر کالمعدوم می رسید لهذا هر ایک از تعجب
بدیدن شاه می آمد۔ ناگاه ایں همینت اثر بسردار خود
که مخصوص بپادشاهی بود رسانیدند مجرد اصغای
ایں مقال بے اختیار مع چند کساں خادمان از
جنس خویش در خدمت آں معرفت کیش رسید
مجرد که چشمش بر خدا نور آں سرور افتاد۔ شاه دلجوئی
که متخلق با اخلاق الله بود رابطهٔ تعهد و تفقد را

کی وجہ سے تھوڑی دیر آرام فرمایا، شہر کے رہنے والے حیوانوں
اور انسانوں نے جب شاہ کو دیکھا کہ ایک طویل سفر کرتے ہوئے اس
شہر میں پہنچے ہیں تو جماعتوں کی شکل میں آپ کی خدمت میں حاضر
ہوئے اور آپ سے انہوں نے ہر باب پر گفتگو کی۔ فصاحت پناہ
شاہ نے رسول خدا کے حکم کے مطابق ان کے عقلوں
کی مقدار ایک تقریر دلپذیر اس قوم
کے لئے جو حیوان وانسان سے عبارت ہے پسند آئے
بیان کی۔ شاہ کی زبان سے جو بھی لفظ نکلتا تھا وہ
آدمی اپنی زبان میں ترجمہ کرکے اس قوم کے گوشگذار
کرتا اور یہ شاہ اور ان حیوانوں کے ساتھ دونوں زبان
میں باتیں کرتا تھا۔ یہاں تک کہ آپ کی تقریر اور بیان
کا چرچا کوچہ وبازار اور شہر و دیار میں ہونے
لگا کہ ایک مردِ خوش کلام خوبصورت حق پرست اس
شہر میں پہنچا ہے۔ اس اعلان کو سننے کے بعد
ہر ایک جوق درجوق آپ کو دیکھنے کے لئے آنے لگا،
کیونکہ اس شہر میں صرف حیوان ہی بسیرا کرتے تھے،
کوئی فرد بشر النادر کالمعدوم کے تحت وہاں پہنچا
تھا۔ لہٰذا ہر ایک تعجب سے دیکھنے لگا۔ جب یہ خبر ان
کے بادشاہ کو پہنچی تو وہ ان باتوں کو سن کر آپ کو دیکھنے
کے لئے بے اختیار طور پر اپنے چند ہم جنس خادموں کے ساتھ
آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ جیسے ہی اس کی نظر آپ کے
چہرۂ پرنور پر پڑی سجدہ ریز ہوگیا۔ شاہ مہربان
نے جو اخلاقِ الٰہی سے آراستہ تھے اس کی دلجوئی کرتے ہوئے

مرعی داشتہ از کمال مکارم پیش خواند' از وحید
آفاق اجازت حاصل کردہ پیش آں سرور بادب تمام
بہ نشست واز ہر در سخنان آغاز نہاد وازاں مردماں
معلوم کہ درمیانِ ایشاں معیشت می گردید وبہر آئینہ بر
دو زبان مطلع بودند سخن شاہ باو تقریرا و بشاہ وانمودند
الغرض بعد از شرف ملاقات ومقالات آں سرور عالم مہتر
بوزنیگاں را تحقیق معلوم شد کہ شاہ مردے کامل و
فاضل در کمالات وفضیلت بے نظیر وبے ہمتا است لحظہ
بہ لحظہ توجہ واعتقاد دربارۂ شاہ زیادہ وبیشتر می شد
غالبا در خلا وملا باندیماں وجلیساں ہم جنس خویش
ذاکر ذکر منقبت آں سرور بود وبطوع دل درکمر اطاعت
بستہ خدمات شایاں وپسندیدہ بظہور می رسانیدند' تا
بحدیکہ قصد تمام وعزم کافی براں متفرع داشت کہ ذاتِ
ہمایوں آں ولی خدای ہیچوں از شہر خود جدا نگردد' و
نقطہ وار در پرکار زمین خود متمکن باشد ہرگاہ شاہ از
صحبت ناجنساں وے دہشت سہ کند جنس باہم جنس
پرواز۔ کبوتر با کبوتر باز باباز۔ ہرگاہ کہ آنسرور رخت
عزمیت بر بارگیر سفر بنہاد' ہرچہ تمام تر با ضطراب باہمجنسان
خود در رسیدے وقاعدۂ خشوع وخضوع آغاز کردہ
چنداں بکار بردے کہ شاہ کمر بند عزیمت سفر بر کشادے
واز راہ روی ومشی باز استادے۔
الغرض شاہ افاضت آیات از مقالات و
ملاقات وحشت سمات ایشاں متنفر ومحترز شدہ راہ

اسکو کمال اخلاق کے ساتھ اپنے سامنے بلایا۔ وہ آپ سے
اجازت حاصل کرکے انتہائی ادب کے ساتھ آپ کے روبرو آیا'
ہر معاملہ پہ گفتگو ہوی۔ وہ لوگ جو اُن کے درمیان تھے اور
دونوں زبانوں کو جانتے تھے آپ کی بات کی وضاحت کی اس سے
اور اس کی بات کی وضاحت آپ سے کئے۔ الغرض شرف
ملاقات کے بعد وہ بندروں کا سردار جان لیا کہ آپ ایک
کامل اور فاضل ہیں۔ اور فضیلت وبزرگی میں بے
مثال وبے نظیر ہیں۔ لحظہ بہ لحظہ شاہ کے بارے
میں بادشاہ کا اعتقاد بڑھتا گیا اور ہمیشہ اپنے ہمنشین
اور وزراء کے درمیان شاہ کا ذکر ہی کرتا رہتا تھا۔
اور خشوع وخضوع کے ساتھ سب شاہ کی خدمت کرنے
کے لئے کمربستہ ہوگئے۔ اور خوشی کے ساتھ آپ کی خدمت
میں پہنچے۔ ان میں سے ہر ایک کی یہی خواہش تھی کہ کسی
صورت بھی شاہ ہمارے اس محدود شہر ہی میں زندگی بسر
کریں اور یہیں ٹھہر جائیں اور ادھر شاہ کی طبیعت
ان ناجنسوں کی وجہ سے ایسی ہوگئی تھی جس کی طرف یہ شعر
مشعر ہے۔ ترجمۂ شعر: جنس جنس کے ساتھ پرواز کرتا ہے'
کبوتر کبوتر کے ساتھ اور باز باز کے ساتھ۔ جب بھی شاہ وہاں سے
سفر کرنے کا ارادہ کرتے تو تمام حیوان مضطرب وپریشان ہوکر آپ
کی خدمت میں خضوع وخشوع کے ساتھ حاضر ہوتے اور آپ کو سفر
کرنے سے روکتے شاہ انکی محبت وانسیت کو دیکھ کر عزم سفر سے باز آجاتے۔
الغرض شاہ نے ان کی وحشت انگیز گفتگو اور ملاقات سے
محترز ومتنفر ہوکر ان سے دُوری اختیار کرلی۔ لیکن کوئی فائدہ

نفرت و دوری در پیش گرفتے ہیچ سودمند نبودے و ہر چند خواستے کہ کبوتر قدسی وار ازیں مکان ناساز وار طیارہ شود میسّر نشدے۔ ہر چند کہ آں سرور جد و جہد نفورانہ بکار برد ہیچ طرف راہ نجات و خلاص رو نہ نمود۔ ناگاہ آثار جذب و غضب بر بشرۂ مبارکش نمایاں و ظاہر شد۔ علت خناق را حکم فرمود کہ اورا در گیرد او ازاں علت معلوم ملول و معلول شد و ہیکل با قوۃ و ثمین او خون بال گشت۔ چناں کہ آثار بقا از لوح وجودش محو شدن گرفت و خود را در پنجۂ ملک الموت اسیر و مبتلا دید۔ چو آں شاہ دانست کہ نظر جذب و غضب خود دمار از روزگار زندگانی خود خواہد برآورد آزاں میاں ایشاں کسے معتمد درگاہ او بود گفتہ فرستاد، اے مبتلائے بلاہی خناق اگر از دل مارا رخصت دہی و بیشتر روانہ کنی عجبے نباشد کہ عاجلاً مدعائے تو بحصول موصول خواہد گردید و بلباس صحت و عافیت ملبوس خواہی شد بمجرد کہ آں مبتلائے آلام و اسقام ایں نوید الہام صحّت تمام ازاں سرور عالی مقام استماع نمود باوجودیکہ طاقت زمین و نشستن و برخاستن در وجود نداشت از بشاشت تمام بستر مرض را پشت پا زدہ برجست و بامید شفا و نوید بقا محنت چندیں روزہ عنا و بلا فراموش کرد ہمو نوقت قانون عہد و قول را بسوگند و پیمان مشید و محکم ساختہ فرستاد۔ چوں آں سرور عالی قدر ایں وعدہ را نشان وفا دید خلعتے در برش از شفا بنہاد و نظرے از صحت برو بکشاد۔ فی الجملہ اعضائے ظاہری و باطنی از شفا قوتی پذیرفت و کوفت مرض از جوارح او بالکل مندفع

نہ ہوا۔ بہت کچھ چاہا کہ کبوتر قدسی کی طرح اس ناموافق جگہ سے اُڑ جائیں، لیکن ہو نہ سکا۔ شاہ نے بہت کچھ جد و جہد کی، مگر انہیں کوئی چھٹکارا اور نجات کا راستہ دکھائی نہ دیا تو اچانک آپ کے چہرۂ مبارک پر جذب و غضب کے آثار نمایاں ہوئے۔ مرض خناق کو حکم دیا کہ اس کو پکڑ لے۔ حیوانوں کا بادشاہ اس بیماری سے رنجیدہ اور دن بدن مریض ہونے لگا۔ قوت و طاقت سب جاتی رہی۔ بال کی طرح باریک ہو گیا۔ زندگی کے آثار ختم ہونے لگے۔ وہ خود کو ملک الموت کے پنجہ میں گرفتار سمجھنے لگا۔ شاہ نے جب یہ جان لیا کہ ہمارا غصہ اسکی ہلاکت کا باعث ہو رہا ہے تو ان میں سے ایک آدمی کو جو اس کی بارگاہ کا معتمد تھا کہلا بھیجا کہ اے مرض خُناق میں مبتلا اگر تو صدقِ دل سے یہاں سے رخصت کر دے تو تعجب نہیں کہ تو بہت جلد اپنے مدعا کو پا لے اور لباس صحت کو زیب تن کر لے۔

جیسے ہی وہ مبتلائے مرض و آلام شاہ عالی مقام کی زبان سے صحّت کی نوید سُنا باوجودیکہ اُسے زمین پر اٹھنے بیٹھنے کی طاقت نہ تھی بھرپور خوشی کے ساتھ بستر مرض کو ٹھوکر لگاتے ہوئے کھڑا ہو گیا اور صحّت کی امید، اور بقا کی خوشی میں اتنے دنوں کی تکلیف و مشقت کو بھول گیا۔

اسی وقت اپنے قول و عہد کو قسم کے ذریعہ مضبوط کرتے ہوئے قاصد کو بھیجا۔ جب وہ سرور عالی قدر نے اس وعدہ کو وفا ہوتے ہوئے دیکھا تو اپنے ہی مقام سے صحت کے خلعت کو اس پر ڈالا اور صحت کی نظر کو اس پر کھولا۔ حاصل الکلام اسکے اعضائے ظاہری و باطنی صحت کی

شدآں گاہ رسم ورسوم شادی بجا آوردہ روانہ خدمت شاہ شد وباہمہ سپاہ از ہمجنسانِ خود پیش پس فوج ملوکانہ آراستہ باتجمل ودبدبۂ شاہی درخدمت شاہِ ذیجاہ درآمد۔ ہمہ یکبارگی سجدات وکورنش بجا آوردند بعدازاں خود از میانِ ایشاں جدائی گزیدہ درخدمت آں سرور رسید اوب بلیغ احوال مرض وشفاء عاجل بیاں نمود۔ دریں اثنا شاہ ذکر رخصت خود درمیان وعدہ اورا وفائے طلب نمود چوں شاہ بوزینگاں ہمچو کہ ذکر رخصت شنید بے اختیار چشمش اشک ریز دخوں بار شد نوع الحاح وعذرہائے بسیار پیش آورد۔ اما ہیچ وجہ مطبوع طبع آنسرورنیفتاد۔ فی الجملہ اشک ریزاں بادلِ سوزاں طوعاً وکرہاً وداع شاہ نمود۔ چوں شاہ از صحبت ناجنساں خودرا درمیان ایشاں ہمچو طوطی درقفس می دید ہمچو کہ حرف رخصت ووداع از زبان او شنید درقفس بارشد ہموں زماں برخاست عزمیت بربست وباخادم معلوم راہ جوئی سفر شد ناگاہ عجبے دیگر شنو ایں مہتر بوزینگاں دخترے داشت کہ درقوم خود بخوبروئے وخوشخوی وجوانے موصوف بود وقتے شاہ کہ داخل شہر ایشاں شد ہموں زماں بیک دیدار مبتلائے دیدار وکردار وگفتار شاہ شد ہر روز از دور نظارہ شاہ میکرد وچوں وقتے کہ شاہ عزم سفررا آمادہ شد آں مادہ ہم اشک حیرت ریزاں چوں عاشق دلسوزاں دنبالۂ شاہ گردید وے برشاہ دراں سفر راہ پیش گرفت ناگاہ شاہ در پس خود نظر فرمود دید کہ ایں بلا درد

وجہ سے طاقت پانے لگے اور اسکے اعضاء سے مرض کی تکلیف بالکل ختم ہوگئی۔ اسی وقت وہ خوشی سے جھومتا ہوا شاہ کی خدمت میں روانہ ہوا۔ اپنے تمام ہمجنس سپاہیوں کے ساتھ آگے اور پیچھے شاہی فوج کو آراستہ کرکے شاہی دبدبہ اور وقار سے خدمتِ ذیجاہ میں پہنچا۔ تمام سجدہ ریز ہوگئے۔ اس کے بعد خود تنہا ان کے درمیان سے جدا ہوکر شاہ کی خدمت میں پہنچا' انتہائی ادب کے ساتھ تمام احوال مرض بیان کیا۔ اسکے درمیان شاہ نے رخصت کا ذکر کرتے ہوئے اسکی وعدہ وفائی پر زور دیا جیسے ہی شاہ بوزینگان رخصت کی بات سُنا تو بے اختیار اسکی آنکھیں اشکبار وخوں ریز ہوگئیں۔ اسی عالم میں آہ وزاری وعذرخواہی بہت کچھ کرتا رہا لیکن شاہ کی طبیعت میں کچھ اثر نہ ہوا فی الجملہ اشک ریز آنکھوں اور دلسوزی کے ساتھ طوعاً وکرہاً شاہ کو رخصت کیا۔ شاہ ان ناجنسوں کی صحبت سے تن تنہا ان کے درمیان مثل ایک طوطی جو قفس میں مقید رہتا ہے حرف رخصت سنتے ہی اسی وقت اٹھے اور ایک خادم سے راہ سفر معلوم کرکے سفر پہ نکلے دوسری ایک عجیب بات سنئے کہ اس بادشاہ بوزینگان کی ایک لڑکی تھی' اپنی قوم میں سب سے زیادہ خوبصورت اور اچھی خصلت والی تھی۔ جسوقت کہ شاہ ذیجاہ ان کے شہر میں داخل ہوئے اسی وقت سے شاہ کی وہ شیدائی ہوگئی تھی۔ آپکے کردار وگفتار وغیرہ کا دُور دور رہکر نظارہ کرتی تھی۔ جب شاہ عازم سفر ہوئے تو وہ لڑکی روتے ہوئے عاشق دلسوز کی طرح شاہ کے پیچھے پیچھے چلنے لگی۔ جب شاہ پیچھے مڑکر دیکھے تو وہ لڑکی پیچھے ہے۔ جانا کہ کیا حالت ہے۔ یہ کیا واقعہ پیش آیا ہے۔ شاہ لاعلاج ہوکر وہیں رُک گئے اور اس سے

بنا لست دانست کہ حال چیست و ایں چہ واقعہ
روی داد ولاعلاج باز استاد، ازاں حال استفسار نمود
بمجرد کہ از حال او پرسان شد، نالہ و سوز و فریاد از نہاد
او برآمد و از دل غمناک و دیدۂ نمناک طومار عشقی باں
سرور خواندن گرفت۔ چوں شاہ ذیجاہ ازیں واقعہ
خبردار شد بغایت فرو ماند و در فلک دور دراز افتاد
الحق بلائے دید کہ ہیچ طور ازاں رہائی ممکن نئے و خلاصی
محال، لاعلاج دراں شہر باز آمد و پدرش ازیں حال
آگاہی داد و بریں واقعہ اطلاع بخشید۔ پس پدر او را
بحضور خود طلبید و از نصیحت ناصحانہ و مواعظات مشفقانہ
زاجر و مانع شد فاما ہیچ سود مند نیفتاد و بر دلِ عاشق او
کارگر نیامد بعد ازاں رجوع در خدمت شاہ کرد و در جناب
ولایت پناہ چناں عرضہ داشت، اے شاہِ ذیجاہ ایں
ضعیفہ ہست دل و جاں را در عشق تو باختہ است
پس او را مہجور و از خود دور مکن۔ پس چارہ و رہائی
و سبب خلاصی خود در ہمیں دید کہ مریدے ہمراہ سواری
خاص بود۔ حکم باو چناں صادر فرمود کہ اے ارادتمند
اگر چہ توجہ و عقیدہ راسخ بما داری پس چند روز بدلِ
من در ینجا ساکن شود، ایں حیوانِ ضعیفہ را کہ مبتلائے
دام عشق ہست ہمسر خود گرداں و بزن شوی و راضی
شود۔ چوں ایں بیچارہ را از حکم پیر چارہ نبود لاعلاج
برآں کار راضی شد۔
آں گاہ شاہ باو آں حیواں را خطبۂ نکاح

پوچھنے لگے کہ کیا واقعہ ہے۔ اس نے رونا پلانا شروع کر دی۔
دلِ غمناک و دیدۂ نمناک لئے ہوئے اس نے شاہ
کو اپنے عشق کا پورا واقعہ سُنایا۔
جب شاہ تمام احوال سے واقف ہوئے تو
عاجز ہو کر اس بلا سے چھٹکارا چاہا مگر لاعلاج ہو
گئے اور رہائی ممکن نہ تھی۔ مجبوراً آپ واپس
اسی شہر آگئے۔ جب اس لڑکی کا باپ اس خبر سے
واقف ہوا تو خود اپنی لڑکی کو بلا کر مشفقانہ
وعظ و نصیحت کرنے لگا اور شاہ کے عشق سے
باز رہنے کے لئے کہا۔ مگر تمام نصیحتیں بیکار گئیں اور،
اس عاشق کے دل پر کچھ کارگر نہ ہوا۔
یہ حال دیکھ کر حیوانوں کا بادشاہ شاہِ ذیجاہ
کے خدمت میں آکر عرض کرنے لگا کہ اے شاہ ذیجاہ
یہ ایک ضعیف و کمزور لڑکی ہے جو دل و جان سے آپ
پر فریفتہ ہے۔ آپ اسے محروم اور خود سے دور نہ کیجئے
شاہ نے اپنی رہائی اور خلاصی کا ایک ہی راستہ جانا اور
وہ یہ ہے کہ آپ اپنے مرید خاص سے فرمایا کہ اے ارادتمند
اگر تم ہمارے ساتھ پختہ و راسخ عقیدہ رکھتے ہیں تو چند دنوں
کے لئے ہمارے خاطر یہاں رہ جاؤ اور یہ جو مبتلائے عشق
ہے اس کو تم اپنا ساتھی بنالو۔ اس بیچارے کو پیر کے
حکم سے کوئی چارہ نہ تھا مجبوراً راضی ہوگیا۔ اسی وقت شاہ
ذیجاہ نے اس لڑکی کے ساتھ اپنے مرید کا
خطبۂ نکاح پڑھا، پھر اپنے سفر پر نکل گئے۔

خوانده ارادۂ سفر پیش گرفت، آں ہر دو در زندگانی مشغول بودند۔ بعد عرصہ از و دو فرزند در وجود آمده ہر دو خوبرو و خوش خوی و خوش گوی بودند۔

العقصہ بعد بلاغت خود ہر دو از زبان والد و والدۂ خود شنیده ہر دو در خدمت حضرت شاہ ذی جاہ رسیدند و شاہ ہم انواع تلطفات شامل حال ایشاں پیدا است وچوں خواستند باز بطرف والدین خود باز گروند پس ہر دو را دو جفت خلعتِ بیش بہا و دو اسپ تازی و باز چند کلاہِ قیمتی مرحمت فرمود ارادہ جو ی آں صوب فرمود۔

غرض کہ یہ مرید اور وہ عورت اپنی زندگی کے کاروبار میں مشغول رہے۔ ایک عرصہ کے بعد ان کو دو لڑکے ہوئے۔ دونوں خوبصورت اور اچھی خصلت والے ہوئے۔

حاصل الکلام دونوں بچے بڑے ہو جانے کے بعد اپنے والدین سے پورا واقعہ سن کر حضرت ذی جاہ کی خدمت میں پہنچے۔ شاہ نے ان پر خوب نوازشات کیں۔ چند دنوں کے بعد جب وہ دونوں اپنے والدین کے پاس جانے کا ارادہ ظاہر کئے، تو آپ نے دونوں کو دو قیمتی جوڑے اور دو عربی گھوڑے اور چند قیمتی ٹوپیاں دے کر اُن کے مقام کو روانہ فرما دیا۔

چوتھا خرقہ آئندہ

(بہ سلسلہ صف ۱۶۳)

تمشی الیہ علی ساق بلا قدم یہی نہیں بلکہ جس راہ سے گذر گئے شجر وحجر نے آپ کی رسالت کا اقرار کرتے ہوئے صلوٰۃ وسلام کا نذرانہ پیش کیا۔ مشکوٰۃ کی حدیث ہے جس کے راوی حضرت علی ابن ابی طالب ہیں انہوں نے کہا کہ:۔

"کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمکۃ فخرجنا فی بعض نواحیھا فما التقبلہ جبل ولا شجر الا وھو یقول السلام علیک یا رسول اللہ (رواہ الترمذی والدارمی) ترجمہ: میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکے میں تھا۔ ایک مرتبہ ہم آپ کی معیت میں مکہ کے بعض علاقے میں نکلے تو اس وقت کوئی پہاڑ یا درخت ایسا نہیں تھا جو آپ کی رسالت کا اقرار نہ کر رہا ہو اور آپ پر صلوٰۃ وسلام کا تحفہ لازوال نہ بھیج رہا ہو۔ یوں تو سیر و تواریخ کی کتابیں ایسے واقعات سے بھری پڑی ہیں۔ لیکن میں اتنے ہی پر اکتفا کرتا ہوں۔ دعا ہے کہ رب العالمین ہم تمام مسلمانوں کو اپنے پیارے رسول کی اطاعت کی توفیق رفیق بخشے۔ آمین

واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

خوارقِ حیدریہ

از:-
افضل العلماء
مولوی محمد ابوبکر
ملیباری لطیفی
قمری
دار العلوم اللطیفیہ مکان حضرت ویلور

مسلسل چار سال سے ماہنامہ اللطیف میں خوارقِ حیدریہ قسطوار شائع ہوتی آرہی ہے۔ مذکورہ نادر و نایاب کتاب حضرت سید شاہ حیدر ولی اللہ قادری رحمۃ اللہ علیہ کے دلچسپ و حیرت انگیز خوارق پر مشتمل ہے۔ لہٰذا بفضلہٖ امسال بھی اس کڑی کا چوتھا خرقہ مفہوم خیز ترجمہ کے ساتھ ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔

قمری

رسیدن آنسرور بلبِ بحر جماد و دیدن راہب بران بحر و بیان آں۔

آں بدر السریع السیر زمین و زماں در ہر منزل و مکاں از عجائب و غرائب دوراں مشاہدہ می نمود، ناگاہ دراثنائے قطع راہ بجوئے رسید کہ آبش از صفا ہمہ چشمۂ حیواں و در طول و عرض زیادہ تر از دریائے عماں و برلب آں راہبے با موئے ژولیدہ و خاکستر بر ہمہ اعضاء مالیدہ اتفاقاً باشاہ دوچار شد بمجرد ملاقات بے تعرف گفت السلام علیک یا حیدر ولی اللہ ؒ و چوں آں راہب ریاضت گر بے معرفت سابقہ نہ نشانے از شاہ دیدہ و نہ نامے از آں سرور شنیدہ بنام خواندن او شاہ را تعجب آورد و از روئے حیرت سوال کرد کہ راہبا درمیان ما و تو ہیچ نوع و وجہ معرفتے و آشنائے نیست بچنیں بے تعرف

یہ خرقہ آپ کے بحر جماد پر پہنچنے، وہاں ایک راہب کو دیکھنے اور اس کی وضاحت میں ہے۔

زمین و زماں کا وہ تیز رفتار ماہ کامل یعنی حضرت شاہ سید حیدر ولی اللہ قدس سرہٗ راستہ کی عجیب غریب چیزوں کا مشاہدہ کرتے ہوئے ناگاہ ایک دریا پر پہنچے جس کا پانی اپنی صفائی اور پاکیزگی میں آبِ حیات سے بھی کہیں زیادہ بہتر تھا اور اس کا طول و عرض دریائے عمان سے بھی کہیں زیادہ وسیع۔ اس دریا کے کنارے رہنے والے ایک راہب جسکے بال بٹے ہوئے تھے اور تمام بدن پر مٹی ملی ہوئی تھی آپکو دیکھا اور بلا کسی تعارف کے پہلی ہی ملاقات میں آپ کا نام لیتے ہوئے "السلام علیکم یا حیدر ولی اللہ" کہا۔ پچھلی کسی جان پہچان اور نام و نشان کے بغیر اس عابد و زاہد راہب کا اس طرح سے نام لیکر بلانا حضرت کیلئے انتہائی تعجب کا باعث ہوا۔ آپ نے حیرت سے دریافت کیا کہ اے راہب ہمارے تمہارے درمیان کسی قسم کی

نام من چوں میدانی و بداں نام میخوانی بے معرفت میان ؎

نے معرفت میان من و تو دریں زمن
در حیرتم چگونہ تو خوانی ز نام من

گفت اے شاہِ من، مرد راہبم و عالم قوم خودم و در علم خود سر آمدۂ قوم و از مدت سی سال بر لب ایں جوی بار ریاضت کردم، سبب ریاضت من آنست کہ مدت العمر آرزو کردم کہ آب ایں جو عبور نمودہ عجائبات و غرائبات آں طرف بہ بینم۔ حیدرا عبور ایں آب از جملہ محالات است و تاثیر عجیب دارد و آں آنست کہ ہر چیزے از چیزہائے دنیاوی کہ بدو میرسد خواہ از آدمی خواہ از چوب خواہ از جامہ ہر چہ نباتے باشد بجمادی مبدل می شود، سخت تر از سنگ سیاہ می شود اگرچہ پنبۂ نرم باشد بمجرد رسیدن دراں سنگ سخت می شود و ہمچوں جماد منجمد میگردد۔ پس ازیں، ہیچ کس از بنی آدم بر لب ایں جو نمی تواند کہ مردانہ از شناوری پا بر لب ایں حد نہد و ازیں ورطہ ہائل عبور نمود، بر لب آں طرف رسیدہ از احوال آں طرف خبر دہد الا در علم خود دیدہ ام کہ مردے بدیں قد و قامت و بدیں شکل و نمش از فرزندان علی علیہ السلام نامش حیدر ولی اللہ مردانہ و بے ملاحظہ قدم

جان پہچان ہے نہ آشنائی، پھر تم نے بغیر تعارف کے میرے نام کو کیسے جانا اور مجھے اپنے نام سے یاد کیا ؎

کچھ معرفت نہیں ہے میرے اس کے درمیاں
حیراں ہوں اس نے کیسے بلایا ہے نام سے

راہب نے جواباً عرض کیا کہ اے شاہِ محترم! میں ایک راہب ہوں، اپنی قوم کا عالم، علم و دانش میں اپنے وقت کا سربر آوردہ، پورے تیس برس سے اس دریا کے کنارے عبادت میں مصروف ہوں۔ یہاں عبادت و ریاضت کرنے کا واحد سبب اس بات کی خواہش کہ اس دریا کو عبور کروں اور اس طرف پائے جانے والے عجائبات و نوادرات کو دیکھوں۔ اے حیدر! اس پانی کو عبور کرنا محالات سے ہے کیونکہ یہ پانی اپنے اندر عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ اس دنیا کی جو بھی چیز چاہے آدمی ہو یا کپڑا یا لکڑی، اس میں گر جائے تو ایسی جامد ہو جاتی ہے کہ گویا سنگ سیاہ، حتیٰ کہ نرم روئی بھی گرے تو سخت پتھر بن جاتی ہے۔ انسانوں میں کسی کی یہ مجال نہیں کہ مردانہ وار اپنے قدم کو اس میں ڈال سکے اور اس بھنور کو پار کرتے ہوئے اس جانب پہنچ جائے اور وہاں کے احوال کی خبر دے سکے۔ ہاں میں نے اپنے علم سے یہ معلوم کیا ہے کہ ایک آدمی، جو اس قد و قامت اور اس شکل و صورت، روشن دل حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے ہوگا جس کا نام حیدر ولی اللہ ہوگا، وہ بلا تردد اپنے قدم کو پانی میں ڈالنے

دریں آب نہد واز کنارۂ اول بہ کنارۂ آخر رسد۔ و بہ ہیچ گونہ ازیں آب کثیف بذاتِ شریفش تاثیر نہ کند۔ پس اے شاہ تو آں باشی، لہٰذا بے تعرف ظاہری و باطنی از نام تو خبر میگویم، امید دارم کہ بہ یمن تو و بدستیاری کرم و رحم تو خود ہم رخت ازیں ورطۂ ہلکہ بدر برم۔ ازیں امید از مدت سی سال بر کنارہ ازیں جوی ریاضت کردم کہ ترا یابم و بہ یمن تو بمقصود رسم۔ چوں آں سرور ایں حرف شگرف ازاں راہب استماع نمود، مردانہ بے محابا برلب آں آب رسید و بہ نیت وضو چند غرفۂ آب در دستِ مبارک گرفت تا کہ وضو تمام گردد و ذرہ ازاں آب معلوم در ذات شریفش موثر نیامد، ازیں ذات او عین فنا فی اللہ وجود او عین فنا فی الرسول بود۔ پس چہ مجال آں آب کثیف در ذات لطیفش موثر آید واز ہیئتے بہ ہیئتے بگرداند۔ آنگاہ تمام وضو ساختہ بقصد شناوری خود را در آب افگند واز برائے شنا دست و پا زدن گرفت۔ قضارا راہب معلوم چوں شاہ را دید کہ در آب شنا می کند ہوسے در دلش پدید آمد و بر اثر شاہ خود را بر آب زد بمجرد افتادن دو سہ گام نرفتہ بود، کہ آں آب قہر آمیز در وجودش موثر آمد واز سر تا پا تمثالے از سنگ گردانید۔ چوں شاہ نیم ازاں آب عبور کردہ بود۔ ناگاہ ہاتفی آواز داد، کہ

ہوے دوسرے کنارے پر پہنچ جائے گا۔ یہ کثیف پانی اس کی پاکیزہ ذات پر کسی طرح بھی اثر انداز نہ ہو سکے گا، اے شاہ محترم! چوں کہ وہ آپ ہی ہیں اسی لئے میں نے کسی قسم کے تعارف کے بغیر آپ کا نام لیا ہے، اب میں اس بات کا آرزومند ہوں کہ آپ کی برکت و دستگیری سے اس ہلاکت خیز بھنور سے اپنے آپ کو نکال لے جاؤں، اور اس دریا کے کنارے تیس سال سے اس امید پر عبادت کر رہا ہوں کہ آپ کو پاؤں اور آپ کی برکت سے اپنے مقصود کو پہنچوں۔ شاہ محترم نے اس راہب کی معنی خیز باتوں کو سنا اور مردانہ وار بلا خوف و خطر دریا پر گئے۔ وضو کے ارادے سے اپنے ہاتھ سے پانی کے چند چلو اٹھائے، وضو کرنا شروع کیا۔ اسکے باوجود آپ کی ذات والاصفات پر پانی کا کچھ بھی اثر نہیں ہوا۔ اسکی وجہ یہ تھی کہ آپ کی ذات فنا فی اللہ تھی اور آپ کا وجود فنا فی الرسول تھا کثیف پانی کی کیا مجال تھی کہ آپ کی ذات پاک میں اثر انداز ہوتا، اور ایک ہیئت سے دوسری ہیئت میں بدل دیتا۔ آپ نے وضو پورا کر کے تیرنے کے ارادے سے پانی میں چھلانگ لگا دی۔ تیرنا شروع کیا۔ اتفاقاً راہب کو معلوم ہو گیا کہ جیسے ہی اس نے دیکھا کہ آپ دریا میں تیر رہے ہیں۔ اسکے دل میں ہوس پیدا ہوئی، اس کے پیچھے ہی کود گیا۔ پانی میں گرنا ہی تھا کہ قہر آمیز پانی اس کے جسم میں اثر کر گیا اور وہ سر تا پا پتھر کی مورت بن گیا۔ شاہ محترم جبکہ دریا کا نصف حصہ طے کر چکے تھے اچانک ایک

ظلمی وجفائے بر وجود خود کردی وبرای العین
دیدہ ودانستہ دربلائے کہ کمترین پایہ آتش
بیم جان باشد افتادی خوب ہرچہ شدنی بود،
شد پس می باید کہ لمحہ در پس پشت خود بازنگری
وبہ زودی ازیں ورطۂ جاں ستاں عبور نمائی
چوں پادشاہ ممالک لاخوف علیہم ولا
ہم یحزنون ندا از منادی شنید تبسم نمود
وازپاسخش فرمود بہ گوشت ولپوست کہ بر
وجودمن است نہ آں گوشت ولپوست است کہ
ہرموثرے دروتاثیرمی کند بلکہ خمیر وجودم
مخمر قدرت درخانۂ لیس الوجود الا ھو استعداد
یافتہ، پس ہیچ متغیرے اور التغیر وتبدیل نتواند
کرد، نیز می گوئی کہ ایں بلا ہم جاں است ماہم
آں مردانیم کہ کمینہ ہمت ما جان باختن است
ومردانہ ہم برسر ہر بلا تاختن پس پشت
خود نگاہ کرد، دید کہ راہب معلوم بمجرد در آب
افتادن از ہیئت خود گردیدہ مسخ شدہ وجسم
نباتی او بجمادی مبدل گشتہ۔ آنگاہ بے ہراسانہ
آہستہ آہستہ بکند رہ دوم رسید ناگاہ بعد
ازعبور آب چوں قدرے چند بر ساحل رفت
دید کہ ہمہ بجائے ریگ وسنگ جواہر خوش رنگ
ولعل گراں قیمت وسنگ افتاد، لیکن از دل
غنا منزل ذرہ التفات بآں نہ نمود۔ بلکہ

ایک غیبی آواز آئی کہ آپ نے اپنے وجود پر ظلم وستم
کیا ہے جانتے بوجھتے کہ اسکی معمولی صفت خوف جان
ہے پانی میں کود پڑے ؟ خوب جو کچھ ہونا تھا ہوگیا
اب آپ کو چاہیئے کہ ایک لمحہ کے لئے بھی پیچھے کی طرف
نہ دیکھیں تیزی کے ساتھ اس جان لیوا بھنور سے نکل
جائیں، بادشاہ ممالک "لاخوف علیہم ولاہم یحزنون" نے
یہ سن کر مسکرادیا۔ اور کہا کہ میرا یہ گوشت ولپوست
ایسا گوشت ولپوست نہیں ہے کہ کوئی بھی چیز اس پر اثر انداز
ہوسکے۔ بلکہ میرے وجود کا خمیر لیس الوجود الا ھو
کے گھر میں خمیر گر قدرت کے ہاتھ سے بنا ہے۔ لہٰذا
اس کو کوئی بھی چیز متغیر نہیں کرسکتی۔ تم یہ کہتے ہو
کہ اس بلا کا ادنیٰ سا وصف جان کا خوف ہے، ہم
بھی وہ مرد ہیں کہ ہماری ادنیٰ سی ہمت جان سے
کھیلنا مردانہ وار ہر مصیبت کے سر پہ پہنچ جانا ہے۔
غرض آپ نے پیچھے کی طرف نظر کی۔ دیکھا کہ
راہب پانی میں گرنے کی وجہ سے اپنی ہیئت اصلی کھو
کر مسخ ہوگیا ہے اور اس کا جسم پتھر بن گیا ہے، یہ
سب کچھ دیکھنے کے بعد آپ بلاخوف وخطر آہستہ آہستہ
دوسرے کنارے پہ پہنچ گئے۔ ساحل پہ چند قدم
چلنے کے بعد آپ نے دیکھا کہ ریت اور کنکریوں کے
بجائے خوبصورت ہیرے جواہرات خوش رنگ
لعل اور قیمتی پتھر پڑے ہوئے ہیں۔ لیکن آپ نے
اپنے مستغنی دل سے ان کی طرف ذرہ بھی توجہ نہ

بلکہ بگوشۂ چشم نہ نگریست' پس باشتابی و سرعت
ہر چہ تمام تر از انجا گذر نمود۔ چوں گامے چند
درپیش راند جمعے از زاہداں کہ بجاسوسے
راہ متعین و نامزد بودند شاہ را دیدند' از آں آب
بحر جماد کہ عبورش از جملہ محالات است عبور
نمودہ بطرف خود میرسد۔ جملہ متعجباً بپیش شاہ
دویدند از کدام طرف و از کدام ملک پرسیدند
چرا کہ ہیچ آفریدہ از آفریدگان خدائے عزوجل
و ہیچ فردے از افراد بنی آدم عبور آں ورطۂ
جانستاں نمود بایشاں نرسیدہ بود۔

الغرض ہر یکے بحقیقت چناں فہم کردند کہ ایں
مرد عالی ہمت و ذوی الکرامت از اولیائے خدائے
تعالیٰ است کہ از تا چنیں جوئے مردم خوار بحر جماد
عبور نمود' باین کنارۂ دویم رسیدہ ہیچ اثرے
از آں آب بوجود موثر نیآمدہ، پس تعظیم و تکریم
تمام شاہ را بشہر خود آوردہ حاکم خود را متنبہ
کردند کہ دریں ہنگام متعجب انجام مردی بدیں قد
و قامت ذی الہمت صاحب کرامت وادی خونخوار
بحر جماد از شنا عبور نمود، بدیں طرف رسیدہ
ولیکن حاشا و کلا کہ ہیچ اثرے از تاثیرات آں
بوجود مبارکش موثر نیامدہ۔ الغرض حاکم ازیں
خبر تعجب اثر از آں چند نفر استماع نمود متعجب و
متحیر گفت کہ از مدت ابو البشر آدم علیہ السلام

کی حتیٰ کہ گوشۂ چشم سے بھی دیکھنا گوارا نہ کیا۔
تیزی کے ساتھ آگے کی طرف بڑھتے چلے گئے۔ آپ
نے ابھی تھوڑا ہی فاصلہ طے کیا تھا کہ زاہدوں کی
ایک جماعت جو راستے کی نگرانی کیلئے متعین تھی اس
نے دیکھا کہ آپ بحر الجماد کو عبور کر کے آرہے ہیں جس
کا عبور کرنا بالکل محال ہے تمام تعجب کرتے ہوے
شاہ کی خدمت میں دوڑتے چلے آئے اور پوچھنے لگے
کہ کس طرف سے آئے ہو' کس ملک سے آئے ہو؟
کیونکہ خلق خدا اور بنی آدم سے کوئی بھی اس جاں لیوا
بھنور کو عبور نہیں کیا اور نہ ان تک پہنچا۔

حاصل کلام ہر ایک نے یہی سمجھا کہ یہ کوئی مرد عالی
ہمت صاحب کرامت اللہ کے ولی ہیں۔ جو ایسے مردم
خوار بحر جماد سے دوسرے کنارے پر پہنچے اور آپ پر
کچھ پانی کا اثر نہیں ہوا۔ ان لوگوں نے آپ کی بڑی
تعظیم و تکریم کی اور جلدی جلدی شاہ محترم کو اپنے
شہر لے آئے اور اپنے سردار کو اس کی اطلاع دی۔
کہ اس وقت ایسی شکل و صورت والے صاحب ہمت
و کرامت بزرگوار وادئ خونخوار اور بحر جماد کو عبور
کر کے یہاں تشریف لائے ہیں۔ حاشا و کلا کہ ان
کے جسم مبارک پر ان کا کچھ بھی اثر نہیں ہوا۔ حاکم نے
ان لوگوں سے اس تعجب خیز خبر کو سن کر حیرانی کے
ساتھ کہا کہ آدم علیہ السلام سے اب تک سوائے حضرت
علی کرم اللہ وجہہ کے اس دریا کو کسی نے

ہیچ یکے از آدمیاں خاص و عام غیر از علی
علیہ السلام عبور ایں جوئے نمودہ بدیں
طرف نرسیدہ واز بزرگان خود شنیدہ شدہ
کہ یکبارگی ازاں طرف حضرت مشکل کشا
علی دریں شہر رسیدہ ایں ظلمت آباد کفرۂ فجرہ
رالبسراج وہاج دین متین محمدی منور و مزین
گردانیدہ باز بعد از روز چند عنان عزیمت بالصواب
معطوف ساختہ غالبًا ایں مرد کامل ہم از فرزندان
آں سرور ہست وجود شریفش بضعہ از ذات
اوست کہ از صدمت تاثیر ایں آب محفوظ و
مصئون صحیح وسالم بدیں جانب رسیدہ۔ پس
ہموں وقت باچند خادمان معدود کہ ندیم حاجب
او بودند استقبال آں سرور پیش آمد ہنوز
چند گام مسافتے درمیان ماندہ بود کہ بشاہ دوچار
شد بمجرد نظر آثار وقار بر بشرۂ پر انوار
آں سید ابرار برائے العین مشاہدہ فرمودی۔
اختیار از ہموں جا سخنے بیش رسید وسجدۂ
چند دمادم بتقدیم رسانید و بعزت وجلال
وتجمل حکومت درون شہر آوردہ بمحل خاص
خود فرود آوردہ میوہا و طعام ہا کہ لذیذ و عزیز
اند یار باشد بتوالی وتواتر پیشکش خدمت
آنحضرت نمود شرف قبولش را مترصد و منتظر وقت
میوود چوں چند روزے بریں گذشت بعد ازاں

بھی عبور نہیں کیا۔ اپنے بزرگوں سے سنا گیا ہے
کہ ایک مرتبہ حضرت علی مشکل کشا اس شہر میں تشریف
لائے تھے اور کفار فجار کے اس ظلمت کدہ کو
دین متین محمدی کے روشن چراغ سے منور فرما
دیا۔ پھر چند دنوں کے بعد یہاں سے واپس
لوٹ گئے۔ غالبًا یہ مرد کامل بھی حضرت علی کرم اللہ
وجہہ کی اولاد سے ہیں جس کی وجہ سے اس خونخوار
دریا کا پانی ان کے جسم پہ اثر انداز نہیں ہوا، جو
سلامتی کے ساتھ یہاں پہنچے ہیں۔

یہ کہہ کر اسی وقت چند مخصوص
خادموں کے ساتھ آپ کے استقبال کے
لئے روانہ ہوا۔ اس کے اور شاہ محترم کے
درمیان ابھی تھوڑا سا فاصلہ باقی تھا کہ جیسے ہی
شاہ پہ نظر گئی آپ کے چہرۂ پُر انوار پہ خاندانی
وجاہت کو دیکھا اور بے اختیار اسی جگہ سے
جھک کر سجدۂ تحیت بجا لاتے ہوئے آگے بڑھا
پوری شان وشوکت اور تعظیم وتکریم کے ساتھ
شہر کے اندر اپنے خاص محل میں آپ کو اُتارا
اور لذیذ میوے اور مزیدار کھانے مسلسل آپ
کی خدمت میں پیش کرتا اور شرف قبولیت
کا منتظر رہتا۔ اسی طرح چند روز گزرے
اس کے بعد اپنے کامل اعتقاد کے ساتھ
آپ کے حلقۂ ارادت میں شامل ہوگیا۔ اس کے

از توجہ و اعتقاد ظاہری و باطنی خود را در سلک مریدان آنسرور مسلک گردانید۔ انگاہ آں سرور از محل خاص آں حکم رخت خود بمسجد آورده چند روزی اقامت نمود۔ بسیار کس از عام و خاص بہ ہدایت خود از بادیۂ ضلالت بیروں آورده بر شارع متین استقامت بخشید و بر حکم ادع الی سبیل ربك بالحکمة والموعظة بزبان فصیح و بیان ملیح بسیار دلہائے تاریک کفر را بنور اسلام منور ساخت ؎

آں چراغ خاندان مصطفیٰ — خلق را بنمود راہ صفا

روزے دریں اثنا شاہ عالی تبار از آں جماعۃ تفتیش کسب ایشاں نمود کہ معاش شما از کدام عمل حاصل ست و اوقات گذاری شما از کدام کسب می شود آنگاہ ہر یکی منفخ و کوره و آلات زرگری پیش آورد بحضور آنسرور چناں عرض نمودند۔ سیدا! در شہر ما چہ از صغیر و کبیر و چہ بزناں و پسر و چہ مرد و زن ہیچ یکی نیست کہ عمل کیمیانیت ندارد۔ ما ہمہ کیمیا گریم و در صنعت کیمیا گری نظیری نداریم چنانچہ در ولایت شما ہر بیوہ زنی کہ نان پختن آساں میداند در شہر ما ہر بیوہ زنی را ہمچناں کیمیا راست کردن آسانست۔ آنگاہ ہر یک از عمل خود کہ صحیح و مجرب باشد پیشکش شاہ نمودند و شاہ آنرا بعبارت فارسی کنده از انجا ہمراه خود باین ولایت آوردند از مرشد لی مع اللہ سید الثقلین شاہ و ما شنیدیم کہ ہنوز تا الی الآن چند اجزا در خاندان ما ہست ۔

بعد شاہ محترم اس حاکم کے محل خاص سے مسجد میں چلے آئے چند دن یہیں قیام پذیر رہے۔ اس مدت میں بہت سے لوگوں کو اپنی ہدایت کے ذریعہ وادی ضلالت سے باہر نکال لائے اور شرع متین کے راستے پہ لگا دئے ادع الی سبیل ربك بالحکمة والموعظة کے مطابق اپنی فصیح زبان اور عمدہ بیان کے ذریعہ بہت سے کافرین کے تاریک دلوں کو نور اسلام سے منور کر دیا۔ ؎

اے چراغ خاندان مصطفیٰ
خلق کو دکھلائے راہ صفا

ایک دن آپ نے ان لوگوں سے ان کی محنت و کمائی کے بارے میں دریافت فرمایا کہ تم لوگ روزی کیسے حاصل کرتے ہو اور کس طریقے سے تمہارے اوقات گذر بسر ہوتے ہیں؟ ہر ایک نے اپنا بھتہ، بھٹی اور زرگری کے آلات کو آپکی خدمت میں پیش کیا اور کہا کہ اے ہمارے آقا ہمارے شہر میں ہر چھوٹا بڑا، بوڑھا جوان، مرد و عورت، تمام کیمیا بنانے کا طریقہ اچھی طرح جانتے ہیں، جس طرح کہ آپ کے شہر میں ایک بیوہ عورت بآسانی روٹی پکانا جانتی ہے، اسی طرح ہمارے شہر میں ہر بیوہ عورت کیمیا گری میں ماہر ہوتی ہے۔ پھر ہر ایک نے اپنے کیمیا گری کے صحیح اور مجرب طریقے کو آپکی خدمت میں پیش کیا۔ شاہ محترم نے ان طریقوں کو فارسی زبان میں محفوظ کر لیا اور اپنے ہمراہ اس ملک میں لے آئے ہمارے مرشد شاہ محترم سے ہم نے سنا ہے کہ ابتک اسکے بعض اجزاء ہمارے خاندان میں ہیں ۔

خوارقِ حیدریہ

از: افضل العلماء
پی محمد ابوبکر
ملیباری
اُستاذ دار العلوم لطیفیہ
مکان حضرت قطب ویلور

چند سالوں سے "سالنامہ اللطیف" میں "خوارقِ حیدریہ" قسطوار شائع ہوتی آرہی ہے۔ اس سال پانچواں خرقہ مفہوم خیز ترجمہ کے ساتھ ہدیۂ ناظرین ہے۔ مذکورہ خرقہ میں سیّد شاہ حیدر ولی اللہ قادری قدس سرہ العزیز کے ایک دریائی سفر اور جزیرہ کی سیر کا تذکرہ ہے۔ اس سفر میں آپ کے ساتھ تین سو ۳۰۰ مریدین کا ایک قافلہ ہمراہ تھا۔ دورانِ سفر میں آپکی کشتی طوفان کی زد میں آکر ٹوٹ گئی۔ آپ اور آپکے ایک مرید صادق کے سوا تمام غرق ہو گئے۔ جس تختہ پر آپ سوار تھے، وہ ایک ایسے جزیرہ سے جا لگا جو بیحد حسین و دلکش تھا، وہاں انسانی زندگی کا دُور دُور تک کوئی نشان نہیں تھا۔ یہاں آپ نے ایک سن رسیدہ بزرگ کو پایا، جو حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی کتابوں کی تلاش میں یہاں تک پہنچ گئے تھے۔ اور تیس سال تک ریاضت میں مشغول رہے۔ مگر وہ ان کتابوں کو حاصل نہ کر سکے۔

آپ کو حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی دو کتابیں عطا کی گئیں۔ ایک آپکے لئے، دوسری عرب کے ایک خوش خصال بادشاہ "شاہ اسمٰعیل" کے لئے جو زمانے سے اس کے مشتاق تھے، غرض پورا خرقہ دلچسپی سے لبریز ہے اور دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔

قمری

خارق پنجم سوال کردن آنسرور از خادمان خود کہ ہر یک مدعاء خود بحضور من بیان کند و باین کسان بکشتی نشستن۔

آں بدر کرم او فلک مفاخر و مناقب و آں مصدر خوارقات عجائب و غرائب در خدمت برکات خود در ہر زمان و مکان از خادمان و طالبان و مریدان و معتقدان چنداں میداشت کہ غالب عدد ایشاں از دائرہ حد و حصر خارج بود، زمانہ اکثر ایشاں تا یکہزار و یازدہ صد می بود و اقل ایشاں سی صد کمیں توقع آمدندی

خرقۂ پنجم میں دو چیزیں مذکور ہیں ایک حضرت حیدر ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا اپنے خدام کے ساتھ کشتی میں سفر کرنا اور ہر خدمتگذار کو اپنا اپنا مُدعا بیان کرنے کی اجازت مرحمت فرمانا۔

وہ جود و عطا کے ماہ کامل، وہ بلندیوں اور خوبیوں کے آسمان، سرچشمۂ خوارق عجیب و غریب ہر وقت اپنی خدمت کے لئے چند خادمین و طالبین و مریدین و معتقدین کو اپنے پاس رکھتے تھے۔ ان کی کثرت تعداد کا حساب نہیں کیا جا سکتا اکثر ایکہزار یا گیارہ سو ہوتے اور کم از کم تین سو ہوتے۔ اتنے ہی لوگ آتے اور جاتے تھے۔ لیکن شاہ علی جاہ

قومی گفتند وشاہ علی جاہ بر حکم کل ولی علی قدم نبی و انا
علی قدم جدی ہمچو شفقت جد خود بر امت انواع
انواع الطاف واشفاق ظاہری وباطنی بر خادمان
شامل حال ایشاں می داشت ودر تعہد وتفقد ایشاں
بذات شریف خود متوجہ بود، ہر احاد الناس را در ہر ماہ
ودر ہر ہفتہ تعیناتی کہ از آں اوقات گذاری خود میکنند
معین داشتہ بر ہر کس امر عالی چناں صادر فرمودہ بود، کہ
حاشا ثم حاشا اگر کسے را احتیاج بشری پیش آید دست
طلب پیش ہر یکے از احاد الناس دنیاوی دراز نکند
وصورت احتیاج معروض خدمت را نماید تا ما بذات شفقت
آیات خود در سر براہی آں سعی موفور بظہور رسانیم وہر کہ
باوجود ایں تفقد وتعہد من بعد دست بے حیائی پیش
سفلگان دنیا دراز کند فواللہ و باللہ او از ما نیست،
ودر درگاہ غنا منزل ما جائے او نیست۔ اتفاقاً
روزے آنسرور درپی اثنا کہ وقتی عدد خادمان خدمت
در زمانہ کہ سی صد بودند ہمہ را بار عام دادہ حاضر فرمود
از روئے شفقت جبلی کہ لازمۂ ذات او بود فرمود کہ
اے مریدان صادق واے طالبان لائق واے معتقدان
موافق واے خادمان خدمت کیش واے درویشان
خدا اندیش ہر یک از توجہ وعقیدت خالص یقین
باور کنید کہ حیدر مراد بخش دو جہاں و بر آرندۂ
مرادات جاں جہاں چوں ہر یکے از مدت مقیم خدمت

کل ولی علی قدم نبی وانا علی قدم جدی کے مطابق
جس طرح آپ کے جد امجد اپنی امت پہ طرح طرح کی مہربانیاں
وشفقت فرمائے تھے اسی طرح آپ بھی اپنے خدمت
گذاروں پہ ظاہری وباطنی طور پہ شفقت ومہربانی
فرماتے تھے اور ان کی ہمدردی ودلجوئی میں خود اپنی ذات
کو متوجہ فرماتے۔ ہر ایک آدمی کو ہر ماہ میں یا ہر ہفتہ میں آپ کے
ساتھ اوقات گذاری کا موقع دیتے تھے جس کے لئے آپ خود
وقت مقرر فرماتے اور ہر ایک پہ اس طرح کا حکم صادر فرما دیا تھا
کہ تم میں سے کسی کو کوئی ضرورت پیش آئے تو ہرگز کسی دنیوی آدمی
کے سامنے اپنے ہاتھ کو دراز نہ کرے بلکہ جو بھی ضرورت ہو ہمارے
سامنے پیش کرے تاکہ ہم خود اپنی پوری کوششوں سے اس کام کو
انجام دیں۔ اتنی سی ضمانت اور مہربانی کے باوجود جو بھی اپنے بیحیائی
کے ہاتھ کو دنیا دار کمینوں کے سامنے دراز کریگا، خدا کی قسم وہ
ہم میں سے نہیں ہے اور ہماری بارگاہِ غنا میں اس کیلئے کوئی جگہ
نہیں ہے۔ ایک دن آپ کی خدمت میں تین سو خادم آئے تھے، آپ
نے تمام کو عام اجازت عطا فرمائی، ہر ایک کو حاضر ہونے کیلئے کہا اور
پہ پوری شفقت کے ساتھ فرمایا کہ اے مریدان صادق، طالبان
لائق، معتقدان موافق، اے خادمان خدمتگذار، اللہ سے ڈرنے
والو تم میں سے ہر ایک توجہ اور عقیدت خالص ویقین کے ساتھ
یہ باور کرے، کہ حیدر دونوں جہاں کے مرادات برلانے والے
ہیں، میری خدمت میں جو بھی ایک مدت سے مقیم ہے البتہ
ضرور ہر ایک کا مدعا اور خواہش خواہ دنیوی ہو یا اُخروی

ممن اندلپس ہر آنکہ بریکے را مدّعا و خواہشے خواہ از دینی و خواہ از دنیوی پیش باشد۔ پس مکنون مافی الضمیر برطبق بیان نہادہ بجلوگاہ ظہور رسانند و حصول آں را منتظر باشد و دوران ہیچ شک نیارد کہ اشتکاک دراں باکفر برابر ہست۔ چوطالبان و مریداں و خادمان سعید ازاں محبوب ملک مجید ایں شفقت ولطف بدیدند، ہر ایک پائے کوبان و چرخ زناں نایک رب ھبلی برکشیدند صف صف، قطار قطار پیش آں بزرگوار باادب استادہ مدّعا و مطلب مافی الضمیر با پایۂ سریر ہدایت مصیر لبغرض می رسانیدند۔ قضارا مردے بلہ درمیاں ایشاں مبتلا بجد آں سرور متقین بود اتباع سنت ایں جماعت را کار بستہ ہیچو دیگر آں لب خواہش باز نہ نمودہ و اصلا از مقصد قلبی و مدعا و فواد بحضور آنسرور زبان بیان نکشود و چوں نوبت بدور سید، شاہ از کمال مہر و کرم کہ لازمۂ ذاتِ ایشاں بود در پیش خود خواندہ فرمود کہ اے بلہ دل موصوف بصفت اکثر البلہ من اہل الجنۃ از حیدر مراد بخش از ہرچہ کہ مدعا ضمیر تست چرا دریغ داشتہ لب خواہش باز نمی کنی، ہرچہ خواہی بخواہ۔ کہ عطاء آں برما مضائقہ نیست۔ سوال آنسرور جواب از وی چناں واقع شد، کہ اے قبلۂ حاجات و کعبۂ مرادات سوگند

پوری ہوجائیگی اپنے دل کے پوشیدہ باتوں کو ہمارے سامنے پیش کریں۔ اور اس کے حاصل کرنے کے لئے منتظر رہیں۔ اس دوران کسی قسم کا شک نہ کریں۔ اس میں شک کرنا کفر کے برابر ہے۔ جب سعادتمند مریدوں اور خادموں نے اللہ کے محبوب سے ایسی شفقت و مہربانی کو دیکھا تو ہر ایک نے دوڑتے بھاگتے ہوے رب ھبلی کا نعرہ لگایا۔ قطار کی شکل میں آپ کے آگے کھڑے ہوگئے اور اپنے دلی مقاصد کو آپ کے سامنے پیش کئے۔ اتفاق سے ان لوگوں کے درمیان ایک بھولا آدمی جو آپ کی خدمت میں رہا کرتا تھا ان لوگوں کی اتباع کرتے ہوے اس نے اپنی کبھی خواہش کے لئے لب کشائی نہ کی اور اپنے دلی مقصد و مدعا کے لئے زبان نہیں کھولا۔ جب اس کی باری آئی تو آپ نے اپنی انتہائی شفقت و مہربانی سے جو آپ کا وطیرہ تھی اس کو اپنے قریب بلایا اور فرمایا اے بھولے، تیرا دل اکثر البلہ من اہل الجنۃ کی صفت سے متصف ہے حیدر مراد بخش سے جو کچھ تیرے دل میں خواہش ہے کیوں اس سے چھپائے ہوئے اپنی زبان نہیں کھولتا، جو چاہتا ہے مانگ لے۔ اس کا عطا کرنا ہمارے لئے کوئی دشواری کی بات نہیں۔ آپ کے سوال پر اس بھولا سا آدمی نے جواب دیا، کہ اے قبلۂ حاجات!

بکرد، کفش پا بیت کہ ایں اخس و کفش بردار ناکس
بہ یقیں چہ در دنیا و چہ در دیں بجز از تو ہیچ نمیخواہم
و لبغیر از ذات شفقت آیات تو در ہر دو عالم ہیچ
کس را نمی دانم و نمی خوانم و نمی بینم و نمی شناسم
و از جملہ کائنات تو مرا بسے و چوں تو بر اضمار ضمائر
مطلع ہستی دیگر چہ گویم پیش ازیں از طال لسانی
راہ سوادب نمی پویم و چوں ایں نکتہ خالص گوشگزار
شاہ نمود، شاہ ذیجاہ لب مبارک بہ تبسم کشاد، دیگر
ہیچ با و نفر مود۔ اتفاقاً چوں ایں مجلس روزے چند
بگذشت ناگاہ شاہ راہوس زیارت بیت اللہ در
سر مبارک راہ یافت، خواست کہ ظاہر اعضاء و
جوارح را بہ تقبیل و تلثیم مرقد مبارک جد خود و کعبۂ
شریفہ مشرف گرداند۔ آنگاہ بجملۂ توابعان و
لواحقان و خادمان و مریدان درگاہ عالی را حکم
محکم و فرمان حکم چناں نافذ فرمود کہ ہر یک فردے
استعداد زاد و راحلہ سفر دریا کند و بہ رفاقت با ما
استعداد و استیلام و تقبیل و تلثیم آں اشرف المواضع
و امجد الاماکن مستعد و مشرف شود۔ القصہ ہر یک از اں
سہ صد نفر مذکور حکم محکم آنسرور را محکوم شدہ
در اندک روز از اں استعداد زاد و راحلہ بہ پرداختند
بعد از اں سرور مع ایں کساں معدودہ بلب دریا
رسیدہ در کشتی سوار شدہ شب و روز قطع منازل

و کعبۂ مرادات میں قسم کھا کر کہتا ہوں یہ ذلیل جو آپکی
خاک پا ہے یقین کے ساتھ کہتا ہے کہ یہ دنیا ہو یا آخرت
مجھے آپ کے سوائے کوئی چیز نہیں چاہیئے۔ میں آپ کی
شفقت بھری ذات کے سوا دونوں عالم میں کسی کو نہ
جانتا ہوں اور نہ دیکھتا ہوں اور نہ ہی پہچانتا ہوں۔ پوری
کائنات میں آپ میرے لئے کافی ہیں۔ میری اس بات پہ
آپ ہی گواہ ہیں جب آپ دلوں کی پوشیدہ باتوں سے مطلع
ہیں تو آپ سے کیا کہوں۔ لب کشائی کہیں بے ادبی کا باعث نہ
ہو جائے۔ اس خالص نکتہ کو سننے کے بعد آپ نے تبسم فرمایا اور
اس سے کچھ نہیں کہا۔ اس مجلس کے چند دن بعد اچانک شاہ کو زیارت
بیت اللہ کی خواہش پیدا ہوئی کہ ظاہری اعضاء و جوارح کو
اپنے جد امجد کے روضۂ مقدسہ اور کعبۂ مبارکہ کی بوسہ دہی
سے مشرف کریں۔ اسی وقت آپ اپنے مریدوں معتقدوں
اور خادموں کو حکم دیا کہ ہر ایک آدمی سفر کے لئے توشہ تیار
کر کے سفر دریا کرے تاکہ ہر ایک ہمارے ساتھ مقدس مقامات
کی زیارت سے مشرف ہو جائے۔ القصہ ان تین سو آدمیوں
میں سے ہر ایک آپ کے حکم کی پیروی کرتے ہوئے
چند ہی دنوں میں سفر کی تیاری کر لیا۔
آپ ان لوگوں کے ساتھ ساحل سمندر
پر پہنچے اور کشتی میں سوار ہوئے۔
دن رات سفر میں رہے۔
اتفاق سے ایک رات سمندر

و مراحل بر سراب می نمود و قضارا دریں اثنا شبے از شبہائے طوفانی در دریا پدید آمد۔ چنانچہ ہمہ آب دریا بجوشید و کشتی را در جنبش آمد و بند بندش از ہم گسیخت۔ اعضایش ذرہ بذرہ پارہ پارہ و ریزہ ریزہ از یکدیگر جدا کردہ و ازاں سہ صد نفر معدود ہیچ یکے نماند، ہمہ معدوم شدند مع مبلغے املاک و امتعہ و اقمشہ ہمہ یکساں راہ عدم گرفتند و من و عن در ورطۂ فنا غرق شدند الا شاہ و آں ابلہ کہ بشاہ دعوائے انا لك و انت لی من ترا میخواہم و ترا می جویم میکرد۔ مگر ایں ہر دو شاہ و گدا بر سر تختہ دراں قعر آب بے پایاں از شکر حق گویاں رضاء او جویاں در تشویرات امواج بپایاں قطع راہ می نمودند، نہ مجال آرمیدن و نہ یارائے جنبیدن، ولیکن شاہ را ازیں بلائے ناگہانی ذرہ تغیر و تبدیل بر بشرۂ مبارک راہ نیافتہ، بعد ہر زماں با روئے تازہ و لب خنداں جبہۂ لمعان چوں گل گلاب بر سر آب در شوق خالق وہاب بآں خادم بے تاب در سوال و جواب مشغول بود و او را بر ساحل سمندر فرو گذاشتہ بصفائے باطن تلقین کرد و شاہ از عجائبات دریا و جانوران آبی معائنہ می نمود و خالق خلقت ایشاں را حمد و ثنا می گفت۔ اتفاقاً بعد از روزے چند تختہ معلوم بکنارۂ جزیرہ رسید۔ شاہ از تختہ فرود آمد و تختہ را بر کشید و بر کنارۂ آں جزیرہ نہاد و خود درون جزیرہ

میں ایک زبردست طوفان اٹھا۔ پورا سمندر جوش میں آگیا، اور کشتی ڈولنے لگی۔ اس کے تمام جوڑ ٹوٹ گئے۔ اس کے تمام حصے ٹکڑے ٹکڑے ہوکر بکھر گئے۔ تین سو آدمیوں میں سے سوائے شاہ اور اس بھولے آدمی کے جو شاہ کا عاشق صادق تھا اور انا لك و انت لی جسکی شان تھی کوئی بھی باقی نہ رہا، سب گم ہوگئے، اپنے ساز و سامان کے ساتھ راہ عدم لی اور فنا ہوگئے۔

دونوں شاہ و گدا ایک تختہ پر سوار بے پایاں سمندر میں شکر حق و رضائے حق بجا لاتے ہوئے موجوں کے اشاروں پر راستہ طے کرتے رہے، نہ آرام کرنے کا ذریعہ، نہ ہلنے کا موقعہ، باوجود اس کے شاہ کے مبارک چہرے پر کوئی تغیر و تبدیلی واقع نہ ہوئی تھی۔ ہر وقت تازہ سا چہرہ مسکراتے لب اور چمکدار پیشانی سے ایسا معلوم ہوتا کہ کوئی گلاب کا پھول پانی کی سطح پہ خالق وہاب کے شوق میں اس بے تاب خادم کے ساتھ سوال و جواب میں مشغول ہے اور اسکو ساحل سمندر پہ اتار کر صفائی باطن کی تلقین فرمایا اور آپ دریا کے عجائبات اور آبی جانوروں کا معائنہ اور خالق کائنات کی حمد و ثنا کرتے جا رہے تھے۔ چند روز کے بعد کشتی کا تختہ ایک جزیرے کے کنارے

خرامیدہ جائے دید وسیع با درختانِ پُرمیوہ وبلند ورفیع، صحفے دلکش وفضائے بے خاشاک وخس جابجا. ہر سو آں شاہ آزاد با دلِ شاد گشت می نمود — اتفاقاً درایں اثنا شخص معمّر با جبہۂ نورانی، کشادہ پیشانی بارِیش سفید درخشاں ۔ چوں خورشید باو دوچار شد، چوں در عمر بسیار معمر بود. شاہ اورا بخطاب یا عمو مخاطب گردانید۔ نامش پرسید، گفت سید حسین، ایشاں ہم از نام شاہ نشانے طلبیدند، شاہ ہم از نام مبارک خود اعلام داد۔ بعدازاں از مہر غالب و التفات جاذب یکدیگر مقبل وملثوم ساختہ زیر درختی بنشستند واز ہر دوئے سخناں پیوستند۔ شاہ پرسید اے عمو بزرگوار! اقامت شما دریں بیشہ خونخوار کہ جزیرہ ست، اصلاً از آدمی وآدمی زادگان درو نرسیدہ بلکہ نام ونشانش کسے نہ شنیدہ واز چہ سبب واقع است وبا دام ودو جانوراں چگونہ وقت گذر است گفت سید مختار واے ثانی حیدر کرار از مدت سی سال مقیم ایں بیشہ ہلاک بیشہ از ہمیں اندیشہ شدہ ام کہ شنیدہ ام کہ جملہ از مصحفہا وکتب ہا کہ از دست مبارک اسد اللہ الغالب امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، وکرم اللہ وجہہ، مکتوب ومطور شدہ من وعن آں ہمہ مکتوبات عزیزہ دریں کوہ سیاہ بلند کہ در پیش تست نہاں اند وبعد از وفات آنسرور ہمہ درو مندرج

پہنچا۔ شاہ نیچے اتر آئے اور اس تختہ کو کنارے پر کھینچ لیا اور خود اس جزیرے میں آرام کئے — اتفاق سے آپ کی نظر ایک وسیع جگہ پہ پڑی۔ میووں سے بھرے ہوئے بلند درختوں اور دلکش میدان پہ جہاں کی فضا گرد وغبار سے پاک وصاف تھی اور آپ ادھر اُدھر خوشی کے عالم میں گھومنے لگے۔ اتفاق سے آپ کی نظر ایک معمر آدمی پر پڑی جسکی پیشانی نورانی تھی اور کشادہ داڑھی سفید چمکیلی خورشید تاباں جیسی آپ نے ان سے ملاقات کی۔ چونکہ وہ بزرگ کافی عمر رسیدہ تھے اسلئے آپ نے انہیں چچا کہہ کر پکارا اور ان کا نام دریافت فرمایا تو انہوں نے کہا کہ میرا نام سید حسین ہے۔ خود وہ بزرگ نے شاہ کا نام دریافت فرمایا۔ آپ نے اپنے مبارک نام سے آگاہ کیا۔ اس کے بعد محبت والفت وجذبے کے تحت ایک دوسرے سے معانقہ کئے۔ پھر ایک درخت کے نیچے دونوں بیٹھ گئے اور ہر ایک مسئلہ پر گفتگو کرتے رہے پھر شاہ نے ان سے پوچھا اے چچا بزرگوار آپ اس خطرناک جنگل جس میں نہ کوئی آدمی زاد ہے اور نہ ہی اس جزیرے کا نام کسی نے سنا ہے، آپ کیوں مقیم ہیں ۔ ان درندوں جانوروں کے درمیان آپ کا وقت کیسے گذرتا ہے۔ انہوں نے کہا اے سید مختار اے ثانی حیدر کرار، تیس سال سے اس جنگل میں رہتا ہوں، اس خیال سے کہ میں نے سنا ہے کہ حضرت اسد اللہ الغالب امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ، کے لکھے ہوے وہ تمام صحیفے وکتب من وعن اس کالے بلند پہاڑ میں پوشیدہ ہیں ۔ جو آپ کے سامنے ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے انتقال کے بعد سے وہ سب صحیفے اسی کے

کردہ امیدوارم کہ اگر طالع یاوری بخت مددگار شود، مکتوبے ازاں خط شریف عزیز بمن رسد وازہمیں مد نظر در مدت سی سال کہ دریں بیشہ گوناگوں ریاضت وحصول مدعا یافتہ گفت نے اکنوں بجائے حیدر کرار مختار چوں تو حیدر بزرگوار آمدہ است عجبے نیست کہ رہ بدار الملک حصول مدعا ومقصود برم، بعد ازاں شاہ نوعی از استخارہ باو فرمود کہ بعد از استخارہ سر بخواب نہد وآنچہ در جواب حکم شود برآں عمل کند وشاہ کارآگاہ خود ہم شرائط استخارہ بتقدیم رسانیدہ پارۂ سر بخواب نہاد حکم عالی از جناب باعظمت اسد اللہ الغالب چناں صادر شد کہ اے فرزند خجستہ سیر اسمک اسمی وہو حیدر راز یمن قدوم میمنت لزوم تو ریاضت چندیں سالۂ آں پیر را قبول کردہ از نوشتجات عظمت آیات خود مصحفے باو دو مصحفے بتو مرحمت فرمودیم۔ فردا شما ہر دو قسمت خود برحکم بخش بگیرید۔ علے الصباح چوں شجرہ ازیں آفتاب از جزیرۂ فلک سر بر کرد شاہ باآں پیر معمر پرسید کہ عمو دوش ترا چیزے در عالم خواب نمودند گفت نے۔ اگر امشب از دولت اقبال تو چیزے بمن نمایند وازاں کالائے پنہانم نشانے دہند عجبے نیست، چوں وقت شب رسید باز بہموں نوع شرائط استخارہ۔

اندر ہیں امید ہے کہ اگر قسمت یاوری کرے اور نصیبہ ساتھ دے تو ان مبارک خطوط میں سے کوئی ایک حصّہ مجھے بھی نصیب ہو، اسی خواہش کے تحت تیس سال سے اس جنگل میں مختلف قسم کی ریاضتیں اور مجاہدے کر رہا ہوں، اب جبکہ حیدر کرار کے بجائے آپ حیدر بزرگوار آگئے ہیں تعجب نہیں کہ میں اپنے حصول مدعا میں کامیاب ہو جاؤں۔ اس کے بعد شاہ نے انہیں ایک استخارہ کا ایک طریقہ بتایا اور کہا استخارہ کے بعد سو جاؤ اور جو کچھ جواب میں حکم ملے اس پہ عمل کرو، شاہ نے بھی استخارہ کے تمام شرائط ادا کرنے کے بعد آرام کیا۔ پُرعظمت بارگاہِ حضرت اسد اللہ الغالب کرم اللہ وجہہٗ سے یہ حکم عالی صادر ہوا کہ اے فرزند خوش سیر تمہارا نام اور میرا نام ایک ہے، وہ ہے حیدر۔ تمہارے مبارک آمد سے اس تیس سال کے عبادت گذار بوڑھے کی ریاضت وعبادت قبول کی جاتی ہے اور ان مبارک مکتوبات میں سے ایک مکتوب انہیں اور دو مکتوب تمہیں عطا کئے جاتے ہیں کل تم دونوں اپنے اپنے حصے حاصل کرلیں۔ طلوع آفتاب کے بعد آپ نے معمر آدمی سے پوچھا چچا آپ نے کل رات خواب میں کوئی چیز نہیں دیکھی ہے؟ اگر آج کی رات تمہارے نصیب سے کوئی ایسی چیز دکھائی دے جس سے وہ سامان جو ہم سے پوشیدہ ہے اسکی جانب نشاندہی ہو جانا تعجب نہیں۔ جب رات آئی پھر اسی طرح شرائط

بتقدیم رسانیدہ سر بخواب نہاد، ناگاہ حکم عالی
از اسد اللہ الغالب در باب او چناں صادر شد
کہ فلاں حاشا ثم حاشا ازاں کالائے مخزون و مکنون
ترا نشانی دادن نبودیم و آں دروازہ ہرگز بر تو
کشادن نخواستیم ولیکن محض یمن قدوم میمنت لزوم
فرزند نیکو سیر قرۃ عینائی شاہ حیدر لابد ازاں در
بر تو ہم کشادیم و ازاں مکتوب یکعدد بتو و عددین
باو بخشش فرمودیم۔ فردا شما قسمت خود بگیرید۔
چوں ازیں نوع در عالم خواب اجازت یافت بمجرد
اشک آلود و بر حسد از عالم خواب بیدار شد و گفتن گرفت
کہ من از مدت سی سال مقیم ایں بیشہ جفا کیش، ستم
و انواع انواع محن و شدت و گونہ گونہ رعب و دہشت
کشیدہ ام و ایں مرد ازیں محنت ذرہ نکشیدہ
شراب تلخ تنہائی ایں جزیرہ ذرہ نچشیدہ، بلکہ دریں
جا آمدہ ہنوز ہفتہ نشدہ ایں چہ معنی دارد کہ مرا گویند
کہ از یمن قدوم شاہ حیدر ازاں در دادہ بر تو کشادہ
ایم و الا نہ ہرگز فتح باب آں کالائے مخزون بر تو
کردنے نبودیم و نیز گویند عددے بتو و عددین باو
مرحمت فرمودہ ایم، ازیں در اندیشہ و حسد مالا یتناہی
افتاد، ناگاہ دریں اثنا ناگاہ چوں پیر معمر آفتاب
ریش دریں سفید نورانی از زنخدان مشرف
برآورد و شاہ پیش آں پیر شد کہ السلام علیکم

استخارہ بجا لا کر سو گئے، اچانک حضرت علی کرم اللہ وجہہ
سے اس معاملہ میں اس طرح حکم عالی صادر ہوا کہ اے فلاں
ہرگز یہ چھپی ہوی دولت کی نشانی ہم تمہیں نہیں دیتے
اور اس دروازے کو ہم تم پر کھولنا نہیں چاہتے تھے۔
لیکن صرف فرزند ارجمند شاہ حیدر ولی اللہ کے تشریف
آوری کی برکت سے ہم تم پر یہ دروازہ کھولتے ہیں۔
اور ان مکتوبات مبارکہ میں سے ایک حصہ تمہیں، اور
دو حصے انہیں بخشتے ہیں۔ کل تم اپنے حصے لے لو۔
خواب میں اس طرح کی اجازت پانے کے بعد معمر آدمی
رشک اور حسد کے عالم میں خواب سے بیدار ہوئے۔
اور اپنے آپ میں کہنے لگے کہ میں تیس سال کی مدت
سے اس جنگل میں ہر طرح کی تکلیف برداشت کرتا
آیا ہوں اور خوف و دہشت سہتا رہا ہوں، لیکن یہ
آدمی (حیدر ولی اللہ) ذرا برابر تکلیف نہیں اٹھایا اور
تنہائی کی تلخ شراب کو ذرا برابر بھی نہیں چکھا بلکہ اس
جگہ آکر ایک ہفتہ بھی نہیں ہوا اس کا کیا مطلب ہے ؟
مزید مجھ سے کہتے ہیں کہ شاہ حیدر کی آمد کی برکت سے
تجھ پر یہ دروازہ کھولا جاتا ہے ورنہ ہرگز یہ دروازہ
تجھ پر کھولا نہیں جاتا اور پھر کہتے ہیں کہ ایک تم لو اور
دو آپ کو دیدو۔ اسی لامتناہی فکر میں وہ بزرگ پڑے
رہے۔ اس درمیان صبح کے وقت شاہ ان کے سامنے
آئے اور سلام کیا، تو وہ بوڑھے نے جواب میں

از سر غیرت جواب داد کہ وعلیکم السلام، بعد ازاں شاہ گفت یا عموی شب آں کالائی معلوم کہ بخش ما و شما است بیا بنما کہ آں کجا ہست تا بگیریم از روی حسد جواب داد کہ شما را خود معلوم است کہ از برکت شما آں در بر ما کشادہ ایم فرمودند۔ شاہ گفت نے نے شما اول در پیش شوید و ما را با آں رہبری کنید کہ مردی بزرگ سن و عموی با حرمت ہستید و در حرب حرمت اب و عم یکی ہست۔ آخر الامر شاہ ایشاں را بجہد بلیغ در پیش کرد، و ایشاں ہم طوعاً و کرہاً راضی شدند۔ القصہ چوں آں پیر معمر ساعتے چند بہ پیش کوہ معلوم از توجہ تمام استادہ فاما ہیچ آثار قبول ظاہر شد بعد ازاں آں سرور با دلی پاک ساز حقد و حسد بہ پیش آں بلند رسد، بتوجہ تمام بمجرد استادن آثار قبول توجہ نمایاں شدن گرفت و نسیم مرحمت وزیدن آغاز کرد۔ ناگاہ شقی در میان کوہ سیاہ پیدا شد۔ چنانچہ در دہنش مقدار آمد و رفت یک کسی راہی پدید آمد۔ شاہ چوں دید کہ شقی در میان کوہ پیدا۔ بعد ازاں شاہ فرمود کہ ای عمو برو و قسمت مقسوم ازاں برگیر۔ ناگاہ در حال روانۂ آں بلند رسد شدہ خود را داخل آں شق ساختہ دید بر جائی بلند مصحفی چند نہادہ اند بمجرد رسیدن

وعلیکم السلام کہا، اس کے بعد شاہ نے فرمایا اے چچا! رات جن چیزوں کے بارے میں جو معلومات دی گئی ہیں وہ تمہارے لئے اور ہمارے لئے ہیں، چلئے اور دکھائیے کہ وہ جگہ کہاں ہے، تاکہ حاصل کرلیں۔ از روئے حسد اس نے جواب دیا کہ وہ خود تمہیں معلوم ہے اور تمہاری ہی برکت سے وہ دروازہ ہم پر کھولا گیا ہے۔ ایسا ہی تو فرمایا گیا ہے۔ شاہ نے فرمایا نہیں نہیں آپ آگے چلئے اور ہماری رہنمائی کیجئے اور آپ بزرگ آدمی ہیں، محترم چچا ہیں اور عرب میں والد اور چچا کی عزت یکساں ہوتی ہے۔ آخر کار شاہ اپنی تمام کوششوں سے ان کو آگے بڑھایا اور وہ بھی طوعاً و کرہاً راضی ہوے۔ حاصل کلام جب وہ معمر آدمی کچھ دیر کے بعد پوری توجہ کے ساتھ ایک پہاڑ کے قریب کھڑا ہوگیا مگر قبولیت کے کوئی آثار ظاہر نہ ہوے اس کے بعد شاہ کہ جن کا قلب مبارک حقد و حسد سے پاک تھا اس پہاڑ کی بلندی پر پہنچے اور کامل توجہ کے ساتھ قیام فرما نا ہی تھا کہ قبولیت کے آثار نمایاں ہوے نسیم رحمت چلنے لگی اچانک اس کالے پہاڑ کے درمیان ایک پھٹن ظاہر ہوئی۔ صرف ایک آدمی کے جانے اور آنے کا راستہ پیدا ہوا۔ شاہ نے جب اس پھٹن کو دیکھا تو فرمایا، اے چچا اندر جاؤ اور اپنے حصہ کو لے آؤ۔ معمر آدمی پہاڑ کی بلندی پر پہنچے اور اس شق کے اندر داخل ہوے دیکھا کہ اونچے ایک مقام پر چند صحیفے رکھے ہوے ہیں۔

درانجا مصحفی خود بخود بزیر رسید که قسمت خود داشت، دست دراز کرده در بغل گرفت، بار دیگر کوه دلرا از شق غیرت منشق ساخته، باز دست دراز کرده مصحفی دیگر گرفت، هر دو در بغل کرده خواست که بیرون در شود۔ ناگاه حکم عالی از عالم غیبی از جناب اسد اللہ الغالب کرم اللہ وجهہ، بآں کوه منشق چناں صادر شد که فلاں کسی تجاوز از حکم ما کرده بی اذن و رخصت ایں جانب مصحفی دیگر گرفت است، پس زنہار زنہار ای سنگ گراں انبار که ہرگاه که ہر دو مصحف در بغل کرده در شق شما آید شما ہر دو وصلہ سنگین فراہم آمده چناں کنید که از میاں شما سلامت نگذرد تا که تا سر پا دو نیم شد ناگاه با ہر دو جلد اشک آلوده بمقابلہ آں شق شخص رسیده پای بیروں و پای دروں داشت که ہر دو وصلہ سنگیں از بالا و زیر ہر دو بہم آمده او را درمیان خود چسپانیدند، شاه چوں ایں احوال برای العین مشاہده نمود آثار ترس و رعب بر بشرہ مبارکش ظاہر شد۔ باز دلش نخواست که داخل در شده قسمت خود بگیرد۔ پس تحیر و متفکر در آنجا ایستاده در اندیشہ دور و دراز افتاد که مبادا اگر من اول داخل در شدی آنچه که او دید من ہم دیدمی و آنچه که او رسید من ہم رسیده۔ ناگاه دریں اثنا آوازی از ہاتف غیبی شاه رسید که ای قرة العین

اُن کے پہنچتے ہی ایک صحیفہ خود بخود نیچے آگیا۔ انہوں نے سمجھ لیا کہ یہ اپنا حصّہ ہے۔ ہاتھ دراز کیا اور ایک صحیفہ اٹھالیا۔ اور اپنے بغل میں رکھ لیا۔ دیکھا کہ پہاڑ کی پھٹن ابھی کھلی ہوئی ہے۔ ہاتھ بڑھا کر دوسرا صحیفہ بھی اٹھالیا اور دونوں صحیفوں کو بغل میں دبا کر باہر نکلنا چاہتے کہ اچانک غیب سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا حکم عالی پھٹے ہوئے پہاڑ پر اسطرح صادر ہوا کہ فلاں شخص ہماری حکم عدولی کی ہے اجازت کے بغیر دوسرے صحیفے کو بھی لے کر آرہا ہے، اے سنگ گراں بار، جب وہ شخص دو صحیفے بغل میں دبائے تمہارے شق سے گذرنا چاہے تو تم دونوں پتھروں کو جاد و تاکہ وہ سلامتی کیساتھ گذر نہ سکے یہاں تک کہ دو ٹکڑے ہو جائے۔ جب وہ معمر شخص دو جلد لیکر اس شق کے مقابلے میں آئے ابھی ایک پاؤں اندر ایک پاؤں باہر ہی تھا کہ وہ دونو شق ایک دوسرے سے اوپر اور نیچے جمع ہوگئے اور اس آدمی کو درمیان میں چپکا دیا۔ سر سے پاؤں تک دو ٹکڑے ہوگیا۔ شاہ نے جب اپنی آنکھوں سے اس حالت کا مشاہدہ کیا تو خوف و دہشت کے آثار آپکے چہرۂ مبارک پر ظاہر ہونے لگے۔ آپکا دل نہیں چاہا کہ اس دروازہ کے اندر داخل ہو اور اپنے حصّہ کو لے۔ پس متحیّر و متفکر ہو کر اسی جگہ کھڑے رہے اور سوچنے لگے، اگر میں پہلے داخل ہو جاتا تو میری بھی یہی حالت ہو جاتی تھی۔

حیدر کرار، وای قطعہ کبد الرسول بزرگوار زود باش وپیش شو وقسمت ومقسوم خود بگیر شاہ گفت نمی خواہم کہ جان شئ عزیز است واز برائے چنیں کالا چنیں شئ عزیز را در ورطۂ مخافت وتہلکہ افگندن از عقل عاقلاں دور است ای جد بزرگواری حکم عالی ترا چگونہ محکوم شوم واز برای آوردن قسمت مقسوم چگونہ پیش روم چگونہ پس وپیش نہ نہم کہ اولا آں مرد را درون خواندی وگونہ گونہ حرفہای استمالت و مرحمت ہر صفحہ دلش نہادندی آخر از امیدواری داخل شدن ہماں از سر تا پا دو نیم ہماں پس در چنیں مخافت کہ اولین قدم کاہش مخافت جان باشد چگونہ قدم زنم باز ندا آمد کہ اے فرزند شائستہ از وقوع ایں واقعۂ ہابلہ دلی تنگ مشو کہ ایں مرد از شومیت اعتدادی خود بسرا رسید وگر از جادۂ حکم ما عدول نکردی حاشا روزی ایں روز شوم ندیدی بلکہ مامون ومضمون با عروس مراد ہم آغوش شدہ صحیح وسالم بیروں فرا میدی۔ پس زود باش وہیچ گونہ اندیشہ وخدشہ بخاطر عزیز رامدہ، خراماں وخنداں داخل در شو۔

وامنا من الخوف الرعب مع جلدین عزیزین مبارکین بیروں آر القصہ بعد از قیل وقال بسیار شاہ ذی الانتباہ دید کہ آں جد بزرگوار تملیک آں

اچانک اسی درمیان ایک غیبی آواز آپکے کانوں تک پہنچی، اے قرۃ العین حیدر کرار، اے لخت جگر رسول بزرگوار جلدی کرو اور آگے بڑھو، اپنے حصہ کو لے لو، شاہ نے فرمایا ان چیزوں کے حصول کے لئے اپنی جان عزیز کو خطرات میں ڈالنا نہیں چاہتا۔ اس بھنور میں خود کو ڈالنا دانشمندی نہیں ہے۔ اے جد بزرگوار آپکے حکم عالی کی تعمیل کیسے کروں اور اپنے حصہ کو حاصل کرنے کے لئے آگے بڑھوں۔ پہلے تو اس آدمی کو اندر بلایا گیا اور مختلف قسم کے نوازشات کی خواہش اس کے دل میں ڈالی گئی۔ جب وہ امید کے ساتھ داخل ہوا تو اسکے دو ٹکڑے کر دئے گئے۔ ایسے خوف کے عالم میں جسکا پہلا قدم ہی اندیشۂ جان کا سبب ہے میں کیسے آگے بڑھ سکتا ہوں۔ دوبارہ آواز آئی اے فرزند ارجمند اس واقعہ سے تم کو کبیدہ خاطر نہ ہونا چاہیئے۔ اس شخص نے حکم عدولی کی اپنی سزا پایا۔ اگر وہ ہماری حکم عدولی نہ کرتا اسے ہرگز یہ دن نہ دیکھنے پڑتے بلکہ اپنے مقاصد کو حاصل کرکے آرام کے ساتھ باہر جاتا۔ تم جلدی کرو اور اپنے دل عزیز میں کوئی خدشہ واندیشہ مت لاؤ۔ ہنسی خوشی سے اس دروازے میں داخل ہو جاؤ۔ خوف ودہشت سے بے خوف ہوکر دو جلدوں کو جو بابرکت ہیں لیکر باہر آؤ۔ القصہ بہت کچھ گفتگو کے بعد شاہ ذی جاہ نے دیکھا کہ جد بزرگوار ان دو جلدوں کا مالک بنا دینے کے لئے بہت ہی مصر ہیں ناچار سمعنا واطعنا کہتے ہوئے

جلدین بسیار ساعی وقاصد ہست چار حرف
سمعنا واطعنا زبان فرمود که ای ازاں جلد ہای
وافی وصافی ما رایکی کافی ہست . پس
امیدوارم که بتکلیف اخذ جلدین مکلف نکنی
باز از واری غیب چنیں منادی شد که از فرزند
برخوردار زنہار زنہار رضای دل مانگہدار
وازاں جلد ہائے مبارک عددین فراہم آر اگر خاطر
عزیزت خواہد ہر دورا برای خود نگاہدار والا نہ
ازاں جلدی لبشاہ اسمٰعیل که پادشاہ ہست در ملک
عرب واز مدت العمر آرزو میدارد که پارچہ از نوشتہ
جات دست مبارک من بیابد وما ہم می خواہیم که
خواہش اورا بقبول مقروں داشتہ از کتابت
خود مرحمت او کنیم از دست خودیکی ازاں باو بدہی
الغرض آں سرور مامور امر جد جلیل القدر شدہ
خود را داخل ساخت بمجرد داخل شدن دو جلد
ازاں رسد بلند خود بخود فرود آمد پس ہر دو از
دست مبارک در بغل گرفت آں سرور سالم وغانم
رفت، ہستی خود بدر آوردہ الغرض چوں وجود
آں پیر بزرگوار معلوم کرد و وصلہ شد، ہمہ دراں
نیم بیروں ماندہ بود، چوں آں سرور درون آں شق
داخل شد ازاں وصلہ معلوم ہیچ اثری نیافت،
وچوں بیروں آمد ہمچناں از وصلہ دیگر ہم نشانی

فرمایا ان دو جلدوں میں سے مجھے ایک ہی کافی ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ آپ مجھے دوسری جلد لینے کی تکلیف نہ دینگے۔ غیب سے آواز آئی اے فرزند ارجمند ہماری خوشنودی کو ملحوظ رکھو اور ان جلدوں میں سے دولے لو تمہارا دل چاہے تو دونوں رکھ لو یا ایک جلد شاہ اسمٰعیل، جو عرب کا بادشاہ ہے اور ایک زمانے سے ہمارے دست مبارک سے لکھی ہوی چیزوں کا خواہشمند ہے اس کے حوالے کردو۔ ہم خود چاہتے ہیں کہ اس کی یہ خواہش قبول کرلیں اور اپنی لکھی ہوی چیز انہیں عطا کریں۔ لہٰذا اپنے ہاتھوں سے انہیں ایک جلد دے دو۔

الغرض آپ اپنے جد بزرگوار کے حکم کی تعمیل کرتے ہوے جیسے ہی شگاف میں داخل ہوے دونوں جلد اوپر سے نیچے آگئیں۔ آپ نے دونو جلدوں کو بغل میں رکھا سلامتی اور کامیابی کے ساتھ باہر نکل آئے۔

جس وقت آپ شگاف میں داخل ہوئے تو آپ اس معمر آدمی جو (ٹکڑے ہوکر آدھا اندر آدھا باہر پڑا ہوا تھا) کے حال کو معلوم کرنا چاہا۔ اس جگہ اس حادثہ کی کوئی نشانی موجود نہ پاکر سخت حیران ہوئے۔

درنظرش بیامد درخود حیران شد۔ فی الجملہ آں سرور ازاں جامع ہر دو جلد بر کنارہ دریا آمدہ باز برآں تختہ کہ درگرت اول نشستہ بود وبوقت دخول جزیرہ از آب کشیدہ ہمچناں برکنارۂ آب دریا نہادہ بود ہموں تختہ در آب افگند، وبرآں تختہ سوار شدہ آں ہر دو مصحف پیش خود نہادہ کہ برسر آب راہ رواں شد۔ اتفاقاً درہماں شب درخواب شاہ سمٰعیل اسد اللہ الغالب کرم اللہ وجہہ حاضر شدہ چناں بشارت داد کہ اے فلاں از مدت العمر آرزوی دارین کہ پارچہ کاغذی از دست مبارک من مکتوب باشد بیابی وشب و روز و روز وشب ہمت بریں مصروف میداری پس حسن عقیدت و توجہ ترا بشرف قبول مشرف داشتہ در فلاں تاریخ و فلاں ساعت از فلاں راہ قرۃ العین بارادت خود بر تو رسیدہ جلدی از مکتوب خود بر تو برسا۔ پس صورت املح وشکل دلکش شاہ حیدر را از سرتا ناخن یا درنظرش در آورد۔ چوں شاہ سمٰعیل ازیں بشارت و مژدہ جاں بخش مسرور و مبہوج شد ہر روز در راہی کہ آں شیر خدا نشانی دادہ بود، باں طرف سواری فرمود، منتظر قدوم میمنت لزوم آں سرور بودی، القصہ روزی برحکم

آپ دونوں جلدوں کو لے کر سمندر کے کنارے آئے اور اس تختہ کو جس پر سوار ہو کر آئے تھے دریا میں ڈال کر سوار ہوئے اور دونوں صحیفوں کے ساتھ روان ہو گئے۔ اسی رات حضرت علی کرم اللہ وجہہ شاہ اسماعیل کو خواب میں بشارت دی کہ ایک زمانہ سے ہمارے ہاتھ سے لکھی ہوئی کتاب کے آرزومند ہو اور دن رات اسی خیال میں رہتے ہو، تمہاری عقیدت کو شرف قبولیت عطا کرتے ہیں۔ اور فلاں روز فلاں تاریخ اور فلاں وقت، فلاں راستے سے فرزند ارجمند تمہارے پاس آئیں گے، اور ایک جلد تمہیں عطا کریں گے۔ خواب ہی میں حضرت شاہ حیدر ولی اللہؒ کی دلکش شکل وصورت سر سے پا تک دکھادیا، شاہ اسماعیل اس جاں افروز بشارت سے بہت ہی مسرور ہوئے۔ اور ہر روز گھوڑے پر سوار ہو کر شیر خدا کے بتائے ہوئے وقت اور راستہ پر شاہ کے قدوم میمنت لزوم کا انتظار کرنے لگے۔

حسب عادت ایک روز بادشاہ سوار ہو کر

عادت معهود چوں بآں طرف معلوم رسید یکایک دید کہ بر کنارۂ دریا و زیر درختی شخص بزرگوار با جبهۂ نورانی نشستہ دو جلد مصحف پیش نهادہ چوں آں شاہ عقیدت مند خوب نظر فرمود علامت و نشانی کہ در خواب دیدہ بود ہر ہمہ در جبهۂ مبارکش و در وجود آنسرور بر جا دید۔ ہموں وقت خود را از آداب و اشتیاق تمام از مرکب سواری بزیر افگند و سجدات شکر بتقدیم رسانیدہ پیش آنسرور در آمد و بتعظیم ہر چہ تمام تر با تجمل و دبدبۂ بادشاہی درون شہر خود براد، القصہ شاہ ازاں جلدین جلدی باو مرحمت فرمود، بعد ازاں او ازانجا باز مسافر شد۔ ؛؛

بتائے گئے راستہ پہ جارہے تھے کہ یکایک ان کی نظر سمندر کے کنارے ایک درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے بزرگ پہ پڑی جو دو صحیفے اپنے ساتھ رکھے ہوئے بیٹھے تھے۔ بادشاہ نے غور سے دیکھا خواب میں دیکھی ہوئی تمام علامتیں اور نشانیاں آپ کے چہرۂ مبارک پہ واضح تھیں۔ فرطِ ادب سے اتر پڑے، آداب بجا لاتے ہوئے آپ کی خدمت میں پہنچے اور پوری تعظیم و تکریم اور شاہانہ دبدبہ کے ساتھ آپ کو اپنے شہر میں لے آئے۔ شاہ نے ان دونوں جلدوں میں سے ایک جلد بادشاہ کو عنایت فرمایا۔ اور وہاں چند دن قیام کرنے کے بعد سفر پہ روانہ ہو گئے۔

خوارق حیدریہ

افضل العلماء مولوی
محمد ابوبکر صاحب ملیباری
لطیفی استاذ دار العلوم لطیفیہ
مکان حضرت قطب ویلور

خرقۂ ششم رسیدن آنحضرت برلب دریا و دیدن راہبے و بیان واقعہ کماہی۔
چھٹی کرامت حضرت سید شاہ حیدر ولی اللہ قادریؒ دریا کے کنارے پہنچنا اور وہاں ایک عیسائی راہب کو دیکھنا، اس واقعہ کا تفصیلی بیان۔

در وقتے سفر آنحضرت بر کنارہ دریا واقع بود۔ بر لب آں راہبے باآنحضرت ملاقی شد با تجمل و متاع بسیار خادمان و شاگردان بے شمار فی الجملہ از امتعہ و رقمۂ عظیم البہائے دنیاوی اقل متاع او آں بود کہ عدد قبقاب بے داشت دریائے مرصع از جواہر گراں قیمت کہ جوہریاں جوہر شناس بکیفیت و کمیت قیمت آں نبردندے و بہر از زبان تعریف و توصیف آں کردندے فی الجملہ شنیدہ شدہ کہ غالب قیمتش از ہفت لک درم رائج بیشتر بود۔ اتفاقاً آنحضرت با تجمل و دبدبہ شاہی آیات مباہی بر آں سرزمین نصب فرمود۔ القصہ چوں آں راہب بر فضل و کمالیت آنحضرت اطلاع حاصل کرد، ہموں زماں عازم ملاقات شاہ شدہ در خدمت آنسرور رسید و از در گفتگو مشغول شد و آں معدن خلق محمدی بر حکم ادع الی سبیل ربك بالحكمة والموعظة الحسنة مواعظیکہ صیقل آئینہ دل او باشد بیاں می فرمود۔ ناگاہ مرأت دلش جلا شدن گرفت ای شاہ اہل سلف ہر آئینہ از انبیاء زمانہ خود

ایک مرتبہ آپ سفر کے دوران ایک دریا کے کنارے سے جا رہے تھے۔ راستہ میں ایک راہب نے آپ سے ملاقات کی، اس کے ساتھ کافی دولت اور بہت سے خدام و شاگرد تھے، نیز دنیوی مال و دولت کا انبار اس کے پاس موجود تھا۔ اس میں سے معمولی ہیرہ جواہرات سے آراستہ ایک جوڑی کھڑاوے کی تھی جسکو وہ پہنے ہوئے تھا جسکی قیمت اچھے اچھے جوہری بھی لگا نہیں سکتے تھے۔ ہر ایک زبان پر ان کی تعریف و توصیف ہی تھی۔ حاصل کلام سنا گیا کہ ان کی قیمت سات لاکھ درم جو اس وقت رائج تھے اس سے کہیں زیادہ تھی۔ حضرت نے پورے آب و تاب و دبدبۂ شاہی کے ساتھ اس سرزمین پر قیام فرمایا۔ راہب کو جب آپ کے فضل و کمال کی اطلاع ملی تو اسی وقت شاہ سے ملاقات کرنے کیلئے آپکی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے ہمکلامی کا شرف حاصل کیا۔ حضرت جو خلق محمدی کا معدن تھے ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنہ کے مطابق وعظ و نصیحت کی جو اس کے آئینہ دل کے لئے صیقل کا کام دے۔ آپ بیان فرماتے رہے اور اس کے آئینۂ دل میں جلا آنے لگی۔ راہب نے کہا

طلب معجزہ کردہ برای العین مشاہدہ نمودہ در دین
ایشاں آمدہ اند ما ہم اتباعاً لسنۃ الاسلاف از آنحضرت
کہ غالباً ذات شریف ایشاں نایب مناب قائم و مقام
انبیاؑ و رسل است و بلباس الشیخ فی قومہ کالنبی
فی امتہ ملبوس است طلب خوارقے می نمایم اگر از قوت
ولایت ایشاں بظہور اسد فی الواقعہ بچشم دیدہ شود
پس آئینہ دل کہ زنگ خوردہ کفر است اگر بجلای
الایمان اقرار باللسان و تصدیق بالقلب منجلے
شود چہ عجب است۔ ؎

از سرور زمانہ توئی نائب رسول
وعظمت فصح و ذکاء کز و دل کند قبول

ہما خوارقے کہ شود رہنمائی من درداده۔ دین احمد مختار
ذوالمنن شاہ فرمود کہ ای فلاں ہرکدام کہ طلب خوارق
ازیں حیدر می نمائی کہ ما عندہ بعزیز گفت شاہا
ہمیں خوارق عجیبہ را طالبم درآب عمیق و امواج پر تشویہ
ایں دریای ذخار از طرف مشرق بسوی مغرب روان است
ایں قبقاب بیش بہا می اندازم و ایں سخن مقرر است کہ ہر چیز
آب گم کند و چوں گم شدہ در زنگ آب جا می گیرد۔ ہر آئینہ
اتباعاً للماء چناں کہ آب بالا بپستی روان است و ہمچناں
بپستی رجوع نماید وازاں وازاں سر در نشیب دارد بر عکس
آب بالا صعود نمی کند و من می خواہم کہ گم کردہ خود را
بخلاف ایں دراں آب بیابم یعنے سر در نشیب نداشتہ باشد

اے شاہ پہلے کے لوگ اپنے زمانہ کے انبیاء سے معجزہ
طلب کرتے تھے مشاہدہ کے بعد ان کے دین میں داخل ہوتے
تھے۔ میں بھی اسلاف کے طریقہ کی اتباع کرتے ہوئے
آپ سے جو وارث انبیاء و رسل ہیں الشیخ فی قومہ کالنبی
فی امتہ کے لباس سے آراستہ ہیں کرامت کا طالب
ہوں، جو آپ کی ولایت کی قوت سے ظہور پذیر ہو تو،
آنکھوں سے دیکھا جائے، پھر آئینہ دل جو کفر سے زنگ آلود
ہے، الایمان اقرار باللسان و تصدیق بالقلب سے
جلا پائے۔ تاکہ دین احمد مختار ذوالمنن میں رہنمائی ہو۔
شاہ نے فرمایا اے فلاں حیدر سے جو بھی کرامت کا
طالب ہوتا ہے اس کے لئے کوئی دشواری نہیں ہوتی۔
اس نے کہا کہ اے شاہ میں ایسی ہی عجیب کرامت کا طالب
ہوں۔ دریا کے اس گہرے پانی میں جس کی موجیں جو خوفناک
ہیں، جو مشرق سے مغرب کیطرف آرہی ہے اس قیمتی کھڑاوے
کو ڈال دیتا ہوں اور یہ بات ثابت ہے کہ جو بھی چیز
پانی میں گم ہوتی ہے اور پانی کی تہ میں جاکر بیٹھ جاتی
ہے جیسا کہ پانی اوپر سے نیچے کیطرف ویسے ہی چیز
نیچے کیطرف ہی رجوع کرتی ہے اور نیچے کی طرف ہی اس کا
رخ ہوتا ہے۔ اس کے برعکس پانی اوپر کی طرف نہیں چڑھتا،
میں یہ چاہتا ہوں کہ گم شدہ کھڑاویں نیچے کی طرف رخ
نہ کرے بلکہ اس کا رخ اوپر کی طرف ہو۔ آپ کی ولایت
کی قوت اور کرامت کی برکت سے اگر میں اس کو

بلکہ بالاصعود کردہ باشد اگر بقوت ولایت تو ایں
کرامت بچشم معائنہ نماید۔ پس غالبا در اہل ارادت تو
خود را جمع کنم ؎

گر معاً ایں شود بچشم بدید ؛ ہر دو باشیم چو پیر و مرید

شاہ گفت ای سفلا ایں کدام امر بزرگ ہست و کرامت عالی
کہ آں را بمن منسوب میکنی و می خواہی کہ از من بہ بینی الحق
ایں نوع کرامت احقر از سگان در و از موش سقف حیدر
جاریست۔ من کہ صاحب ولایت اعلم و قطب فرد زمنم بر چنیں
امرے خسیس اقدام نمودن ننگے تمام و عاری کلی است۔ بعد
ازاں لب مبارک بہ تبسم وا نمود ؎

گفت ہے ہے ایں سوال چہ بود ؛ بہ تعجب چنیں مقال چہ بود
گر نہ خواہی کہ ایں ہمہ خلقت ؛ سر بسر نور دیگری خلقت
از آسمان و زمین تا کرسی ؛ عرش اعظم و گر چہ می پرسی

گفت ای شاہ چہ در علم، و چہ در علم شما آنچہ کہ حق
سبحانہ تعالی ایں سقف آسمان و فرش زمین کہ گسترده
و افراشتہ ہست تا مدتے موعود تغیر و تبدیل راہ در وراہ
نیست و فی الحقیقت اگرچہ ذات شریف و عنصر لطیف ایشاں
با عین ذات خطاب کنندہ و ان یشاء یذھبکم
و یات بخلق جدید وما ذالک علی اللہ بعزیز منور و متصل
ہست کہ ظہور و صدور ایں چنیں امور از چنیں ذات
با قدرت ذی الدرجت عجب نیست ناممکن ہم کہ آں سرور دیں
امر قیام و اقدام نماید و خود ایشاں را مکلف ایں امر

اپنی آنکھوں سے دیکھ لوں گا تو خود کو آپ کے حلقہ
ارادت میں داخل کر دوں گا۔

؎

اس چیز کو اپنی آنکھوں سے معائنہ کروں تو پھر ہم
دونوں پیر و مرید ہو جائیں گے۔ شاہ نے فرمایا یہ
کونسا بڑا کام اور بڑی کرامت ہے جو تو میری طرف
منسوب کرتا ہے اور تو یہ مجھ سے دیکھنا چاہتا ہے،
اس قسم کی کرامت تو حیدر کے دروازے کے کتوں اور
چھت کے چوہوں سے جاری ہے۔ پس میں جو اپنے وقت
کا صاحب ولایت ہوں اور اس دور کا قطب ہوں اس طرح
کا معمولی کام انجام دینا شرمندگی اور عار کی بات ہے۔
پھر مسکرائے ہوئے لب مبارک کھولے اور فرمایا کہ افسوس
کہ تعجب ہے کیسی بات ہے ؎ اگر ان تمام خلقت میں نہیں
چاہیئے تم جو کہ طرف ایک خلقت جو نور سے بھری ہے
آسمان اور زمین سے کرسی تک عرش اعظم یہ بھی اگر کچھ پوچھے
تو راہب نے کہا اے شاہ ہمارے اور آپ کے علم کے مطابق
اللہ تعالے نے آسمان کی چھت کو پھیلا دیا ہے اور زمین
کے فرش کو بچھا دیا ہے، ایک معینہ مدت کے لئے اس میں
کسی قسم کے تغیر و تبدل کے لئے کوئی راہ نہیں ہے۔
حقیقت یہ ہے کہ آپ کی لطیف اور پاکیزہ ذات
ان یشاء یذھبکم و یات بخلق جدید وما ذالک علی اللہ بعزیز
کے ذریعہ خطاب کرنے والے کی عین (یعنی اللہ تعالی) سے

ممتنع شوم پس آنسرور حکم فرمود که اسرع ای زودی
کن وآن کالا وبیش بہارا دررا : ازو ازانجاد ستش
گرفته برلب دادے بجانب شرق که ازاں جانب بطرف
مغرب رواں بود - مرد بمسافت یک دو فرسنگ پس ازآنجا
باستاد وگفت ای فلاں گم کرده خود را ہمیں جا یابی -
گفت پس برود - بہ نیت اسلام غوطه درآب زن وغسل
بجا آر و حجاب کفر از دیدۂ دل بر دار که کفر کافر احجابے
است میان خالق خلقت ونعمت حق سبحانہ تعالیٰ از
چشم کافر پوشیده وشده ہست و لہذا یقال معنی الکفر
فی اللغة پوشیدن الحق اگر حجاب کفر پیش چشم ودل
ایشاں حائل نبودے پس آں ملعونان از راہ راست
اسلام گمراه شده در بادیۂ ضلالت وجہالت بیفتادندے
وسلوک ایں راه را ہم دانسته راه بسر نبودندے -
ذالک فضل الله یوتیه من یشاء الحمد لله حمدا
دائما لا انقضاء له که حق سبحانہ تعالیٰ قصور دل ما
را بسراج ان الدین عند الله الاسلام منور گردانیده
از خوان ایوان نعمت محمد محروم ومایوس نگردانیده وما را
یکے ازیں قوم گمراہاں نکرده ومتابعت آنسرور وارد دت
دعوت اکبر واقامت نماز پنجگانہ وتلاوت کلام خویش
منت برمن نہاد فرما را از ام ونگه بہ برگزیده واز کمال کرم ورحم
قلم عفو امت مذنبة ورب عفو را بر جریدۂ جرائم
ما کشیده افسر یھدی الله من یشاء بر سر ما نہاد حق

ملی ہوی ہے، ایسی قدرت اور برکتوں والی ذات
سے اس طرح کے معاملات صادر ہونا اور ظہور میں آنا
کوئی تعجب کی بات نہیں - میں نہیں چاہتا کہ آپ اس کام کو
انجام دیں - آپ خود کوئی ایک ہونے والے کام کو انجام
دیں - شاہ عالی تبار نے حکم دیا کہ فوراً یہ تمام قیمتی ساز وسامان
کو دریا میں ڈال دے اور پھر اس کے بعد اس کا ہاتھ پکڑ
کر اس وادی کے کنارے مشرق کی جانب سے مغرب کیطرف رواں
ہوئے - وہ راہب ایک دو فرسنگ کی مسافت طے کر کے وہ
وہیں ٹھیر گیا - آپ نے کہا اے فلاں گم کردہ چیزوں کو یہیں
پاؤگے اور نیز فرمایا کہ جاؤ اسلام کی نیت سے پانی میں غوطہ
لگاؤ اور غسل کر کے آؤ اور کفر کے حجاب کو دل کے دیدہ سے
نکال دو کیونکہ کافر کا کفر خالق اور مخلوق کے درمیان ایک
حجاب ہے، اور حق سبحانہ تعالیٰ کا فر کی آنکھوں سے پوشیدہ
رہتا ہے - اسی لئے کہا جاتا ہے کفر کا معنی لغت میں حق کا پوشیدہ
ہونا ہے - اگر کفر کا حجاب ان لوگوں کے آنکھ اور دل پر حائل
نہ ہوتا تو یہ ملعونان اسلام کے سیدھے راستے سے بھٹک کر
ضلالت وگمراہی کے وادی میں نہ گرتے اور اس راستے کے
سلوک کو جان کر منزل مقصود تک پہنچ جاتے - یہ اللہ کا
فضل ہے جسے چاہے وہ نوازتا ہے، ہمیشہ تعریف اللہ تعالےٰ
کے لئے ہیں وہ کبھی ختم نہ ہوں - حق سبحانہ تعالیٰ ہمارے
دلوں کے محلات کو ان الدین عند اللہ الاسلام کے چراغ سے
منور فرمایا ہے، نعمت محمدی کے دسترخوان سے ہمیں محروم

سبحانہ تعالیٰ از کمال کرم خویش ما را و جمیع مسلمان
را در زمرۂ متابعانِ آنحضرت کہ بشرف خطاب والذی
سلک طریقی مشرف اندمر دآرد۔ چنانچہ از ادبار ظاہری
بدولت اسلام رسانیدہ است از کفر باطنی ومن اتخذ
الھہ ھولھم نسخہ وحدت منزل ما را نگاہ دارد
آمین القصہ چوں راہب بحکم آں سرور غسل اسلام بجا آورد
لوث انما المشرکون نجس از لوح وجود شستہ ،
پردۂ الکفر حجاب الکافر ازمیان برداشت باز آں
سرور حکم فرمود کہ آں فلاں بار دیگر در آب غوطہ زنی و ساعتے
درنگش قرار گیر و چشم بکشاد و خوارق تعجب آیات ما ملاحظہ
فرمود ولیکن زنہار کہ غیر از متاع خود درست نداری پس
راہب بموفرمودۂ آنسرور غوطہ درون آب فرد برد و ساعتے
درنگش قرار گرفتہ چشم باز کردہ دید کہ صحنے است خالی
ازگل ولالہ جابیست وسیع میدان است مرغوب بلکہ خزینہ
یافت از امتعہ گوناگوں و کالائے مرصع و طلاء و نقرہ کہ
صفت ہر یکے مالاعین رأت ولا اذن سمعت باشد
چندانے در نظرش آورکہ چشمش خیرہ و چشمہ ہوشش از
خاشاک تحیر تیرہ شد اتفاقاً دریں میاں قبقاب گم گردہ
خود باد آمد نگاہ کردہ دید کہ بیک گوشۂ خروار خروار انبار
قبقاب طلاء ومرصع کہ قیمت ہر یکے ملک دنیا و ما فیہا باشد
افتادہ در نظرش آمد باز پیش شد کہ جستجو نمود ازیں میاں
قبقاب خود بگیرد دید کہ یک گوشہ بمسافت ازاں انبار

مایوس نہیں کیا ہے اور ہم کو اس گمراہ قوم سے نہیں بنایا
اور ہم پر حضور پُر نور کی پیروی اور پنجگانہ نماز و قرآن مجید
کی تلاوت کا احسان رکھ کر دوسری امتوں سے ہم کو برگزیدہ
بنا کر رب غفور نے کمال کرم و رحم سے عفو کے قلم کو امتہ
مذنبۃ ہم گنہگار امت کے گناہوں کے رسالہ پر کھینچ دیا
یعنی ہمارے گناہوں کو معاف کر دیا اور یھدی اللہ لنورہ من
یشاء کے تاج افسری کو ہمارے سروں پہ رکھا اور حق سبحانہ
تعالیٰ اپنے کمال کرم سے ہمکو اور تمام مسلمانوں کو آنحضرت صلعم
کی پیروی کرنیوالوں جو الذی سلک طریقی سے مشرف ہیں،
بنائے۔ چنانچہ کفر ظاہری سے پیٹھ پھیرنے پہ دولت اسلام سے
مالا مال کیا اور کفر باطنی سے ومن اتخذ الھہ ھولہ کے
نسخہ وحدت سے ہماری منزل کی حفاظت کرے۔ آمین۔
القصہ جب وہ راہب آنحضرت کے حکم پہ غسل اسلام بجالایا انما
المشرکون نجس کے میل کو اپنے وجود کے تختہ سے دھو کر
الکفر حجاب الکافر کے پردہ کو اپنے درمیان سے نکال دیا۔ اس کے
بعد شاہ نے حکم فرمایا اے فلاں دوسری مرتبہ پانی میں غوطہ لگا
اور کچھ دیر پانی کے تہ میں قرار لے اور اپنی آنکھوں کو کھول
اور ہماری تعجب آمیز کرامت کا ملاحظہ کر لیکن اپنے سامان کے
سوا کسی چیز کو ہرگز ہاتھ نہ لگانا۔ راہب نے شاہ کے حکم پہ
دوسری مرتبہ پانی میں غوطہ لگایا اور تہ میں جا کر دو گھنٹے
ٹھہرا رہا اور آنکھ کھول کر دیکھا کہ ایک وسیع صحن ہے اور
اس میں گل و لالہ ہیں۔ ایک وسیع جگہ ہے اور نہایت ہی

قبقاب خود افتادہ چوں چشمش ازاں انبار قبقاب
بہ قبقاب خود افتاد خود را در پیش آں چناں ناچیز و
خوار یافت چوں سنگے پیش آئینہ با جلالے پر تاب انگار
سر بر کرد و گلبن زباں بگلہای توحید اشہد ان لا الٰہ
الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہ واشہد ان محمداً عبدہٗ
ورسولہ آراستہ کرد و از لوح جبیں وقت خود نقش
وان علیک لعنتی الی یوم الدین محو گردانیدہ بر قوم
واما الذین ابیضت وجوھھم ففی رحمۃ اللہ مرتسم
ومنقش گردانیدہ پیش آں سرور و ادم سجدہ تحیت و تعظیم
بجا آوردہ باز واحباب ولایت چوں رفع عرصہ داشت
نمود کہ سرور اینجا ہم کہ ہمگی وتمامی از خادمان وشاگردان
خود بسر ایں خوان پر نعم بنشینم پس ہرچہ کہ ایں مبتدع
منصل در تگ آب نمود براہ راست اسلام آوردہ،
آید۔ اگر در نظر ایشاں وارند عجیبے نیست کہ چشم دلہائے
ایشاں بصفت ولکن تعمی القلوب التی فی
الصدور کور و نابیناست بہ بصارت الایمان شہادہ
ان لا الہ الا اللہ منور و مزین گردد پس شاہ فرمود ای
فلاں بفرماں تا ایشاں ہم غسل اسلام بجا آورد۔ آنچہ
کہ تو دیدۂ ایشاں ہم بہ بینند، بعد ازاں ہر یکے غسل
اسلام بجا آورد آنچہ کہ مہتر خود دیدہ بود ہمہ دیدند و زنار کفر
از گردن بریدہ عمامہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بر سر نہادند
و ازاں یوسف مصر توحید زنجیریں زنار کفر کے از گردن
ایشاں بریدہ شد۔

پسندیدہ میدان ہے وہاں اس نے ایک خزانہ کو پایا جو طرح
طرح کے ساز و سامان سے آراستہ ہے۔ اس میں ایسا سونا چاندی
ہے کہ نہ کبھی آنکھوں نے دیکھا اور نہ کانوں نے سنا۔ اسکی آنکھوں
میں ایسا دکھائی دیا کہ آنکھیں خیرہ ہوگئیں اور وہ متحیر ہوکر رہ گیا۔
اتفاقاً اسے اپنا گم کردہ کھڑاواں یاد آگیا تلاش کرکے دیکھا
کہ ایک کونے میں انمول جواہرات سے آراستہ ڈھیر کھڑاویں
رکھے ہوئے ہیں۔ آگے بڑھا ان کے درمیان میں سے اپنا کھڑاواں
تلاش کیا دیکھا کہ وہ دوسرے ایک کونے میں پڑے ہوئے ہیں۔
جب اسکی نگاہ ان ڈھیروں کے ساتھ اپنے کھڑاویں پر پڑی تو
اسے اپنا کھڑاواں ان کے مقابلہ میں ہیچ معلوم ہوا۔ ایسے ہی
جیسے ایک چکدار آئینہ کے سامنے پتھر ہوتا ہے۔ وہ اپنی زبان
کو توحید کے پھولوں اشہد ان لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ سے
آراستہ کیا اور اپنی قسمت کی پیشانی سے ان علیک لعنتی الی یوم
الدین کے نقش کو مٹا کر واما الذین ابیضت وجوھھم ففی
رحمۃ اللہ کے حروف سے منقش کر دیا۔ اور شاہ کے سامنے دم بدم سجدۂ
شکر بجا لایا اور پھر آپ کے سامنے معروضہ پیش کیا کہ اے سردار میں
چاہتا ہوں کہ اسی وقت میرے تمام خادموں شاگردوں کو ان نعمتوں
سے بھرپور دستر خوان پر بٹھاؤں اور میں نے جو کچھ جسکی بدولت
یہ گمراہ اس پانی کی گہرائی میں دیکھا ہے سی طرح اگر یہ لوگ بھی
اپنے دل کی آنکھوں سے اس چیز کو دیکھ لیں تو تعجب نہیں کہ ان کے دل
کی آنکھیں جو ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور کے صفت سے اندھے
اور نابینا ہیں الایمان شہادۃ ان لا الہ الا اللہ کی بصارت سے
روشن و آراستہ ہو جائیں شاہ نے فرمایا کہ اے فلاں آپ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خوارقِ حیدر

افضل العلماء
مولوی پی محمد ابوبکر
ملیباری لطیفی قمری
استاذ دار العلوم لطیفیہ
ویلور۔

اس سال دو خوارق ' ساتواں اور آٹھواں مفہوم خیز ترجمہ کے ساتھ ہدیۂ ناظرین ہے۔ مذکورہ ساتواں خارقہ میں حضرت سید شاہ حیدر ولی اللہ قادری قدس سرہ العزیز کے عالم مثال کا ایک سفر جس میں آپ قاتل شاہ حسین علیہ السلام : سمر بن جوشن کو حالت عذاب میں مبتلا پایا۔ خارقہ دلچسپ قابل دید ہے۔

خارقہ ھفتم در اثنائے قطع منازل و مراحل آنحضرت را تا سہ چہار روز دہے وقصبہ کہ دراں سکنے خود نمودہ آسودہ شود و از طعام و شراب آنجا بکار برد اتفاق نیفتاد بعد از چہار روز ناگاہ از دور دودے دید کہ از زمین بر فلک برمید در خاطر مبارکش خیال خطور کرد کہ غالباً آنجا دہے وقصبہ بودہ باشد کہ برآمدن دود نشان جائے آباد است پس ہماں بہتر کہ درانجا بروم و رختِ سفر فرود آوردہ پارہ از رنج راہ و از محنت و مشقت آسودہ شوم چشم بران دود نہادہ قطع راہ نمودن گرفت ۔ القصّہ درانجا رسید ناگاہ درختے دید از زقوم کہ از قعر جہنم رستہ بر خار ر نوک دار چوں نوکدار دید کہ آں دود از برگ و شاخش سر بر میزند و بہوا میرود۔ شخصے گریہ در صورت ازرق چشم روسیاہ با قدے دراز بالائے شاخ آں سرنگوں بالا یکے آویختہ شدہ و در ہر دو کفِ پایش از نوک آں خار قہر خیاں بسوزیدہ شدہ گویا کہ میخ آہنی

ساتواں خارقہ : حضرت سید شاہ حیدر ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کو دوران سفر میں تین چار دن تک بھی کسی گاؤں یا قصبہ میں کچھ دیر ٹھہر کر آرام کرنے اور کھانے پینے سے فارغ ہونے کا موقع نہ مل سکا۔ کوئی چار دن کے بعد اچانک آپ نے دور فاصلہ پہ ایک دھویں کو دیکھا جو زمین سے آسمان کی طرف جا رہا ہے۔ آپ کے قلب مبارک میں یہ خیال آیا کہ غالباً اس جگہ کوئی گاؤں یا قصبہ ہے۔ کیونکہ دھویں کا اُٹھنا آبادی کی دلیل اور نشانی ہے یہی بہتر اور مناسب ہے کہ میں اس جگہ چلوں اور سامانِ سفر اتار کر کچھ دیر کے لئے سفر کی مشقت اور راستہ کی تکلیف سے آرام حاصل کروں۔

مذکورہ دھویں پہ نظر جمائے آگے بڑھنے لگے۔ چند ہی قدم آگے بڑھے تھے کہ آپ نے ایک کانٹوں بھرا درخت دیکھا جو جہنم کی گہرائیوں سے نکلا ہوا ہے جسکے پتوں اور شاخوں سے دھواں نکل رہا ہے اور ہوا کی روش پہ چلا جا رہا ہے۔ وہیں آپ نے دیکھا ایک آدمی رو رہا ہے جسکی آنکھیں نیلگوں چہرہ کالا اور قد دراز ہے جسکو سر کے بل لٹکا دیا گیا ہے۔ اس کے دونوں پیروں کے

درسم اسپ و چشمہ دیداز زلال بہشت
درویش کہ ہر لحظہ آبش جوش خوردہ، تا
بدہنش رسیدے۔ چوں آں رجیم زبان
از دہن بیروں کردہ خواستے کہ در آب تر کند
بارے جوش تسکیں شدہ چناں در مغاک زمیں
در رفتے گویا ہرگز نشانے از آب نبودے۔ چوں
دیدے کہ جوش تسکیں شدہ در مغاک رفت
نعرۂ العطش العطش زدہ زباں در کام فرو
بردے، روز وشب در ہمیں کشیدن و فرو بردن
زبان مشغول بودے۔ پس از دل الطاف چناں
معلوم کرد کہ غالبا این تشنہ ہست طالب آب و
مردیست رجیم مبتلای قہر خدائے کریم، دل آنسرور
بر حال آں مضطر از حد نرم شد، خواست کہ
بپیش شدہ دو سہ جرعۂ آب در حلق او برد، و
لب خشک او را تر کند۔ ناگاہ ہاتفے آواز داد
کہ اے صاحب قلب رحیم نرم دل شدی بر ایں
لئیم ولیکن ہیچ میدانی کہ کیست ایں رجیم ایں
ملعون ہماں ہست کہ بالخلاصہ گویاں جدت شاہ
حسین را بے سبب بشہادت رسانید واز دست
ناپاکش دشت کربلا از خون مظلوماں بے گناہ
جوش خورد و ہیچ حرمت خاندان واہل بیت
نگاہ نداشتہ زنہار زنہار زبانش تر نکنی بمجرد

تلوؤں میں کانٹوں کو گھوڑے کے پیروں میں لوہے
کی میخوں کی طرح ٹھونک دیا گیا ہے۔ نیز اس کے آگے ایک
میٹھے پانی کا چشمہ بھی موجود ہے جس کا پانی ہر لمحہ جوش مارتے
ہوئے اس کے منہ تک پہنچتا ہے۔ جیسے ہی وہ مردود زبان کو منہ سے
نکالتے ہوئے پانی سے تر کرنا چاہتا ہے پانی کا سارا جوش ختم ہو کر
زمین کی تہ میں اس طرح چلا جاتا ہے کہ گویا وہاں پانی کا نام
ونشان ہی نہیں تھا۔ جب وہ آدمی دیکھتا کہ پانی زمین کی گہرائی
میں پہنچ گیا ہے مایوسی کے عالم میں العطش العطش، پیاس
پیاس کی چیخیں مارنے لگتا ہے اور اپنی زبان کو منہ کے اندر کھینچ
لیتا۔ اسکی زبان رات دن اسی باہر آنے جانے میں مشغول رہتی ہے
آپ کے مہربان دل نے یہ محسوس کیا کہ غالباً یہ پیاسا
ہے اور پانی کا طالب ہے۔ یہ ایک مردود شخص ہے جو خدائے کریم
کے قہر میں مبتلا ہے، آپ کا دل اس پریشان حال آدمی کو دیکھ
کر بے حد نرم ہو گیا۔ لہٰذا آپ نے آگے بڑھ کر دو تین گھونٹ پانی
اس کے حلق میں ڈالنا اور اس کے سوکھے ہونٹوں کو تر کرنا چاہا۔
اچانک ایک غیبی آواز آئی کہ اے صاحب رحم وکرم آپ اس ملعون
پر نرم دل ہو گئے؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ کون مردود ہے
مختصراً یہ وہی ملعون ہے جو آپ کے جد امجد حضرت حسین علیہ السلام
کو بغیر کسی سبب کے مرتبۂ شہادت پہ پہنچایا۔ جس کے ناپاک ہاتھوں
سے میدان کربلا میں بے گناہ مظلوموں کا خون بہا۔ جس نے
خاندان اہل بیت کی عزت وحرمت کا کوئی پاس ولحاظ نہ
رکھا۔ آپ ہرگز ہرگز اس کی زبان تر نہ کریں۔ جیسے ہی یہ

چوں ایں ندائے غیبی گوش گذار آنسرور شد، زہرۂ مبارکش ... خون جد بزرگوار خویش جوش خورد، دما دم لعنت چند بر وفرستاد، بیشتر روانہ شد الا لعنۃ اللہ علی الظالمین۔

خارقہ ہشتم:۔

روزے آنحضرت را در اثناء راہ غدیرے پیش آمد باطول وعرض جسیم وقعرے عظیم کہ غالباً عمق آبش از حد وحصر بیروں بود کہ ہیچ یکے از آفریدگاں حق سبحانہ تعالیٰ ازاں آب تجاوز کرد۔ بقوت غوطہ تکش نرسیدہ باشد۔ الغرض غدیرے بود چناں عمیق از تگش بجز حق سبحانہ تعالیٰ خبر دار نبود۔ چوں آنسرور بر لب آں رسید ودر اندیشہ شد کہ حضرت جل شانہ ایں غدیر را عمق بسیار دارد۔ چنانکہ ہیچ آفریدہ از قعر خبر دار شاید کہ نبود۔ پس البتہ در تگش رازے باشد از رازہائے ربانی کہ سرپوش چنیں عمیق از چشم عوام الناس پوشیدہ کہ ہیچ کس را براں یارائے بردن نیست۔ پس ہماں بہتر کہ غوطہ دریں آب فرو برم وتفحص وتجسس بر سر ایں چاہ مظہر شوم وچوں خود با وجود آنسرور دریائے ذخار معرفت بود۔ پس چنیں دریائے ذخار را از چنیں یک دست آب چہ ملاحظہ۔ پس بے محابا در و فرو برد تا مدت یکروز در آب می رفت، بعدہٗ پایش بتگ

غیبی آواز آپ نے سنی، جد امجد کے خونِ ناحق پہ غصہ سے ... اس پہ خوب لعنت ملامت کرتے ہوئے آگے بڑھ گئے۔

خبردار ظالموں پہ اللہ کی لعنت ہے۔

آٹھواں خارقہ:۔

ایک روز حضرت سید شاہ حیدر ولی اللہ قادری علیہ الرحمہ کو راستہ میں ایک تالاب دکھائی دیا جو بہت ہی لمبا چوڑا اور گہرا تھا۔ جس کی گہرائی کی کوئی حد نہ تھی۔ خلق خدا میں سے کسی نے بھی ابتک اس کو عبور نہیں کیا تھا اور نہ ہی اپنے غوطے کی قوت سے اس کی گہرائی تک پہنچا تھا۔ غرض وہ ایسا تالاب تھا کہ جس کی گہرائی کو اللہ تعالیٰ کے سوائے کوئی نہیں جانتا تھا۔ جب آپ اس کے کنارے پہنچے خیال آیا کہ اللہ رب العزۃ نے اس تالاب کو اتنا گہرا بنایا ہے کہ شاید ہی کوئی مخلوق اس کی تہ تک پہنچی ہو۔ یقیناً اس کی تہ میں اللہ تعالیٰ کے رازوں میں سے کوئی راز ہوگا جو اتنے گہرے پانی میں لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہے کسی کو بھی اس تک پہنچنے کی طاقت نہیں، لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اس پانی میں غوطہ لگاؤں۔ تلاش وجستجو کرتے ہوئے اس کے راز سے واقف ہو جاؤں۔ چونکہ آپ کی ذات والا صفات معرفت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر تھی لہٰذا یہ ذرا سے پانی کو نظر میں کیا لاتے بلا خوف وخطر اس میں کود پڑے۔ ایک دن تک اسمیں

رسید، پس جائے دیدے گل ولا لائے مینے یافت پُر از سنگ ریزہ مدور و مربع مستطیل مدور باعرض ہموار کہ ہیچ گونہ نشیب فراز را دراں جائے نہ بود بلکہ صاف تراز تختہ لبشم پس از آمنیاں چند سنگ در دست آوردہ سر بہ کرد۔ باز ہمچناں تا مدت یکروز بر کنارہ رسیدہ دست کشادہ دید کہ آں ہمہ لعل و یاقوت والماس و زمرد سبز کہ قیمت ہر یکے مملکت عظیم الشان دنیا باشد۔ بمجرد دیدن از دست مبارک باز در ہماں چاہ فگندہ گفت استغفر اللہ چہ خطا کردم و محنت عبث از برائے ایں سنگ ریزہ کشیدم پس لائق ہمت عالی حیدر نبود کہ از پئے ایں حصار ناچیز در چاہ عمیق غوطہ زدہ بدست آرد، پس از آنجا سیر بیشتر شد۔

بمجرد مردن آنکس خدمت غنا پردازی
درگاه ما نست خود کار خواهم کرد، قضا
را بمجرد ندای آں حضرت رنگے که
در نگ آب بود همه یکجا فراهم آمده از
کنار رود تا بمغرق از یک پدید آمد
نے نے از دست کاریگراں قدرت کوه
بسته شده آں گاه مطرب معلوم
فرحاں و شاداں سالما و آمنا ازاں ورطۂ
جاں ستاں بساحل نجات رسیده سجدات
شکر به تقدیم رسانیده و شاه ازاں
واقع تبسم نموده و بعضے مرداں
در تعجب ماندند۔ ؎

حالت دیکھی تو چہرے پہ قہر کا رنگ اُبھرنے
لگا، پھر زوردار آواز دی کہ اے فلاں!
خدائے اکرم و غوث اعظم کے واسطے اس
شخص کے سوا ہماری محفل میں نغمہ سرائی
کے لئے کوئی اور نہیں!

جوں ہی آپ کی یہ آواز بلند ہوئی تو
پھر پانی کا حصہ ایک جگہ جمع ہوگیا، اور
ڈوبنے والے کو اس ندی کے کنارے پہ ڈال
دیا۔ یہ قدرت الٰہی کی کرشمہ سازی ہے کہ
خوشی و شادمانی کے ساتھ اور امن و سلامتی
کے ساتھ اس ہلاکت خیز بھنور سے ساحل کے
پاس آپہنچا۔ اور بارگاہ ایزدی میں سجدہ
ریز ہوگیا۔ اس خوشگوار مسرت خیز منظر سے
شاہ کے چہرے پر مسکراہٹ پھیلی اور دیگر
لوگ حیرت و استعجاب میں کھو گئے۔ ؎

بسمہ تعالیٰ

الاطیف ۱۳۰۹ھ

خوارق حیدریہ

حسب روایت امسال بھی "خوارق حیدریہ" سے سترھواں اور اٹھارواں خارقہ مفہوم خیز ترجمہ کے ساتھ پیش کیا جارہا ہے۔ جس میں حضرت سیدنا میراں شاہ حیدر ولی اللہ نبیرۂ قادری رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند دلبند حضرت سیدنا شاہ کریم اللہ قادری [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] اپنے مرید با نصیب کو اپنے چہرۂ انور کی جلوہ نمائی کا تذکرہ اور ایک عظیم اژدھے کو مار کر بھگانے کا واقعہ مذکور ہے۔

(از ادارہ)

خارقۂ ہفدہم: روزے یکے از رفیقان آں سرور در مجلس عالی چنیں تقریر فرمود کہ غالباً از جانوران موذی و مہیب۔ چنانچہ از دام و دو وسباع و ہوام دہشت و ہیبت مار ایشان غالب است۔ اگرچہ انسان در شجاعت کوہے باشد با وقار و شیرے باشد در کارزار ہر گاہ کہ ازاں موذی نشانے در نظرش آید و یا و از نامش نشنود بے اختیار بخفا پرو باطن خواہد رمید و از جائے خود نخواہیم جنبید بلکہ از حضور او فرار اختیار خواہیم کرد۔ چوں آنحضرت ایں حرف شگرف استماع فرمود تبسم نمودہ خاموش ماند۔ چوں بریں روزے چند

سترھواں خارقہ: ایک روز آں سرور کے ساتھیوں میں سے آپ کی پرُ وقار مجلس میں اس طرح تقریر کی کہ انسان کے اوپر موذی اور خوفناک جانوروں درندوں اور کیڑوں سانپ وغیرہ کی ہیبت و وحشت غالب ہی ہے اگرچہ کہ انسان شجاعت و بہادری میں پہاڑ کے مانند ہے اور عظمت و وقار اور میدان جنگ میں شیر کی طرح ہے اور جہاں کہیں اس کی نظروں میں موذی جانور کی نشانی آجائے اور کبھی اس کا نام بھی نہ سنا ہو بے اختیار ذہنی حیثیت سے اور جسمانی طور سے بھی فرار اختیار کرے گا۔ اور اپنی جگہ سے ہٹ جائے گا بلکہ اس کے سامنے سے

بگذشت، اتفاقاً روزے ہموں
شخص کہ ایں تقریر پیش آنسرور بیاں
کردہ بود مجد و ساعی شد پس آنحضرت
را طلب نمود پس آنسرور ہم دعوت او
را قبول فرمودہ برآں وادی تشریف
بردند۔ قضارا با رفیقاں و معتقدان
خویش مجلسے کردہ از ہر درے در گفتگو
مشغول بود کہ یکایک از بالائے حصار
کہ متصل باغ ست اژدہائے عظیم و مارے
مہیب سہیم کہ از دیدنش چشم ہوش خیرہ و چشمہ
عقل تیرہ شدے در نظر شاہ افتاد کہ فرود
می آید، بمجرد نظر آں حضرت بکسے کہ آں مقولہ
معلوم بیاں کردہ بود اشارہ کرد کہ اے
فلاں چشم باز کن و بہ بیں کہ بالائے دیوار چیست
ناگاہ آں شخص و ہمہ رفیقاں کہ آں بلا معائنہ
نمودند، ہمہ از جائے خود برجستند و متفرق گشتند

دور بھاگ جائے گا۔ جب آنحضرت نے یہ
عجیب بات سنی تو مسکراتے ہوئے خاموش
بیٹھ گئے۔ چند ہی دن گذرے تھے اتفاق
سے ایک دن وہی شخص جسنے مذکورہ بات
کہی تھی بڑی جدوجہد اور صد درجہ اصرار
کے ساتھ آنحضرت کو مدعو کیا۔ آپ نے بھی
اسکی دعوت کو قبول فرمالیا۔ اور اس وادی
میں تشریف لے گئے۔ اپنے دوستوں اور
معتقدوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے مختلف موضوعات
پر گفتگو فرما رہے تھے، اچانک قریبی باغ
کی قریبی دیوار کے اوپر ایک بہت ہی بڑا خطرناک
اژدہا جس کے دیکھنے ہی سے آنکھیں خیرہ اور
عقل و حواس معطل ہو جائیں شاہ کی نگاہوں میں
پڑا جو اتر کر نیچے آرہا تھا۔ آنحضرت نے جس نے
مذکورہ بات کہی تھی اسکی جانب دیکھ کر اشارہ
فرمایا اور فرمایا کہ اے فلاں دیکھ کہ دیوار کے
اوپر کیا ہے؟ فوراً وہ شخص اور تمام ساتھیاں
اس بلا کی طرف دیکھتے ہیں اور تمام اس جگہ سے
منتشر ہو جاتے ہیں۔

جب انہوں نے یہ دیکھا کہ وہ بلا ان
کی جانب متوجہ ہے تو شاہ کو تنہا چھوڑ کر
سب کے سب بھاگ گئے، لیکن آنحضرت وہی

وچوں دیدند کہ آں بلا بسوئے خود
متوجہ است شاہ را تنہا گذاشتہ
بجملہ بگریختند فاما آنحضرت از قاعدہ
خود بہیچ تجاوز نفرمود از ہیئت آں
مار ہیبت ہیچ گونہ تغیرے در ازویش پدید
نیامد۔ اتفاقاً آں افعی پیچان بجاں
نزدیک شاہ رسیدہ وجود خود بجنبانیدہ
سربالا کردہ موی بر استائیدہ دندان
کشاں بر آنحضرت حملہ کرد۔ شنیدہ شد
کہ آنحضرت قلیون در دست گرفتہ تمباکو
میکشیدند۔ آنگاہ از دستِ چپ پنجۂ
محکم گرفتہ بر سر زانو آمدہ طپانچہ از دستِ
راست چناں بر سرش زدہ اند کہ سرش با
خاک یکساں شد بر زمین طپیدن گرفت
از قوتے کہ می داشت باز از زمین برخواستہ
براں حضرت از غصہ بدوید بہمون نوع

نشست پر قائم رہے اور سانپ کو دیکھنے سے
آپ کے چہرے پر کسی قسم کا تغیر اور تبدل
رونما نہیں ہوا۔ اور وہ عظیم اژدہا شاہ
کے نزدیک پہنچا۔

اور اپنے جسم کو ہلاتے ہوئے
سر کو اوپر اٹھائے ہوئے دُم پر
کھڑا ہو گیا۔

اور دانت نکالتے ہوئے
آنحضرت پر حملہ کیا۔

سنا گیا ہے کہ اس وقت آنحضرت
ہاتھ میں حقہ لئے ہوئے تمباکو نوشی
میں مصروف تھے۔

اسی وقت حقہ کو بائیں ہاتھ میں
لے لیا اور زانو پر کھڑے ہو کر سیدھے
ہاتھ سے اس کے سر پر طمانچہ مارا
تو سر زمین پر چپک گیا اور تڑپنے لگا

پھر غصہ کے عالم میں اپنی طاقت سے
زمین پر کھڑا ہوا اور آنحضرت کی جانب
دوڑا پھر آپ نے اسی طرح ایک طمانچہ سر پر دیا

طپانچہ سخت برسر خود کہ چشمہاش درمغاک چشمخانہ فرو رفت ہمچناں تا چند کرت۔

تو اس کی آنکھیں حلقۂ چشم میں دب گئیں۔ اسی طرح آپ نے کئی ایک طمانچے مارے۔

شنیدہ شد کہ از طپانچہ بسیار رویش سرخ شدہ بود، آخر تاب نیاوردہ خود را در آب انداخت۔

سنا گیا ہے کہ زیادہ طمانچے کھانے کی وجہ سے اس کا چہرہ سُرخ ہو گیا۔ آخر تاب نہ لاکر خود کو پانی میں گرادیا۔

خارقہ ہژدہم از معتقدان آں سرور شخصے بود شائستہ و دانا ولی اسم باسمی از بسیار روز خدمت آنسرور کردے بامید آنکہ در سلک طالبان و مستفیدان آنحضرت جمع شدہ بہرہ۔ از گنج خانہ کنت کنزاً مخفیاً حاصل کند برامید ایں مدتے بسیار بقدر وسع و طاقت خویش در ادائے خدمت و تقدیم و اطاعت آنسرور نہادن تکاسل

اٹھارواں خارقہ۔ آں سرور کے معتقدوں میں ولی نامی ایک شخص بڑا ہی مہذب اور صاحب فہم تھا جو آنحضرت کے طالبین اور مستفیضین کے حلقہ میں شامل رہ کر کنت کنزاً مخفیاً کے راز کو حاصل کرنا چاہتا تھا۔

اس غرض وغایت کی تکمیل کے لئے وہ بہت ہی انہماک کے ساتھ ذرا برابر سستی کئے بغیر آپ کی خدمت کیا کرتا تھا۔ خوش بختی کہئے کہ اسکی سربلندی اور سرفرازی کا وقت

روا نداشتے۔ ناگاہ از قضائے
ربانی ہنگام سربلندی وقت سرفرازی
رسید۔ در مجلسے از مجلسہائے خود او
را خواندہ چنیں فرمود کہ اے فلاں از
مدتے در صحبت ما بودی، خدمتہائے
مقبولانہ بہ تقدیم رسانیدی و داعیہ
تمام من اولہ الی آخرہ اندازی
کہ در سلک طالبان و خادمان جمع
شدہ پارۂ از معرفت حق حاصل
وقت کند، اکنوں بیشتر بیا و چشم باز
کن و در ما بہ بین چیز کہ تو طالب او
ہستی ذات ما را شامل ہست یا نئے
چوں طالب معلوم بمجرد امر بسوی آں
حضرت نیز تیز نگاہ کردن گرفت، بمجرد
نگاہ بے خود و بیہوش بر زمیں افتاد
چنانچہ از خود ہیچ اثرے نماندہ بود۔ بعد
ازاں آنسرور برپا خاستہ نزد یک قالب

پہنچا اور آنحضرت نے اس کو اپنی ایک مجلس
میں بلا کر فرمایا کہ اے فلاں تم ایک زمانے
سے ہماری خدمت میں رہے اور تم نے بڑی اچھی
خدمت کی اور ہمارے خادموں کے ساتھ رہ
کر تم نے شروع سے آخر تک ہماری تمام
خواہشات کو پوری کیا تاکہ معرفت حق کا کچھ
حصہ حاصل کریں۔ اب وہ وقت آگیا ہے قریب
آجاؤ اور آنکھیں کھولو اور ہماری جانب
دیکھو، جس چیز کی تمہیں خواہش ہے وہ ہماری
ذات میں شامل ہے یا نہیں؟ آپ کے حکم پر
طالب مذکور آپ کی جانب تیز نگاہ سے دیکھنے
لگا۔ صرف ایک ہی نظر میں بے خود و بے
ہوش ہو کر زمین پر گر پڑا اور ذرا برابر
ہوش نہیں رہا۔

اسکے بعد آپ سرور کھڑے ہوئے
اور اس کے بے جان جسم پر اپنی انگشت
مبارک سے حرکت دیا اور کہا کہ اے فلاں

بے جان آمدہ بانگشت مبارک طعنے در پہلوی او زد کہ اے فلاں برخیز کہ ہنوز تو خادمی۔ اتفاقاً بمجرد اشارت بجنبید و برپا داشت و مستانہ بہر طرف نگاہ کردن گرفت، باز نظر بر جبہہ مبارک شاہ افتاد، بمجرد نظر باز ہمچوں منوال مست و بیخود برزمیں بغلطید۔ باز آنسرور بر بالین او آمدہ ہمچناں از بطن انگشت مبارک اورا ہوشیار کرد و حکم فرمود کہ او را بخانۂ او ببرند کہ بیش از یں تاب طاقت رویت ماندارد و شنیدہ شد کہ آن بے چارہ سہ روز از طلعت آنسرور کہ در نظارش تجلی کردہ بود ہر گاہ کہ بیادش آمدے ہمچناں مست ولایعقل افتادے۔

اٹھو! ابھی تو میرا ہی خادم ہے، صرف ایک اشارے سے وہ حرکت میں آیا اور کھڑا ہو گیا اور مستانہ وار ہر طرف دیکھنے لگا۔ اس کے بعد اس کی نگاہ آپ کے چہرۂ مبارک پر پڑی، تو پھر صرف ایک ہی نظر سے مست و بیخود ہو کر زمین پر گر پڑا۔ اس کے بعد آپ اس کے سرہانے تشریف لائے اور اپنی انگشت مبارک سے ہوشیار کیا اور حکم صادر کیا کہ اس کو اس کے گھر لے جائیں، کیونکہ اس میں ہمارے جانب دیکھنے کی تاب و طاقت نہیں۔ سنا گیا ہے کہ آں سرور کا چہرۂ مبارک جو تین دن سے اسکی نگاہوں میں تجلی کئے ہوئے تھا، جب کبھی بھی یاد آجاتا وہ بیچارہ مست و بے عقل ہو کر گر جاتا۔

از ادارہ

خوارقِ حیدریہ

حضرت شاہ حیدر ولی اللہ ثانی قادری رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند حضرت سید شاہ کریم اللہ قادری علیہ الرحمہ کے دو خارقہ ترجمہ کے ساتھ حاضر ہے جس میں اپنے مریدوں کی تربیت و اصلاح کا تذکرہ ہے۔

خارقہ ہژدہم! از معتقدان آں سرور شخصے بود شایستہ و داناولی اسم با مسمیٰ از بسیار از بسیار روز خدمت آں سرور کردے بامید آنکہ در سلک طالبان و مستفیدان آنحضرت جمع شدہ بہرۂ از گنج خانہ کنت کنزاً مخفیاً حاصل کند بہ امید ایں مدتے بسیار بقدر وسع و طاقت خویش در ادای خدمت و تقدیم اطاعت آں سرور نہادن دلِ کاسکل روا نداشتے ناگاہ از اقتضای ربانی ہنگام سربلندی و وقت سرفرازی رسید در مجلسے از مجلسہا ئے خود او را خواندہ چنیں فرمود کہ

اٹھارواں خارقہ! آنسرور کے معتقدوں میں سے ایک ولی نامی معتقد مہذب و مودب اور دانا تھا جو کئی دنوں سے آپ کی خدمت کیا کرتا تھا اس اُمید سے کہ آپ کے طالبوں اور مستفیدوں میں شامل ہو کر کنت کنزاً مخفیاً کے خزانہ سے کچھ حاصل کر سکے اسی امید پر ایک زمانے تک حضرت کی خدمت میں حتی المقدور آپ کا مطیع و خدمت گزار رہا۔ اچانک اس کی سربلندی و سرفرازی کا وقت بحکم خدا آن پہنچا آپ نے ایک مجلس میں اس کو بلا کر فرمایا کہ اے فلاں تو ایک زمانے سے ہماری صحبت میں ہے اور ہماری

ای فلاں از مدتے در صحبتِ ما بودی و خدمتہائے
مقبولانہ بہ تقدیم رسانیدی و داعیہ تمام من
اولہ و آخرہ اندازی کہ در سلک طالبان و
خادمان جمع شدہ از بادۂ معرفت حق حاصل
وقت کند اکنوں پیشتر بیا و چشم باز کن و
در ما بہ بین چیزے کہ تو طالب او ہستی
ذاتِ ما را شامل است یا نے چوں طالب
معلوم بمجرد امر بسوے آنحضرت تیز نگاہ
کردن گرفت بمجرد نگاہ بیخود و بے ہوش
بر زمین افتاد چنانچہ از خودی ہیچ اثرے
نماندہ بود بعد ازاں آنسرور برخاستند
نزدیک قالب بے جان آمدہ با نگشت
مبارک طعن در پہلوی او زد کہ ای فلاں
برخیز کہ ہنوز تو خادمی الفاظ بمجرد اشارت
بجنبید و برپا داشت و مستانہ بہر طرف
نگاہ کردن گرفت باز نظر بر جبہ مبارک
شاہ افتاد بمجرد نظر بہموں منوال مست و
بیخود بر زمین بغلطید باز آنسرور بر بالین
آمدہ ہمچناں از بطن انگشت مبارک
او را ہوشیار کرد و حکم فرمود کہ او را
بخانہ او ببرند کہ بیش ازیں تاب طاقت
رویت ما ندارد و شنیدہ شد کہ آن
بے چارہ سہ روز از طلعت آں سرور

خدمت تندہی سے کرنے آرہا ہے۔ شروع
سے تو ایک آرزو لئے ہوئے ہمارے طالبوں اور
خادموں میں رہ کر معرفت حق کا کچھ حصہ حاصل کرنا
چاہتا ہے۔ اب قریب آجا اور اپنی آنکھیں
کھول اور ہماری طرف دیکھ تو جو چیز چاہتا
ہے ہماری ذات سے منسلک ہے۔ آپ
کے حکم سے اس طالب حق نے آپ کی جانب
تیز نگاہ کی صرف ایک بار دیکھنے ہی بے خود
بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑا چنانچہ اس
میں کوئی حس باقی نہ رہی اس کے بعد آنسرور
اُٹھے اور اس کے بے جان جسم کے پاس آئے
اور اپنی انگشت مبارک سے اس کے پہلو کو
حرکت دی کہ اے فلاں اُٹھ ابھی تو میرا
خادم ہی ہے۔ اس ایک اشارے سے اس
میں حرکت پیدا ہوئی اور وہ اُٹھ کھڑا ہو گیا
اور مستانہ وار ہر طرف دیکھنے لگا اس کے
بعد شاہ کے چہرۂ مبارک پر اس کی نظر
پڑی تو پھر اسی طرح زمین پر گر پڑا آپ اس
کے سرہانے آئے۔ اپنی انگشت مبارک سے اسے
ہوشیار فرمایا۔ اور حکم دیا کہ اس کو گھر
لے جائیں اس میں ہمارے دیدار کی تاب طاقت
نہیں ہے

سنا گیا کہ وہ بے چارہ جب کبھی

کہ در نظرش تجلی کردہ بود ہرگاہ کہ
بیادش آمدے ہمچناں مست ولا یعقل
افتادے۔ اے عزیز از خوارق آنصاحب
الدنیا والدین عجیبہ دیگر گوش کن خارقہ
نوازدھم = بعد از چند روز آنسرور
آن طالب ولی نام را لائق دیدہ باشغال و
اذکار رھنمونی کردے و اورا در خدمت خود
داشتہ عمل طریقت ازو گرفتے و با نقیاد
اوامر و احتراز نواہی برغبت میخودے ناگاہ
از قضای ربانی امرے ازامر ھائے
دورانی چناں پیش آمد کہ صحبت آنسرور
جدای رو بداد و برسے کہ از آنجا بمسافت
چند فرسنگ بود روانہ شد ناگاہ در اثنائے
مستی طریق دراں بادیہ زنے دید جوان سال
وفاحشہ یافت در مرتبہ کمال چوں ہردو
باہم دوچار شدند ہر دو را فعل شیطانی
و ہوائے نفسانی غالب آمد پس بقضائے
شہوت ہر دو در گوشہ پنہاں شدہ
در لمس و شہوت مشغول شدند
دریں میاں بہ پاسئی آ بر سر زانو
آمدہ نزدیک بود کہ دخول کند ناگاہ یکایک
دید کہ از پیش او نقش شاہ شاہاں
ہادی گمراہاں از ہیبت تمام سلامت

آنسرور کے رُخِ تاباں کی تجلیات کو یاد کر لیتا
جو اس کی نگاہوں کو منجلی اور منور کر دی تھیں
تو اسی وقت مست اور مدہوش ہو کر
گر جاتا۔ اے عزیز اس شاہِ دین و دنیا
کی ایک اور عجیب و غریب کرامت بھی سُن لے

انیسواں خارقہ: چند دنوں کے بعد
آں سرور نے اس ولی نامی طالب کو لائق پا کر
اشغال و افکار کی تلقین و ہدایت کی اور اس کو خود
اپنے پاس رکھ کر اعمالِ طریقت سکھاتے رہے
اوامر کو بجالانے اور نواہی سے پرہیز کرنے
کی رغبت دیتے رہے حوائجِ زمانہ کے تحت
اچانک اس کو آپ کی صحبت سے جدا ہونا
پڑا اور وہ خادم ایک قریہ کی طرف روانہ ہوا
جو اپنے مقام سے چند فرسنگ کی مسافت پر
تھا اچانک اثنائے راہ ایک بادیہ میں ایک
عورت کو دیکھا جو نوجوان اور فاحشہ تھی ایک
دوسرے سے پہچان ہوئی اور باہم ربط و ضبط
قائم ہوا تو دونوں کے دل میں فعلِ شیطانی
و ہوائے نفسانی غالب ہوئی اور دونوں اپنی
ہوس مٹانے کے لئے ایک گوشے میں چلا گئے
اور بوس و کنار میں مصروف ہو گئے اور قریب
تھا کہ دخول کرے یکایک خادم نے دیکھا کہ
اس کے چہرہ کے سامنے شاہ شاہاں ہادی گمراہاں

پیدا شد اے گرفتار نفس امارہ برخیز
زود جدا شو مگر ترس و حیای از حق تعالیٰ
نمیداری کہ چنیں گستاخانہ قدم برین
امر قبیح نہادہ تف برین فعل شیطانی و
امر نفسانی تو چوں آں بے چارہ احوال
معائنہ نمودہ از روے ترس و ہیبت و حیا
برخاستہ در ستر عورت خود مشغول شد
بعد از ستر عورت فارغ شدہ نگاہ کرد آں
سرور را از چشم خود غائب یافت. ترساں
و لرزاں و عرق از رخسارہ ریزاں بے
ادخال و انزال آں فاحشہ را از عذر خواہی
وداع نمود و ہمو لترماں از میاں راہ چوں
خدمت آنسرور شد روز دیگر خود را در ملازمت
آنحضرت رسانید شرمندہ و لرزاندہ سجدہ
بتقدیم رسانید بمجرد رسیدن او آنحضرت
شروع نمود کہ ای فلاں اگر ما ترا مانع نشدیم
و از خود در آنجا رسیدہ ملامت نمیکردیم
پس وائے حال تو اکنوں توبہ کن و راہ استغفار
پیش گیر کہ خدا غفور و رحیم است شنیدہ
شنیدہ شد کہ آں طالب مجرد
لحظی را از ہیبت از امروز بکلی شہوت
منقطع شدہ مدتے از کار رفتہ بود پس
لاعلاج ایں راز بما در ضعیفت خود

پوری ہیبت کے ساتھ ملامت کرتے ہوئے
نمودار ہو گئے ہیں زبان حال سے یہ کہہ رہے
تھے کہ اے گرفتار نفس امارہ اٹھ اور اس برے
کام سے باز آ کیا تو دل میں حیا و خوف خدا
نہیں رکھتا ہے افسوس ہے تیرے اس فعل
شیطانی و امر نفسانی پر۔ جب وہ بے چارہ
خوف و ہراساں شرم و حیا کے ساتھ اٹھا اور
اپنی ستر پوشی میں مشغول ہوا ستر پوشی سے فارغ
ہو کر دیکھا تو شاہ کو اپنی نگاہوں کے سامنے
نہیں پایا لرزاں و ترساں پسینہ پسینہ ہو کر بغیر
ادخال و انزال کے اس فاحشہ سے عذر خواہی
کرتے ہوئے اس کو وداع کرتے ہوئے اس کو
وداع کیا، اسی وقت وہاں سے نکل کر آپ
سرور کی بارگاہ کی طرف چلا۔ دوسرے روز
آنحضرت کی بارگاہ میں پہنچا تو شرمسار و لرزاں ہو
کر سجدۂ قدوم بجالایا اس کے آتے ہی آنحضرت
نے گفتگو شروع کی فرمایا اے فلاں اگر ہم تمھیں
اس فعل قبیح سے نہ روکتے اور ملامت نہ
کرتے تو آج تمہاری زندگی پر افسوس ہوتا
اب توبہ کرو اور طلب مغفرت کی راہ اختیار
کرو خدا غفور و رحیم ہے۔
سنا گیا ہے کہ اس طالب مجرم کو
ہیبت کی وجہ سے اس روز سے پوری طرح قوت باہ

درمیان نهاد آں ضعیفہ از استماع ایں واقعہ دلتنگ شدہ خود را در درگاہ عالی آنسرور رسانید زبان تمنّا چناں برکشاد کہ اے شیر فحول فلاں راہ معرفت فحلیت فرزند گناہ گار ایں ضعیفہ را بازدہ و اورا از زدی زن شرمسار مکن آخر تمنّا و درخواست آں عاجزہ مقبول خاطر عاطر حضرت افتاد روزے آنسرور در مجلسے نشستہ تنبول می خورد قدرے پس خوردۂ خود بلعاب دهن آلودہ از دهن مبارک کشیدہ بخادم معلوم داد کہ ایں را فرو بہر بقیۃ العمر از نفسانی شهوت ایمن باشی۔

میں کمزوری آگئی ایک مدت تک وہ اسی طرح لاعلاج زندگی گزارتا رہا ایک دن اس راز کو اپنی مادر ضعیف کے سامنے بیان کیا تو وہ بوڑھی اس دلگیر واقعہ کو سُن کر آنسرور کی بارگاہ میں گئیں اور زبانِ تمنّا سے یوں فریاد کی! اے راہ معرفت کے نرشیروں کے شیر میرے گنہگار فرزند کی مردانگی کو واپس فرما دیجئے اور اسے بیوی کے سامنے شرمسار نہ کیجئے آخر کار اس ضعیفہ کی درخواست نے حضرت کے دل مبارک کو متاثر کیا تو ایک روز حضرت اپنی مجلس میں بیٹھے ہوئے پان کھا رہے تھے۔ تھوڑا چبایا ہوا لعاب آلود پان اس خادم کو دے دیا اور فرمایا اس کو چبا لے تاکہ تو ساری عمر نفسانی شہوت سے بے خوف رہ سکے۔

۲۵

خوارقِ حیدر

ادارہ

حضرت شاہ حیدر ولی اللہ قادری علیہ الرحمہ کے فرزندِ ارجمند حضرت شاہ کریم اللہ قادری علیہ الرحمہ کے خوارق سے ایک خارق کا مفہوم خیز ترجمہ ہدیۂ ناظرین ہے، جس میں آپ کے ایک مرید کی دیوانگی و خبطیت اور اس کا حضرت پر وار کرنے اور حضرت کا اس کے ساتھ شفقت و مرحمت سے پیش آنے کا تذکرہ ہے ۔

خارقہ بستم

چنیں گویند کہ روزے آں حضرت بر عادت معہودہ جشنے مکیفانہ از انواع کیفیت ترتیب دادہ و ہم جلیسان و خادمان خود در خانقاہ عالی نشستہ بود پیالہائے کوکنار و قلیونہائے تنباکو زیر حکم دود در مجلس میگردانید و ہمہ اہل مجلس از انواع کیفیات شادان و سرخوش گشتہ باہر یکے از ہر درے در سخنان مشغول بودند و آں حضرت در آں وقت جامہ و سوزن در دست گرفتہ و ریختہ زدن کلاہ سر مبارک خود چناں مشغول گشتہ کہ غیر از جامہ و سوزن نظرش بچپ و راست نمی دوید ۔ قضارا از زمرۂ خادمان آنسرور یکے

بیسواں خارقہ

منقول ہے کہ ایکروز آں حضرت اپنی عادت کے مطابق ایک پُر کیف جشن ترتیب دیا اور اپنے ساتھیوں اور خادموں کے ساتھ خانقاہ عالیہ میں بیٹھے ہوئے تھے ۔ آپ کے حکم سے مجلس میں شربت انار اور حقہ کشی کا دور چل رہا تھا ۔ اور تمام اہلِ مجلس ان کیفیات سے خوش و خرم ہو رہے تھے اور ہر ایک کسی نہ کسی موضوع پر محوِ گفتگو تھا اس وقت آں حضرت کپڑا اور سوئی ہاتھ میں لیے ہوئے اپنے سر مبارک کے لیے ٹوپی بنانے میں اس طرح مشغول تھے کہ آپ کی مبارک نظریں صرف کپڑا اور سوئی پر مرکوز تھیں اور دائیں بائیں جانب کی کوئی خبر نہ تھی ۔ اتفاق سے آپ کے خادموں میں سے ایک

بود مجنون کہ گاہ گاہ دماغش از حرارت خبطیت
در جوش آمدے بر آئنہ درچنیں حال او را از
عقل و شعور فراموش شدہ افعالِ نالائق واقوال
ناصواب از دست و زبانش صادر شدے
واگر عیاذاً باللہ شمشیرے و با خنجر در دستش
عالمے را بفغان آوردے وکسے را زہرۂ آں
نبود کہ بقوت از دست او بگیرد تا بعد از
ساعتے جوش خبطیت او تسکین یافتے آن
زمان خود بخود شمشیر بیفگندے و از کردہ
وگفتہ خویش مستغفر و نادم شدے قضارا
دراں مجلس حاضر بود یکایک دماغش برہم
شد تیغے کہ در دست داشت از نیام برکشید
و چوں شتر مست کف از دھان برآوردہ بر
یکے حملہ کردن گرفت چوں اہلِ مجلس بدیں حال
اورا دیدند از ترس و ھیبت او بگریختند الاّ
آں سرور از غایت استغراق کہ میداشت سرمُوے
از شور آن وقت خبردار نشد سر فرو گذاشتہ
ونظر در پیش داشتہ و ریختہ زدن کلاہ کہ مشغول
بود ہم چناں خود را درہماں کا دادہ بود اتفاقاً
چون مردکِ خسیس نہاد دون طبع شاہ
را تنہا یافتہ از تیغ ضرب محکم بر شاہ راند
تا کہ زخمی کارے و جراحتے ہایل بر ذات مبارک
آں حضرت پدید آمد ہم چناں خبرے دیگر چنانکہ
از ضرب آں مردک ہر دو شانہ مبارک آں حضرت

خادم مجنون تھا کبھی کبھی اس کا دماغ گرمی اور
دیوانگی سے جوش میں آجاتا اور وہ عقل و شعور سے
عاری ہو کر اس کی زبان سے اس عالم میں نالائق افعال و اقوال
صادر ہوتے۔ اللہ کی پناہ اس وقت اس کے
ہاتھ میں کوئی تلوار یا خنجر مل جائے تو وہ
ایک عالم کو ہلا دے کسی میں یہ طاقت نہیں
رہتی کہ ہمت سے اس کے ہاتھ کو پکڑ لے! چند
گھنٹوں کے بعد جب اس کی یہ دیوانگی اور جوش
و جنون ختم ہوتا تو اسی وقت تلوار نیچے ڈال دیتا
اور اپنے کئے پہ نادم و شرمسار ہو کر معافی کا خواستگار ہوتا۔ با
اتفاق سے وہ مرید مذکورہ مجلس میں موجود تھا۔ دفعتاً
اس کا دماغ گرم ہوا اور میان سے تلوار نکال کر مست
اونٹ کی طرح منہ سے کف نکالتا ہوا ہر ایک
پہ حملے کرنا شروع کر دیا۔ اس کی اس حالت سے
اہل مجلس پہ خوف وہراس پھیل گیا اور وہ بھاگنے
دوڑنے لگے۔ لیکن اس مجلس میں آپ کی تنہا وہ ذات
گرامی تھی جو اس وقت کے شور و غل اور ہنگامہ سے بالکل
بے خبر سر جھکائے ہوئے اپنی پرانی ٹوپی کو سینے میں
مشغول تھے۔ اور آپ اپنے کام میں مشغول اور منہمک رہے
اس خسیس طبع مرد نے جب شاہ کو تنہا پایا تو
اپنی تلوار سے آپ پہ ایک زبردست وار کیا جس
سے ایک کاری زخم ہو گیا۔

اسی طرح ایک دوسری روایت بھی ہے کہ
اس آدمی کی مار سے آپ کے دونوں بازو

شکستہ خود بقوت تمام شمشیر از دستش
بگرفت و اورا بر زمین کوفت بعد ازاں
از ہر طرف بدوید ند از مشت ولکد وسلاق
تادیبے سخت کردند چون آن صاحب قلبِ
رحیم
دید کہ اورا چنین نوع از ضربِ گوناگوں کوفتہ میکند
روی مبارک از غصہ سرخ کردہ بر ہر یکے نعرہ
چنیں زد کہ دست از و بدارید و در ایذائے
او نکوشید احیاناً اگر کسے از طالبان و
معتقدانِ من از حکمِ من تخلف ورزد و دست
ہر دو ازکند پس در روز قیامت یوم
یوخذ بالنواصی والاقدام دستش از
دامن کوتاہ باشد و از حضوریت من محروم
بمجرد استماع ایں حرف شفقت انگیز ہمہ کسان
دست از و باز داشتند فا دست
پر کتفش بستہ پیش دربار آں سید قادری
داشتند از ساعتے آں حضرت حکم فرمودہ
کہ آئینہ بیارید پس آئنہ خوب وصاف
ومربع بدست مجروح مبارک آنسرور دادند
تبسم کناں چوں
گل خنداں در آئنہ نگاہ کردہ چنیں فرمودہ
کہ اے محبوب جانہا وای مطلوب دلھا
جان ودلم فدائی نامت مارا بکسوت کسوۃ
الحمراء علامۃ العروس ملبس نمودہ نظارہ

ٹوٹ گئے تھے اس کے باوجود آپ اپنی پوری
قوت سے اس کے ہاتھ سے شمشیر کو کھینچ لیتے
ہیں اور اس کو زمین پہ پچھاڑ دیتے ہیں اتنے میں تمام لوگ
دوڑ کر آگئے اور اسے گھونسا، لات، اور سلاق سے بری
طرح مارنے لگے جب اس منظر کو قلبِ رحیم رکھنے والے
وہ بزرگ نے دیکھا تو فوراً آپ کا چہرہ غصہ
سے سرخ ہو گیا اور بلند آواز سے فرمانے لگے
اپنے ہاتھوں کو روک لو اور اُسے تکلیف نہ دو اگر
کوئی بھی میرا طالب یا معتقد میرے حکم کی خلاف
ورزی کرے گا اور دست درازی کرے گا تو
وہ قیامت کے دن یوم یوخذ بالنواصی
والاقدام کے عالم میں میرے
دامن سے وابستہ نہ رہ سکے گا اور میری صحبت
ومعیت سے محروم ہو جائے گا۔ تمام طالبین و
معتقدین نے اس قول کو سُنا تو اپنے اپنے ہاتھ روک
لئے اور اس آدمی کے ہاتھ پیر باندھ کر حضرت کے سامنے
پیش کیا۔ اسی وقت آپ نے حکم فرمایا کہ ایک
آئینہ لایا جائے۔ اس کے بعد آپ کے مجروح ہاتھ میں
ایک پاک صاف آئینہ دیا جاتا ہے۔ آپ پھول کی
طرح مسکراتے ہوئے
آئینہ کی طرف دیکھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اے جانوں کے
محبوب اور دلوں کے مطلوب میری جان اور دل تجھ پر فدا
اور قربان کیا تو کسوۃ الحمراء علامۃ العروس کے
لباس کو پہنا کر نظارہ کر رہا ہے؟

کنی چوں قضا من تو بریں نہج واقع است
پس رضائے ما ہم درآں مندرج است زہے
شوق و زہے ذوق و زہے فخر و زہے سربلندی
القصہ بارے آن وقت آں حضرت در حرم
سرائے عقب ارادی خود نزول فرمودہ از جا بجا
معالجان و جراحت بندان داشت درین
اثنا ناگاہ حاکم آن شہر خادمِ خانوادہ قادری
عبدالوہاب شحنۂ شہر را معہ موکلان عذاب و
جراحت بندان باصواب و معالجان صداقت مآب
درخدمت آں سرور فرستاد موکلان عقوب را اشارت
داد بتروی آن واجب القتل را معہ جمیع
توابعان و لواحق او بگونہ عذاب و عقاب
بصحرای عدم رسانید۔ چنین حکم فرمودہ کہ جراحت
آں سرور را بزودی ہرچہ تمام تر مرہم آرند و از
صداقت کمال زخم آں سرور مرہم بکار برند علی
السرع اطال التیام پذیرد چوں شحنہ
معلوم مع وکیلان مرقوم بر درگہ عالی
وارد شد بمجرد رسیدن آن واجب السیاست
را از ضرب سلاق و دکہنا و کشاکش کردن
گرفت ناگاہ در خانقاہ عالی شور عظیم
برخاست اند کہ ازیں واقعہ بسمع ہمایون آں
آں حضرت رسید از نزدیکانِ خود استفسار
فرمود پس فرستادن شحنہ و علاج پردازان
حاذق حاکم شہر من وعن معروض

جب تیری قضا اس نہج پر واقع ہے تو اسی میں
ہماری رضا و خوشنودی بھی ہے۔ زہے
شوق زہے ذوق زہے فخر، زہے سربلندی
حاصلِ کلام! اسی وقت آپ خود سے اپنے
حرام سرا کے پیچھے چلے گئے۔ جہاں پر طبیبوں اور زخم
پر پٹی باندھنے والے موجود تھے۔

اچانک اس درمیان اس شہر کا حاکم، خانوادۂ قادری
عبدالوہاب نامی شہر کے کتوال کو چند موکلان و
جراحت بندان اور معالجوں کے ساتھ آپ کی
خدمت میں روانہ کیا اور اس نے سزا دینے والے
موکلین کو حکم دیا کہ اس واجب القتل کو اور
اس کے پیروکار اور لواحقین کو قسم قسم کی سزائیں
دے کر صحرائے عدم میں پہنچا دیں نیز یہ حکم
بھی دیا کہ جتنا جلد ہو سکے مرہم کو کام میں لایا جائے
اور آں سرور کا زخم جلدی سکھا دیں، جب کوتوال
اپنے ساتھیوں کے ساتھ درگاہِ عالی میں حاضر ہوا
اور اس واجب السزا مجرم کو سلاخ اور قمچی
وغیرہ سے مارنا شروع کیا۔

اچانک خانقاہ عالیہ میں شور و غل بلند ہوا تو یہ
خبر حضرت کے گوشِ مبارک تک پہنچی۔ اپنے پاس
جو لوگ تھے ان سے آپ نے حالات دریافت فرمایا تو
معلوم ہوا کہ حاکم شہر کوتوال اور طبیب حاذق کو آپ
کی خدمت میں روانہ کیا ہے صرف یہ لفظ سننا ہی تھا
غصہ سے رخسار مبارک سرخ ہو گیا اور حاکم کے بارے میں

خدمت النوابیت پناہ داشتند بمجرد استماع
این حرف رخسارۂ مبارک از غصہ سرخ شد
و حاکم را بسیار سخت گفتن آغاز کرد و بدست
خادمے گفتہ فرستاد کہ ای فلان شنیدہ ام
کہ سحنۂ شہر را مع وکیلان عقاب کہ بر در من
فرستاد محض از پئے ایذای این جراح بیچارۂ
من است کہ تا مع توابعان او را بشہرستان
عدم رسانند زنہار ترا درمیان این کار آمدن
و دعوئ خون ما کردن چہ مناسب الحق دعوئ
خون پدر بر پسر واجب است و یا از کسے
اولیای مقتول ولتو از ینہا
نہ بہیچ وجہ در سلک قرابت منسلک نیستی
و نیز حکم فرمودۂ کہ این بیچارہ را مع عیال و اطفال و
با خاک یکسان کنند مگر کلام مجید نہ خواندۂ ولا تزر و
زمۃ وزر اخری زنہار فعل بکہ در یوم یوخذ بالنواصی
والاقدام مواخذ و معاتب باشی از توت بفعل میار خون
ناحق این بیگناہان بگردن خود مسپار۔ الحق خطائیکہ
از ان بیچارہ واقع شدہ سہو است نہ عمدا و چون گاہ گاہ
عارضہ از شوریدگی دماغ و خفقان دل پا و پیدا شدہ در آں
حال بے اختیاری چنیں امر ہائے شنیع از و واقع می شود و
مہرگاہ از چنیں کس در چنیں وقت چنیں امرہا صادر می گردد
در شرع شریف او را معذور میدارند کہ المجنون
مرفوع القلم پس آن نہادم بہمیں نوع برحکم فرمودہ
آن رحیم دل حلیم

سخت کلامی شروع کی اور اپنے ایک خادم کے ذریعہ
کہلا بھیجا کہ اے فلاں میں نے سنا ہے کہ تم
نے اپنے شہر کے کوتوال اور معاونین کو میرے
دروازے پر روانہ کیا ہے۔
اور محض میری تکلیف اور مجھ بےچارے
کے لیے یہ اقدام کیا ہے کہ مجرم کو اسکے خاندان کے ساتھ
قبرستان بھیج دے۔ تجھے اس معاملہ میں
ہمارے خون کے بدلے کا دعویٰ کرنے کا کیا حق ہے۔
حق تو یہ ہے کہ بیٹے پر اپنے باپ کے خون کا دعویٰ
کرنا واجب ہے یا مقتول کے کسی سرپرست کو
یہ استحقاق حاصل ہے۔
اور تو کسی طور پر میری قرابت سے منسلک اور وابستہ
نہیں ہے۔ اور تو نے یہ حکم بھی دیا ہے کہ اس کو اس کے
اہل و عیال کو مٹی برابر کر دے۔ کیا تو قرآن مجید
نہیں پڑھا ولا تزر وازرۃ وزر اخری ضرور بضرور جو
کام تو کرتا ہے قیامت کے دن یوم یوخذ بالنواصی والا
قدام کے تحت مواخذہ و عتاب میں مبتلا رہے گا لہذا
تو اپنی قوت و طاقت سے ایسا کام نہ کر کے ان بیگناہوں
کے خون ناحق کو اپنی گردن پر ڈالے۔ حق تو یہ ہے
کہ اس بےچارہ سے جو غلطی سرزد ہوتی ہے وہ بھول
کر ہوئی ہے نہ کہ جان بوجھ کر۔ کیوں کہ اس کے دماغ کی
شوریدگی اور دل کی گھبراہٹ سے یہ واقعہ پیش ہوا ہے
اور وہ اپنے اختیار سے باہر ہونے کی وجہ سے ایسے معاملے
اس سے ظاہر ہوتے ہیں۔ اور ایسے افراد کو شریعت بھی معذور
قرار دیتی ہے لہذا اس واقعہ کو میں المجنون مرفوع القلم
پر محمول کرتا ہوں اسی طرح آپ صاحب رحیم دل و حلیم کی

این تقریر پُر فصاحت بے کم وکاست
بحضور آں دولت مندا نموده از حلم آں سرور
و رضادادن بقضائے الٰہی بغایت تعجب
ماند بارے در اندیشۂ دور و دراز افتاد

پُر فصاحت تقریر کو بے کم وکاست اس حاکم تک پہنچا
دیا گیا۔ حضرت کی بردباری اور قضائے الٰہی سے آپ
کی خوشنودی کے اظہار سے خود حاکم حد درجہ تعجب
میں پڑ گیا اور ذہن سے سزا دینے کی بات کو نکال دیا۔

خوارقِ حیدریہ

حضرت شاہ کریم اللہ قادری علیہ الرحمۃ فرزندِ ارجمند حضرت شاہ حیدر ولی اللہ علیہ الرحمۂ کے خوارق سے ایک خارقہ کا مفہوم خیز ترجمہ ھدیۂ ناظرین ہے جس میں آپ کے ایک معتقد کا سکر کی حالت حملہ کرنے اور حضرت کا اس کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا تذکرہ ھے :

(ادارہ)

خارقہ بست و یکم

از خوارقات حضرت شاہ کریم اللہ قادری علیہ الرحمہ، میگویند کہ از خادمانِ ایشان شخصے بود عبدالقادر نام باعتقادِ تمام مقیم خدمت آنسرور بود چنان کہ خدمتِ مالیدن کیف کوکنار کہ خاصۂ آنحضرت را می بایست بحوالۂ او بود او ہم ازان کیف و از کیفہائے دیگر چنداں بکار می بود کہ در ہیچ آنے و ہیچ مکانے کسے او را چشم کشادہ ندیدے ہمہ وقت بکیف و صاحب سکر بودے فی الجملہ در کیف خود چناں مستغرق بودے کہ عشر عشیر

اکیسواں خارقہ

حضرت شاہ کریم اللہ قادری علیہ الرحمۃ کے خوارق سے کہتے ہیں کہ آپ کے خادموں میں عبدالقادر نامی ایک شخص پورے اعتقاد کے ساتھ آپ کی خدمت میں مقیم تھا۔ چناں چہ کوکنار کے (کھانسی کی ایک دوا) خمیر کو آپ کے بدن پر ملنے کی خدمت اس کے حوالے تھی اور یہ مالش حضرت کے عادات میں سے تھی۔ وہ خود بھی اس کیف اور دوسرے چند کیفیتوں کے استعمال کا عادی تھا۔ جس کی وجہ سے کوئی شخص کسی وقت اور کسی جگہ بھی اس کو کھلی آنکھ نہیں

از کار جہاں وجہانش خبر نبود۔

روزی اندیشۂ عاقبت دامن گیر شد مناجات چنین کردن گرفت کہ از خداوند شدید العقاب الیک المرجع والمآب سزاوارم بگونہ گونہ عذاب عہد خواہ تا الی الآن شیر و شکر نعمت خوردم ولیکن ہیات ہیات امر تو بجا نیاوردم عمرے در مناہی و ملاہی بسر بردم و بر طاعت و عبادت قیام نکردم نمی دانم عاقبت حال این مدبر کار چون است منزل کہ قبر است چہ عجب کہ از عذاب گوناگون است چوں ازین نوع در اندیشہ دُور و دراز افتادہ بود کہ با موی ژولیدہ بمجرد دوچار شدن۔ آن حضرت نیز تیز در و نظر کردن گرفت پس روی مبارک بسوے رفیقاں کردہ فرمود کہ ایں ہماں نیست جملہ گفتند آرے کہ ہماں واجب القتل است و او ہم شاہ را دیدہ بے اختیار نعرہ بلند کہ زہرۂ گردون ازان پارہ پارہ شدے برداشت و از شرمندگی عصیان و محنت زندان خود بہائے ہائے بگریست تا بحدیکہ دل مبارک آن حضرت بر حال او بسوخت بمجرد استماع زاری و نالہ او بے اختیار قدمے چند پیشتر شد و از دست مبارک خود کہ قائم ید اللہ فوق ایدیہم دست ناپاکش را گرفتہ ازان کدورات برشوید و اضطراب بساحل رسانید و او را ہمراہ خود

دیکھا اس لیے کہ وہ تمام وقت کیف وسکر کے عالم میں رہتا تھا اور وہ اپنے کیف وسکر میں اس طرح مستغرق رہتا تھا کہ دنیاوی معاملات کے عشر عشیر بھی اسے خبر نہیں رہتی تھی۔

ایک روز اُسے اپنی عاقبت میں سزا وعقوبت کا اندیشہ دامنگیر ہوا تو اس طرح مناجات کرنے لگا خداوند شدید العقاب الیک المرجع والمآب سے میں تیرے ہر قسم کے عذاب کا سزاوار ہوں اب تک ہر طرح تیری نعمت کھاتا آرہا ہوں لیکن افسوس کہ تیری کوئی فرمانبرداری بجا نہیں لایا۔ ساری عمر ناجائز کاموں اور کھیل کود میں بسر کیا۔ تیری طاعت وعبادت میں مصروف نہیں رہا، میں نہیں جانتا کہ میری کیا حالت ہوگی جب کہ ٹھکانہ قبر ہے۔ مختلف قسم کے عذاب ہوں گے اس پریشانی اور اندیشہ میں وہ پڑا ہوا بکھرے بالوں کے ساتھ تنہا حضرت سے دوچار ہوا اور حضرت کو گھور کر دیکھنے لگا۔ پس اپنے چہرۂ مبارک کو اپنے دوستوں کی طرف پھیر کر فرمایا کہ کیا یہ ایسا آدمی نہیں ہے؟ سب نے کہا ہاں ایسا آدمی واجب القتل ہے اور وہ بھی شاہ کو دیکھ کر ایسا نعرہ بلند کیا کہ آسمان کا پتہ پارہ پارہ ہوگیا۔ اپنے گناہوں کی شرمندگی اور قید ومشقت اور تکلیف کے احساس سے زار وقطار رونے لگا۔ یہاں تک کہ حضرت کا دلِ مبارک اس کی حالت کو دیکھ کر جل اٹھا۔ اور اس کی آہ وزاری ونالہ کو سن کر بے اختیار آپ چند قدم آگے بڑھے اور اپنے دست مبارک سے جو ید اللہ فوق ایدیہم کے قائم مقام تھا اس کے ناپاک ہاتھ کو تھاما اور ان ناپاکیوں کو دھو ڈالا اور اس کو پریشانی و

گرفتہ بانواع تفقد و تعہد بخانۂ آن میزبان بردہ بر سر
خوانے کہ بدآن حضرت ترتیب دادہ بودند نشانیدہ از
لقمہائے گوارندہ سیر گردانید۔ پس بعد از انواع تعہدات
کریمانہ و تفقداتِ مشفقانہ روا را چنیں فرمود کہ اے
فلاں مصلحت چناں می بینم دیگر دریں شہر فکر اقامت
خود نکنی و ناپائے داری ازینجا بگریزی ازیں جراحت کاری
کہ از دست تو بر تن ما ظاہر شدہ غالباً از ان دلہائے
معتقدان من از تیغ غیریت چاک چاک می شود جملہ
بر سر انتقام آمدہ تشنہ خون تواند چوں این بے چارہ
بدرگاہ دید کہ نسیم تلطف و تعہد از ان جانب می و
زد۔

زبانِ تمنا چنیں برکشاد کہ اے بخشندہ گناہگاران
عظیم ازیں ناپکار لئیم صادر شدہ عاقبت حال این مجرم
چون ست بعد از ان آن حضرت از زبانِ عاطفت بیان
چنیں فرمود کہ فلاں خاطر جمع دار کہ از سر خطائے تو شرعاً و
عرفاً درگذشتیم و بر حکم لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا
ترا از میان برداشتیم ولیکن چوں تو زخمی کہ برین تن
نازک ما کردہ غالباً وجود ہمایون ما بضعہ است از
وجود طٰہٰ و یٰسٓ و قطعہ لبیت از قطعۃ الکبد شاہ
محی الدین پس آن زخم تنہا بر وجود ما نیست بلکہ درین
جراحت ہر آئینہ نما وجود مبارک این صاحبانِ شریک

اضطراب سے نکال دیا اور اس کو اپنے ساتھ لے کر بڑی
نرمی اور مہربانی کے ساتھ اس میزبان کے گھر گئے جہاں کہ
دسترخوان کو خود حضرت نے اپنے ہاتھوں سے ترتیب دیا تھا،
اس کو بٹھایا اور مزیدار لقموں سے سیراب فرمایا۔ اس کے بعد
نہایت نرمی اور شفقت کے ساتھ آپ نے اس سے یوں فرمایا:
اے فلاں میں مصلحت اس میں دیکھتا ہوں کہ تو پھر اس شہر میں
بسنے کی فکر نہ کر اور یہاں سے ہمیشہ کے لیے کہیں چلے جا۔ یہ کاری زخم
جو تیرے ہاتھ سے ہمارے جسم پر ظاہر ہوا ہے غالباً اسے دیکھ کر
ہمارے معتقدین کا دل غیریت کی تلوار سے کہیں چاک چاک
ہو جائے اور تمام کے تمام انتقام کے درپے ہو کر تیرے خون
کے پیاسے ہو جائیں۔ جب یہ بے چارہ نرمی و مہربانی کے بادِ نسیم
کو آپ کی جانب سے چلتے ہوئے دیکھا

تو زبان تمنا اس طرح سے کھولی اے عظیم گناہگاروں
کو بخشنے والے اس نابکار نالائق سے جو کچھ صادر ہوا ہے
آخر کار یہ مجرم ایسے ہی رہے گا۔ اس کے بعد آپ نے نرمی کے
ساتھ یوں بیان فرمایا کہ اے فلاں اطمینان رکھو ہم نے شرعاً و
عرفاً تمہارے گناہوں کو بخش دیا ہے لن یصیبنا الا ما
کتب اللہ لنا کے حکم پر ہم تمہیں اس معاملہ میں معذور سمجھتے
ہیں لیکن جو زخم کہ تم نے ہمارے جسم نازک پر کیا ہے ہمارا
مبارک وجود طٰہٰ و یٰسٓ کے وجود کا ایک حصہ ہے شاہ محی الدین
کے جگر کا ایک حصہ ہے پس وہ زخم صرف ہمارے جسم پر ہی نہیں
ہوا ہے بلکہ یہ زخم ہمارے ساتھ ساتھ مذکورہ صاحبان کے جسم پر بھی

وسہیم است چنان چہ تو گناہ وجراح ایشان ہستی پس اندیشہ بخاطر راہ مداہ کہ در روز آن زلزلۃ الساعۃ شئ عظیمہ ازبرائے عفو تو ایشان درخواست کنم وترا از چنگ عقوبت آن روزہای رہایم بعدازیں گفتگو آں معصوب بدرگاہ سجدہ رسانیدہ ہمو نوقت از آن شہر غربت گزید ومنت سفر بر راحت اختیار نمود قریہ وقریہ قصبہ وقصبہ میگردید۔

دریں اثنا زمانہ از وبرگشت دستِ ناپاکش را بجراحت تبت یدا ابی لھب مجروح ساخت و ستے کہ شاہرا ازاں مجروح کردہ بود درمیان کف او ریش سخت ومولم پیدا ست ہرچند کہ در علاج آن کوشیدہ روز بروز جراحتش زیادہ می شد تا کہ از دست تجاوز کردہ بہ بیند وبست تا آرنج پُر از کرم کہ غیر از کرم واستخوان نشانے از گوشت وپوست نبود طاقت درد آں نیا ورد کارد بر شکم دریدن ہمایوں مرغ روح پر بدن ہماں شنیدہ شد کہ مرض آخرین بر آن حضرت سخت دشوار بود چناں کہ ریشہ در شکم مبارک پیدا شدہ بود آن حضرت بغایت ازان ملول ورنجور بود چناں کہ اثر رنج وملال آن صاحب محنت کش در نزدیکان او تاثیر کردہ بود بہر یکے از جان ودل میگفت اے خاک بر ایں چشمے کہ چنین تنِ نازک در

ہوا ہے لہٰذا تو ان لوگوں کو بھی مجروح کرنے کا گنہ گار ہے لیکن خوفزدہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔ زلزلۃ الساعۃ شئ عظیم کے روز تیرے خاطر ان حضرات سے میں عفو کی درخواست کروں گا اور تمہیں عقوبت کے چنگل سے رہا کروں گا۔ اس گفتگو کے بعد وہ مرد نیک خلقت آپ کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہوا اور اسی وقت اس شہر سے مسافرت شروع کی اور سفر کی تکالیف کو راحت پر محمول کرتے ہوئے قریہ قریہ اور قصبہ قصبہ گھومتا رہا۔

انہیں دنوں میں زمانہ اس کے ناموافق اور نامساعد ہوا اور اس کا ناپاک ہاتھ تبت یدا ابی لھب کے بمصداق مجروح ہوا اور وہ ہاتھ جس سے اس نے شاہ کو مجروح کیا تھا اس کی ہتھیلی کے درمیان ایک زخم ابھرا جس میں سخت قسم کی تکلیف ہو رہی تھی اور مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ وہ زخم ہتھیلی سے تجاوز کرتے ہوئے کلائی سے بازو تک کیڑوں سے بھر گیا۔ سوائے کیڑے اور ہڈے کے گوشت وپوست کا کوئی نشان باقی نہ رہا اور اس میں برداشت کرنے کی قوت نہیں تھی۔ ایک چاقو سے اپنے پیٹ پر مارا سینہ سے ناف تک پیٹ کو چیر ڈالا مرغ روح بدن سے پرواز کر گیا۔ اس طرح سُنا گیا کہ آپ پر آخریں مرض بہت ہی سخت ودشوار گزرا۔ چناں کہ ایک زخم آپ کے شکم مبارک پر ظاہر ہوا۔ تھا اور حضرت اس سے نہایت ہی ملول وپریشان تھے

درجبین کلاں وملال بیند۔ قضارا
درآن وقت درویشے یکے مقیمان خانقاہ عالی طوطی
درقفس کردہ پرورش می کرد وسخن می آموخت واو
ہم بانواع نو آواز درقفس غلغلہ وفرح میکرد۔
قضارا درعین شورش راغلغلہ او درگوش آمد بمجرد
استماع آن غلغلہ آثار بشاشت وبہجت برخسارۂ
مبارک پیداشد ومی گفت اے حاضران بدانید در
آگاہ باشید کہ الحال مابدین طوطی محبوس می مانیم ہر
گاہ کہ او را از قفس رہای کنند غیر از گلستان و
باغستان آرام نخواہد یافت ودر انجا باہم نفسان خود
شاخ بشاخ درخت بدرخت خواہند خرامید و
غلغلہ کنان گشت خواہند کرد وچوں فقیر ہم دراین
قفسِ تن چوں طوطی محبوس گرفتار است انشاء اللہ تعالیٰ
تا این وقت طوطی روح ما از قفسِ تن خلاصی ورہائی
خواہند یافت واز گلستان ولہٗ فیہا من کل الثمرات و
میوہائے خوش مزہ خواہند خرید واز جوئی بار فیہا انہار
من ماء غیرآ من شربت آب خواہند نوشید۔

جہاں چہ آپ کے رنج وملال کا اثر آپ کے معتقدین میں
اثر کرنے لگا ہر ایک جان ودل سے کہنے لگے ماٹی ملے
یہ آنکھ ایسے تن نازک کو اس طرح رنج وملال میں دیکھے
اتفاق سے اس وقت ایک درویش آپ کی خانقاہ عالی میں
سکونت پذیر تھے وہ ایک طوطے کو پنجرہ میں بند کرکے پال
رہے تھے اور اُسے بات چیت سکھایا تھا اور وہ کبھی قسم قسم
کی نئی آواز سے پنجرہ میں شور وشر کررہا تھا۔ اتفاق سے عین
موقعہ پر آپکے کان میں اس کی آواز پڑی اس آواز کے سنتے
ہی آپکے رخسار مبارک پر بشاشت وخوشی کے آثار نمایاں ہوئے
اور فرمایا کہ: اے مجلس والو! جانو اور آگاہ ہوجاؤ کہ فی الحال
ہم اس طوطی کی طرح محبوس ہیں جب کہ اس کو اس پنجرہ سے
رہا کردیا جائے گا تو سوائے گلستان اور بوستان کے وہ آرام
پائے گا اور اس جگہ ہم نفسوں کے ساتھ شاخ بشاخ درخت
بدرخت گھوم پھرے گا اور شور مچاتے ہوئے سیر کرتا رہے گا
اور فقیر بھی اس تن کے قفس میں طوطی کی طرح محبوس ر
گرفتار ہے ان شاء اللہ تعالیٰ جب کہ یہ ہماری طوطی روح
تن کے پنجرہ سے رہا پائے گا اور ولہٗ فیہا من کل الثمرات
کے باغ سے خوش مزہ میوے کھائے گا اور فیہا
انہار من ماء غیر آسن کہ جوئے بار سے پانی پئے گا۔

خوارق حیدریہ

حضرت شاہ کریم اللہ قادری علیہ الرحمہ کے فرزند ارجمند حضرت شاہ حیدر ولی اللہ علیہ الرحمہ کے خوارق سے آخری خارقہ کا مفہوم خیز ترجمہ ہدیۂ ناظرین ہے جس میں آپ کے ایک متعقد کا سکر کی حالت میں حملہ کرنے کے بعد اس زخم کا سندمل ہوجانا اور اس پر ترس کھانے کا تذکرہ بیان کیا گیا ھے ـــ

ادارہ

خارقہ من خوارقات حضرت شاہ کریم اللہ قادری روح اللہ روحہ واوصل الینا فتوحہ

روزے در مجلسِ آخر خود بحضور خادمان چنین فرمود کہ اولیائے حق سبحانہٗ تعالیٰ را ہرگز موت نیست و نباشد چنان چہ بعضے عوام را گمہ اگر ایشاں کارے راہِ حیات سیرولی نیست بلکہ در اندک مدت بر بہانہ ہمیں جراحت سخت بعالم بقا خواہند خرامید پس بمجرد رسیدن آں حضرت بعالم قدس چنان چہ دانم نتوانم آں مقام خود از و حاصل کنم و وجود ناپاکش پارہ پارہ گردانم کہ تا ہیچ فردے دست بخونِ بزرگان دراز نہ کند۔ القصہ آن جازم از قصد و نیت آن امیرۂ سعیدہ آگاہ گشتہ کما حقہٗ ابن بو اقعی در خدمتِ آں حضرت مفصلاً

ایک روز اپنی دوسری مجلس آپ اپنے خادموں سے اس طرح خطاب فرمایا کہ اللہ کے دوستوں کو کبھی موت نہیں آتی، چناں چہ بعض لوگ جنھیں راہ حیات کے کاموں میں کوئی چلن نہیں ہے بلکہ اس شدید زخم کے بہانے عالم بقا کی جانب سیر کرتے پھرتے ہیں۔ اور عالم قدس جہاں اس کے ذریعہ میں اپنے آپ کو نہ پہنچا سکوں یہ میں جانتا ہوں اور اس کو وجود ناپاک کو بارہ پارہ کردوں تاکہ کوئی آدمی اس کے بعد بزرگوں کی جانب اپنا ہاتھ نہ بڑھائے، القصہ اسی وقت اس امر سعید (جس کا تذکرہ پچھلے خارقہ میں ہوا ہے) کے ارادے اور نیت

ومتبسّماً بیان نمود تبسّم کناں حسین فرمودای
ہم جلیسان

ای ہم جلیسان خالص و ای معتقدانِ
صادق بہ یقین بدانید و آگاہ باشید زخمہا
بر تنِ نازک ما رسیدہ عجبے نیست کہ حکیم محکم
و قضائے مبرم بذاتِ آں را بہانہ ساختہ
ارجعی الیٰ ربك راضیۃ ومرضیہ در
حلق وقتِ ما خواہد ریخت و مکنون دلے و منویہ
ضمیر این امیر خیان ست کہ بمجرد اصولِ ما
بعالم بقا ایں جراح بے چارہ مارا از انتقام
بمنزلِ عدم رسانم بس علی رغم آیند و بمنند
ورایں جراحت کارے کہ بہ ہیچ نوع التیام
پذیرفتی نیست فانما لبروفق قصدِ باطل او
ہر آئینہ فقیر بعالم بقا رجوع کردن نیستم بعد
از قدرے لعاب از دہنِ مبارک خود گرفتہ
بریں چسپانیدن۔ گرفت تاکہ بجائے مرہم
ہماں لعاب بکار بردے۔

قضارا در اندک مدت آں چناں
زخمہا کاری فراہم آمدن گرفت و عضوہائے
بریدہ و رگہائے گسستہ بہم پیوستن آغاز
کرد مانہ بکلی التیام پذیرفت و از مرہم
لعابِ مبارکِ خود بہ تمام و کمال صحت و
عافیتے روزے خود یافت بس روزے غسل

آپ آگاہ ہوئے اور لوگوں نے کماحقہٗ تمام
وتفصیلات حضرت کی خدمت میں پیش کیے
تو حضرت نے مسکراتے ہوئے فرمایا ـــــ

اے مخلص ساتھیو و معتقدانِ صادق
یہ یقین جانو اور آگاہ ہو جاؤ۔ ہمارے نازک جسم
پر جو زخم لگے ہیں اس میں تعجب نہیں کیوں کہ
حکیم محکم وقضائے مبرم کو ہماری ذات کے ساتھ
بہانہ بناکر ارجعی الی ربك راضیۃ ومرضیۃ
کے شراب بشکل ہمارے حلق میں اتاریں گے
اور اس امیر کی دلی خواہش بھی یہی ہے کہ ہم
عالم بقا کو پہنچ جائیں تو اس بے چارے جو
زخم کیا تھا کو انتقام کے ذریعہ بمنزلِ عدم
پہنچا دے اور اس امیر کا دعویٰ کہ ہمارا یہ زخم
کبھی بھر نہیں سکتا، یہ اس کا خام خیال ہے
ہمیں عالم بقا کی طرف رجوع مقصود نہیں
اس کے بعد اپنے دہنِ مبارک سے لعاب
نکال کر زخم پر لگا دیے اور لعاب مرہم کا کام
کرتا رہا۔

قضارا چند دنوں میں وہ کاری زخم
مندمل ہونا شروع ہوا۔ پھٹا ہوا عضو اور
ٹوٹے ہوئے رگ آپس میں جڑنا شروع
ہو گئے اور بہت جلد زخم سوکھ گئے۔ آپ
کے لعابِ مبارک کے مرہم سے خود بخود پوری
صحت و عافیت چند دنوں میں مل گئی۔ ایک

از صحت بجا آورده جامہائے پاک پوشیده شکرانہ
آں جشن و ضیافتے کریمانہ مہیا نمود و بہ ضعیفان
و محتاجان نعمتے بسیار ایثار فرمود

ہمچناں ہر روزے ہر خادمے و معتقدے
بقدر وسع و طاقت خویش آں حضرت را
بوثاق خود برده از انواع طعامہا خوانہا می
کشیدند اتفاقاً دریں اثنا آں معتقد خفی
و جلی ولی نام طالبِ خاص آں حضرت از
صحبت از سرور بغایتِ مبہوج و مسرور
شده خوانِ عظیم مہیا و آماده نموده - آں حضرت
را استدعا داد - قضا را راہے کہ بخانہ باید
رفت از پایش او بخوانہ کہ جراح شوریده
آں حضرت را در آں کرده بودند واقع بود
چوں بہ نزدیک او بجا رسید جراح واجب
القتل خود را دید در روزن زندان نشستہ
و رشتۂ امیدِ رہائی از ہم گسستہ علی درسپ
د ہاشنیده ناگاه ہم دریں اثنا خواب بر او
غلبہ کرد او را از در ربود ناگاه در ہمیں حال دید
کہ شاہ شاہاں ہادی گمرہاں در پیش چشمش حاضر
آمده می گوید قادرا از غم عاقبت مشو نژند یک
ایں بیت خوش بخواں از بر - من بوستانِ سعدی
علیہ الرحمہ : نماند بعصیاں کسے در گرو
کہ دارد چنیں سید پیش رو

روز غسلِ صحت فرما کر پاک کپڑے زیب تن کئے
اور شکرانے کا جشن اور ضیافت کریمانہ
مہیا فرمایا اور غریبوں اور محتاجوں کو بہت کچھ
نوزا۔

اسی طرح ہر روز کوئی خادم یا کوئی معتقد
اپنی وسعت کے قابل اپنے اپنے گھروں میں دسترخوان
بچھاتا رہا۔ اتفاق سے اس اثنا میں آپ کا معتقد
خاص طالب ولی نامی جو کہ آپ کی صحت سے
نہایت ہی مسرور اور شادماں تھا اپنے گھر ایک
عظیم دسترخوان بچھایا۔ اور حضرت کو مدعو کیا۔
جس راستے سے معتقد ولی کے گھر جانا تھا اس سے
کچھ پہلے جگہ اس زخم کرنے والے کو مقید کر رکھا گیا
تھا۔ جب حضرت کا گزر ادھر سے ہوا تو وہ
واجب القتل جراح کو قید خانے کے دروازے پہ
ٹوٹی ہوئی امیدوں کے ساتھ بیٹھا ہوا پایا
اچانک اس اثنا میں اس پر نیند غالب
آگئی اور سب بھول کر سو گیا۔ ویسی حالت میں
خواب میں دیکھا کہ شاہ شاہان، ہادی گمرہان
اس کے سامنے حاضر ہو کر فرماتے ہیں:
اے قادر! عاقبت کے غم سے نڈھال
نہ ہو بلکہ اس شعر کو ازبر کر لے جو بوستانِ سعدی
سے ہے۔۔

گناہ کے سبب سے وہ شخص گرفتار نہ ہوگا
جو ایسے سردار کو اپنا پیشوا رکھتا ہو ۔۔